ملکی معاشیات سے سود کے خاتمے اور متبادل نظام کے لیے ایک صدارتی حکم نامہ کے ذریعے اسلامی نظریاتی کونسل کو یہ ہدایت ہوئی جس میں اسلامی نظریاتی کونسل کی یہ ذمہ داری سونپی گئی کہ وہ ملک میں سود سے پاک معاشی نظام کا خاکہ تیار کرے۔ اور یہ اعلان کر دیا گیا کہ تین سال کے بعد پاکستان میں سود کا لینا اور دینا قطعاً ممنوع ہو گا۔ مزید برآں تحدید وقت سے متعلق اس اعلان کو آئین پاکستان میں اس ترمیم کے ذریعے آئینی حیثیت بھی دے دی گئی جس میں کہا گیا کہ مالی امور سے تعلق رکھنے والے قوانین آئندہ صرف تین سال تک شرعی عدالتوں کے اختیارات سماعت سے باہر رہیں گے۔(9) اسلامی نظریاتی کونسل نے اپنی تشکیلِ نو کے فوراً بعد ستمبر ۱۹۷۷ء کو صدر پاکستان نے اسلامی نظریاتی کونسل کو بلا سود نظام معاشیات کے لیے ایک خاکہ بنانے کے لیے کہا۔ نومبر ۱۹۷۷ء میں اسلامی نظریاتی کونسل نے بنکرز اور ماہرین معاشیات کا ایک پینل مقرر کیا تاکہ اپنی سفارشات تیار کرے۔ ماہرین بنک پر مشتمل اراکین نے ایک ذیلی کمیٹی بنائی جو تجارتی بنکنگ کے بارے میں طریقہ کار بنائے اور اس ذیلی کمیٹی نے جنوری ۱۹۷۸ء کو اپنی رپورٹ دے دی۔ فروری ۱۹۸۰ء میں پینل نے اپنی مکمل رپورٹ اسلامی نظریاتی کونسل کو دے دی جسے کچھ ترمیمات کے بعد جون ۱۹۸۰ء میں کونسل نے منظور کر لیا۔ اپریل ۱۹۷۹ء میں بنک دولت پاکستان نے چھ ورکنگ گروپ قائم کیے تاکہ معاملہ کا جائزہ لے کر تمام معیشت کو سود سے پاک کرنے کی تجاویز دیں جو انہوں نے دسمبر ۱۹۷۹ء میں دے دیں۔ قومی تجارتی بنکوں میں بلا سود بنکاری کے نظام کو نافذ کرنے کے لیے پاکستان بنکنگ کونسل نے ایک اعلیٰ ٹاسک فورس قائم کی جس نے اپنی رپورٹ ۱۹۸۰ء میں دے دی۔

(9) اسلامی نظریاتی کونسل، **رپورٹ بلاسود بنکاری**، ادارہ تحقیقات اسلامی پریس، اسلام آباد، ۱۹۸۸ء، ص ۱۰۔

ان تیاریوں کے بعد تمام قومیائے گئے تجارتی بنکوں کی ۷۰۰۰ شاخوں نے یکم جنوری ۱۹۸۱ کو نفع ونقصان کی بنیاد پر کھاتے کھول کر مختلف رقوم جمع کرنی شروع کر دیں۔ یہ دن بنکنگ کی تاریخ کا یادگار دن رہا اس تبدیلی کا مقصد صرف طریقہ کار کی تبدیلی نہیں تھا بلکہ معاشی نظام کی تبدیلی تھی، نفع ونقصان کے کھاتوں پر جون ۱۹۸۴ء تک بنکوں نے ۲۲۰۰۰ ملین روپے جمع کیے جو اس بات کی دلیل تھی کہ لوگ اس نظام پر اعتماد کرتے ہیں۔ جون ۱۹۸۴ء کو وزیر خزانہ نے اپنی بجٹ کی تقریر میں سودی نظام کے خاتمے کے ٹائم ٹیبل کا اعلان کیا، بنک دولت پاکستان نے بنکنگ کمپنیز آرڈیننس ۱۹۶۲ء کے تحت شعبہ بنک کنٹرول کے ذریعے ۲۰ جون ۱۹۸۴ء کو ہدایات جاری کیں۔

نفع ونقصان کے شراکتی کھاتوں سے جمع ہونے والے فنڈ کے استعمال کے لیے بنک دولت پاکستان نے وقتاً فوقتاً درج ذیل ہدایات جاری کیں:

جنوری ۱۹۸۱ء میں (سرکلر نمبر ۲۶ بنکنگ کنٹرول ڈیپارڈمنٹ ۲۴ دسمبر ۱۹۸۰ء)

۳. اجناس کی خریداری کے لیے استعمال مرکزی یا صوبائی حکومت
۴. ایکسپورٹ بل جو کہ لیٹر آف کریڈٹ کی خریداری کے لیے
۵. سٹاک شئیر کی خریداری، این آئی ٹی، آسی پی یا ٹرم فنانس سرٹیفکیٹ
۶. ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن کے لیے مارچ ۱۹۸۱ء میں
۷. اندرون ملک بل بالمقابل لیٹر آف کریڈٹ خریداری / فروخت
۸. ٹریڈنگ کے لیے مالیاتی رائس ایکسپورٹ کارپوریشن، کاٹن ایکسپورٹ کارپوریشن، ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان
۹. درآمدات کے بل، لیٹر آف کریڈٹ کے تحت جولائی ۱۹۸۲ء میں مشارکہ (شراکتی نفع ونقصان کے لیے) لیزنگ کے لیے۔ کرایہ وہ خرید کے کاروبار کے لیے۔ نومبر ۱۹۸۲ء میں مضاربہ سرٹیفکیٹ میں سرمایہ کاری
۱۰. انسداد سود میں اعلیٰ عدلیہ کا کردار

بعد ازاں ۱۹۷۷ء کے بعد عدالت ہائے عالیہ میں شریعت بنچ قائم کئے گئے جو کہ بعد میں ختم کر کے ان کی جگہ وفاقی شرعی عدالت قائم کی گئی جسے یہ اختیار دیا گیا کہ وہ اسلامی شریعت سے متصادم قوانین کو تصادم کی حد تک کالعدم قرار دے۔ وفاقی شرعی عدالت کے فیصلے کے خلاف جب سپریم کورٹ میں اپیل کی جاتی ہے تو اس کی

سماعت کے لئے خصوصی شرعت اپیلیٹ بنچ قائم کی گئی ہے۔وفاقی شرعی عدالت اور شریعت اپیلیٹ بنچ دونوں میں علماء جج بھی تعینات کئے جاتے ہیں۔ابتداء (۱۹۸۰ء)میں وفاقی شرعی عدالت کے دائرہ اختیار سے مندرجہ ذیل چار قسم کے قوانین خارج کر دیے گئے:

أ. دستور

ب. عدالتوں کے طریق کار سے متعلق قوانین

ج. مسلم شخصی قوانین

د. مالیاتی امور سے متعلق قوانین

ان قوانین کو وفاقی شرعی عدالت کے دائرہ اختیار سے خارج کرنا محض ایک انتظامی فیصلہ تھا، جس سے مراد ہر گز یہ نہیں کہ یہ قوانین شریعت پر بالادست ہیں۔ مالیاتی امور سے متعلق قوانین کو ابتداء میں ۲ سال پھر ۵ سال اور پھر ۱۰ سال کے لئے وفاقی شرعی عدالت کے دائرہ سماعت سے باہر رکھا گیا۔یہ مدت ۱۹۹۰ء میں پوری ہو چکی ہے۔اس لئے عدالت اب ان قوانین کا جائزہ لے سکتی ہے۔سود ایک معاشی ناسور ہے جس کی حرمت قرآن وسنت میں بڑی صراحت کے ساتھ بیان کی گئی ہے۔ وفاقی شرعی عدالت اور عدالت عظمیٰ کے شریعت اپیلٹ بینچ سنہ ۱۹۷۹ء کے آئینِ پاکستان کے باب A-3 کے تحت وجود میں آئے،تاہم اس کے دائرہ کار کو آرٹیکل 203-B کے تحت محدود کر دیا گیا۔

> It cannot examine the constitution, Muslims personal law, any law relating to the procedure of the court or tribunal or any fiscal law or any law relating to levy and collection of taxes and fees or banking insurance practice or procedure.

ابتداً مالیاتی قوانین کو تین سال کے لیے وفاقی شرعی عدالت کے دائرہ سماعت سے خارج کیا گیا پھر تین مختلف اوقات میں ۱۹۹۰ء تک توسیع کی جاتی رہی۔عام طور پر وفاقی شرعی عدالت حدود قوانین کے خلاف اپیلوں کی سماعت تو کرتی رہی لیکن شریعہ درخواستوں کو زیادہ درخور اعتناء نہیں سمجھا گیا۔اس لیے اکثر درخواستیں زیر التواء ہی رہیں۔جن امور مثلاً مالی قوانین، بینکاری، انشورنس قوانین اور ضابطے کے قوانین وغیرہ کو دائرہ سماعت سے ایک مختصر مدت کے لیے خارج کیا گیا تھا جب وہ مدت ختم ہو گئی تو وفاقی شرعی عدالت کے سامنے ایک بڑا چیلنج یہ تھا کہ اب ان کا جائزہ لے کر ان کی شرعی حیثیت کا تعین کرے۔۱۹۹۰ء جب یہ پابندی ختم ہوئی تو ۱۱۵ مختلف

درخواستوں میں ۲۰ کے قریب ایسے قوانین کو چیلنج کیا گیا جن میں سودی لین دین کا ذکر تھا۔اس عرصہ میں وفاقی شرعی عدالت نے شرعی اصولوں کی روشنی میں بعض قوانین مثلاً سی ڈی اے ایکٹ، سروس سے متعلق قوانین، سندھ کوآپریٹو ہاؤسنگ اتھارٹی آرڈیننس، پریس اینڈ پبلیکیشنز آرڈیننس، زکوٰۃ وعشر آرڈیننس، پنجاب لوکل گورنمنٹ آرڈیننس، پاکستان آرمی ایکٹ اور وقف لینڈ ریفارمز ریگولیشنز وغیرہ۔بنک کے سود سے متعلق درخواست (پٹیشن) ۱۹۹۰ء میں دی گئی جس کا وفاقی شرعی عدالت نے ۱۴ نومبر ۱۹۹۱ء کو فیصلہ دے دیا، لیکن اس کے خلاف ۱۹۹۰ء کے اوائل میں عدالت عظمیٰ کے شریعت ایپلٹ بینچ میں اپیل کر دی گئی جو کہ ۱۹۹۹ء تک زیر التوا رہی۔

وفاقی شرعی عدالت کے فیصلے کے اہم نکات

۲۶ جون ۱۹۹۰ء کو جب وفاقی شرعی عدالت کو مالیاتی قوانین کا جائزہ لینے کا اختیار سماعت مل گیا تو وفاقی شرعی عدالت میں سود کے خلاف ۱۱۵ درخواستیں (شریعت پیٹیشنز) دائر کی گئیں اور تین از خود نوٹس لیے گئے۔ان درخواستوں میں متعدد مالیاتی قوانین میں انٹرسٹ سے متعلق دفعات کو قرآن وسنت سے منافی ہونے کی وجہ سے چیلنج کیا گیا۔ان تمام درخواستوں کو عدالت نے یکجا کر کے سود کے ناجائز ہونے کا فیصلہ دیا۔ابتداء میں عدالت نے سود سے متعلق سوالنامہ (10) تیار کیا جو جید علمائے کرام، ماہرینِ اقتصادیات وبینکاری کو ارسال کیا گیا۔عدالت نے معروف وکلاء، اسکالرز اور علما کا نقطہ نظر اسلام آباد اور کراچی رجسٹری میں سنا۔

---

(10) سوالنامہ میں مندرجہ ذیل سوالات پوچھے گئے:

اُ. قرآن وسنت کی روشنی میں ربا کی تعریف کیا ہے، موجودہ دور میں جو مالی لین دین ہوتا ہے اس میں آیا سودِ مفرد ہے یا مرکب؟ آیا اس پر ربا کا اطلاق ہوتا ہے؟

ب. اگر بلا سود بینکاری کا آغاز کیا جائے تو اسلامی احکام کے مطابق اس کی عملی شکل کیا ہوگی؟
(i) حکومت قومی ضروریات کے لیے جو قرضے لیتی ہے اور اس پر جو انٹرسٹ دیتی ہے کیا اسے بھی ربا کہا جائے گا؟
(ii) اگر بنک مختلف ضروریات کے لیے بلا سود قرض دے تو اس کے متبادل کیا صورتیں تجویز کی جاسکتی ہیں؟

ت. اسلامی احکام کی روشنی میں نجی اور سرکاری شعبے میں چلنے والے بنکوں سودی لین دین کے حوالے سے کوئی فرق کیا جاسکتا ہے؟

ث. (i) اسلامی احکام کی روشنی میں سرمائے کو عامل پیدائش مان کر اس کے استعمال پر اجرت لی جاسکتی ہے؟
(ii) آیا افراط زر کا قرضوں کی ادائیگی پر کوئی اثر مرتب ہوگا جبکہ وہ قرض کرنسی کی قیمت کم ہونے سے پہلے لیا گیا ہو؟
(iii) افراط زر کی وجہ سے عام اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ یا سونے کی قیمت میں اضافے کا قرض رقم پر کوئی اثر مرتب ہوگا؟

ج. موجودہ دور میں سود پر مبنی بینکاری کی سہولت حاصل کیے بغیر اندرون اور بیرون ملک تجارت کی متبادل صورتیں کیا ہوسکتی ہیں؟

دلائل

منصور احمد ایڈوکیٹ نے پاکستان بنکنگ ڈیلیگیشن کی طرف سے ایک تحریری رپورٹ بھی عدالت میں جمع کراوئی جس میں نیشنل بنک آف پاکستان کے ڈاکٹر نسیم احمد، ڈاکٹر سید ریاض الحسن گیلانی (ڈپٹی اٹانی جنرل حکومت پاکستان)، عبداللطیف جائنٹ سیکرٹری کمپنی لا حکومتِ پاکستان، صفوان اللہ سینئر ایگزیکٹیو نائب صدر بنکرز ایکویٹی لمیٹڈ۔ اس وفد کو حکومت پاکستان کی طرف سے مختلف مسلمان ممالک میں اس غرض کے لیے بھیجا گیا تھا کہ ان کے نظام بینکاری اور نظام مالیات کا تفصیلی جائزہ لے کر ایک رپورٹ پیش کرے۔ منصور احمد ایڈوکیٹ نے اس وفد کے ممبر کی حیثیت سے دلائل دیے اور اپنا موقف پیش کیا۔ ان کے علاوہ دیگر اسکالرز/وکلا/علماء/ ماہرین اقتصادیات وبینکاری کا موقف اور دلائل حسب ذیل ہیں:

نمبر شمار	سکالرز/وکلا/علماء/ماہرین اقتصادیات وبینکاری	موقف اور دلائل
	جناب منصور احمد ایڈوکیٹ	The Bank interest is banned in Islam, the Bank may, however, run their business on profit/loss sharing or *Muḍārabah* ... Almost all the Muslim economists and scholars whom the delegation met were of the view that "time-related fixed monetary return on a loan, however, conceived or planned, falls to be considered as *Ribā* prohibited in Islam"

ح. دو مسلمان ممالک یا مسلم اور غیر مسلم کے درمیان سودی لین دین جائز ہے یا نہیں؟

خ. سود کے بغیر بیمہ کے کاروبار کو جاری رکھنا ممکن ہے یا نہیں؟

د. وہ منافع جو پراویڈینٹ فنڈ پر حاصل ہوتا ہے کیا وہ ربا ہے؟

ذ. پرائیز بانڈ پر جو پرائیز کی رقم ملتی ہے، سیونگ اکاونٹ میں جو اضافی رقم ملتی ہے یا اسی طرح کی دیگر اسکیموں پر جو رقم ملتی ہے کیا وہ بھی ربا ہے؟

ر. کیا اسلامی قانون کے تحت تجارتی اور صرفی قرضوں میں کوئی اس طرح کا فرق ہے کہ تجارتی قرضوں پر انٹرسٹ لیا جا سکتا ہو جب کہ شخصی حاجات کے لیے لیے گئے قرضوں پر منافع یا انٹرسٹ نہ لیا جا سکتا ہو۔

ز. اگر سود کو مکمل طور پر ختم کر دیا جائے تو اسلام کے مالیاتی نظام میں وہ کون سے عوامل اور محرکات ہیں جن کی بنیاد پر لوگ بچت کریں گے اور ان بچتوں کو کسی معاشی سرگرمی میں لگائیں گے؟

س. کیا اسلامی ریاست زکوٰۃ و عشر کے علاوہ ٹیکسز لگا سکتی ہے؟

	خادم حسین صدیقی[11]	Bank interest comes within the definition of *Ribā* and is banned in Islam in whatever from or for whatever from or for whatever purpose it may be. There is no difference between the consumption loans and productive loans so far as the prohibition of interest in Islam is concerned. He suggested that Merchant Banking is the alternate for the interest free banking system. He further submitted that *Mushārakah* and *Muḍārabah* are workable systems for interest-free banking. He was of the firm view that the interest should be abolished in one-go-
	ڈاکٹر حسن الزمان[12]	*Ribā* (Interest) is prohibited in Islam in all its forms or purposes. Interest-free banking can be established on the basis of *Mushārakah* and *Muḍārabah*.
	ڈاکٹر محمد عزیر[13]	سود مفرد ہو یا مرکب اس کی حرمت پر اجماع ہے، انٹرسٹ اور یویری میں فرق مغربی دانشوروں کی مغالطہ انگیزی کے سوا کچھ نہیں ہے۔ موجودہ بینکاری نظام کو مشارکہ اور مضاربہ پر استوار کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے بچتوں میں کمی اور افراط زر جیسے مسائل سے نمٹنے کے لیے حل بھی تجویز کیے ۔
	ڈاکٹر فیض محمد[14]	Interest is prohibited in all its forms and that usury and interest are one and the same thing. He related the history of Jew merchants who first started charging interest in the western countries in sixteenth century and developed the modern interest bearing capitalistic system. He further enunciated that *Ribā*. In any form it may, is prohibited and all bond schemes wine under *Ribā*. He, however, submitted that some *Ulamā'* or Pakistan were in favour of Prize Bond scheme but when their function was explained to them, they retracted from their earlier view.

عدالت نے تمام درخواست گزاروں کے موقف کو بذریعہ وکیل یا براہ راست سنا ان تمام افراد کا موقف یہ تھا کہ اسلام میں بنک انٹرسٹ حرام ہے، زیادہ تر استدلال قرآن کی آیت نمبر ۲: ۲۷۵۔۲۷۸ اور بعض عدالتی فیصلوں سے کیا گیا۔ ان آیات کریمہ میں سود کی واضح حرمت کا ذکر ہے اور ان عدالتی فیصلوں[15] میں بھی سود کو قرآن و سنت کی تعلیمات کے منافی قرار دیا گیا ہے۔

---

(11) جناب خادم حسین صدیقی معروف بنکار سابق صدر الائیڈ بنک آف پاکستان تھے اور آپ اسلامی نظریاتی کونسل کی تشکیل کردہ اس کمیٹی کے ممبر بھی رہ چکے ہیں جس کا کام ملک سے سودی نظام کے خاتمے کی سفارشات مرتب کرنا تھا۔

(12) صدر اسلامک بنکنگ ڈویژن، اسٹیٹ بنک آف پاکستان۔

(13) اقتصادی مشیر، نیشنل کارپوریشن آف پاکستان۔

(14) ڈائریکٹر جنرل بین الاقوامی ادارہ برائے اسلامی معاشیات، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد۔

دوسرے فریق کے دلائل

نمبر شمار	سکالرز/وکلا/ماہرین اقتصادیات و بینکاری	موقف اور دلائل
	خالد اسحاق ایڈوکیٹ(16)	i. بنک اسٹیٹ بنک آف پاکستان کے وضع کردہ قواعد کے مطابق کام کرتے ہیں اور یہ قواعد اسلامی نظریاتی کونسل سے منظور شدہ ہیں؛(17) ii. بعض قابل ذکر علما و فقہا کی رائے یہ ہے کہ افراط زر کی وجہ سے اصل زر میں جو کمی آتی ہے اس کی تلافی کے لیے جو اضافی رقم دی جاتی ہے وہ ربا کے مفہوم میں نہیں آتی؛(18) iii. خالد اسحاق نے جسٹس قدیر الدین احمد کے ایک مضمون کا حوالہ بھی دیا جو روزنامہ جنگ میں ۲۸ نومبر ۱۹۷۸ء کو شائع ہوا؛ iv. قرآن کی اس آیت لَا تَظْلِمُونَ وَلَا تُظْلَمُونَ (279)میں ہدایت کی گئی ہے کہ تم کسی پر ظلم نہ کرو جب کہ افراط زر کی صورت میں قرض خواہ کے ساتھ یہ ظلم ہے کہ اسے کم رقم واپس کی جائے؛ v. خالد اسحاق نے اس موقف کہ بنک انٹرسٹ سود نہیں ہے، کو ثابت کرنے کے لیے "نیل الأوطار" سے بعض حوالہ جات پیش کیے۔
	خالد اسحاق ایڈوکیٹ کے موقف پر فاضل عدالت کا تبصرہ	اَ. عدالت نے فاضل وکیل کو یاد دلایا کہ یہ موقف وزارت خزانہ کا ہے جو اسلامی نظریاتی کونسل کی رپورٹ میں نقل کیا گیا ہے۔ یہ اسلامی نظریاتی کونسل کا اپنا موقف نہیں ہے؛(19)

(15) Messrs Bank of Oman Limited v. Messrs East Trading Company Limited and others (PLD 1987 Kar. 404), Irshad H. Khan v. Parveen Ajaz (PLD 1987 Kar. 466), Habib Bank limited v. Muhammad Hussain and others (PLD 1987 Kar. 612 at629).

(16) خالد اسحاق ایڈوکیٹ نے نیشنل بنک آف پاکستان اور سٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کی طرف سے دلائل دیے

(17) The banks in Pakistan are working within the framework of banking instruments prescribed by the State Bank, with the approval of Council of Islamic Ideology, as valid Islamic instruments.

(18) There is a considerable juristic opinion available to the fact that an increase to offset the inflation would have legal justification and would not be counted as ribs.

ب. عدالت نے کہا کہ جسٹس قدیر الدین کے مضمون کا جسٹس تنزیل الرحمٰن تفصیلی جواب دے چکے تھے؛ ت. قرآن کی اس آیت کریمہ پر تبصرہ کرتے ہوئے عدالت نے یہ کہا کہ فاضل وکیل نے ربا کے حوالے سے ظلم کا مفہوم درست نہیں سمجھا۔ کیونکہ یہاں "لَا تَظْلِمُونَ وَلَا تُظْلَمُونَ" سے مراد یہ کہ کہ اصل زر سے زائد لینا بھی ظلم ہے اور اصل زر سے کم دینا بھی ظلم ہے۔ راس المال میں قوت خرید کی طرف اشارہ نہیں بلکہ اصل زر مراد ہے، مزید یہ کہ افراط زر کی صورت میں اگر کرنسی کی قیمت کم ہو جاتی ہے یا کسی وقت بڑھ جاتی ہے تو اس کا قرض لینے والے سے کوئی تعلق نہیں ہے اور نہ وہ اس صورت حال کا ذمہ دار ہے کہ اسے ظلم قرار دیا جا سکے کیونکہ حالات اس کے قابو میں نہیں ہوتے۔ ث. عدالت نے نیل الأوطار سے متعلق ثانوی مصادر پر اعتماد کرنے کی بجائے ان سے اصل اور مستند مصادر سے حوالہ پیش کرنے کا کہا جس میں فاضل وکیل ناکام رہے۔		
أ. فاضل وکلا نے موقف اختیار کیا کہ ریاست پاکستان کی ذمہ داری ہے کہ وہ مالیاتی اداروں اور مالیاتی نظام سے سود کی تمام اقسام کا خاتمہ کرنے کے لیے ضروری اقدامات کرے اور پاکستان کے اقتصادی نظام کی تشکیل نو اسلام کے مقاصد اور اقتصادی نظام کو پیش نظر رکھ کر کرے۔ اس مقصد کے لیے انہوں نے بطور ثبوت شریعت ایکٹ ۱۹۹۱ء کی دفعہ ۸ کا حوالہ دیا؛ ب. دوسری سماعت پر انہی فاضل وکلا نے درج ذیل مزید نکات بھی اٹھائے کہ بعض معاصر علما کے نزدیک پیداواری قرضوں پر جو انٹرسٹ لیا جاتا ہے یہ سود نہیں ہے کیونکہ سود صرف صرفی قرضوں پر ہوتا ہے اور اسلام میں ممانعت صرف صرفی قرضوں پر سود لینے کی ہے کیونکہ اس پر	ایس ایم ظفر ایڈووکیٹ [20] حافظ ایس اے رحمٰن ایڈووکیٹ	

(19) He was therefore, pointed out that it was the stand of the Government for the Council's view, his attention was invited by the Court to page 73 onwards, wherein the reply appears to have been given by the council of Islamic Ideology to the said ministry, which he regretted to refer and stated that he did not have the complete report with him.

(20) بینکنگ کونسل اور وفاق پاکستان کی جانب سے نمائندہ۔

		مقروں کوئی منافع نہیں کماتا۔ بعض علماء افراط زر کی تلافی کے بھی قائل ہیں، مزید یہ کہ عالمی معاشی نظام کی اساس انٹرسٹ ہے اگر ہم اس نظام کو چھوڑ دیں تو ہماری معیشت تباہ ہو جائے گی۔ انہوں نے وفاق کی طرف سے یہ یقین دہانی بھی کرائی کہ وفاقی حکومت نے ایک کمیشن تشکیل دیا ہے جو سود کے خاتمے کا طریقہ کار اور حکمت عملی تجویز کرے گا اس لیے اس کا انتظار کیا جانا چاہیے؛ ت. تیسری سماعت پر درج ذیل دلائل دیئے: i. پیداواری قرض پر انٹرسٹ سود نہیں ہے کیونکہ جب سود کی حرمت کا حکم نازل ہوا تھا تو اس وقت سود کی یہ قسم مروج ہی نہیں تھی اس دور میں صرف صرفی قرضوں کا رواج تھا؛ ii. سود کی تعریف قرآن وسنت میں نہیں ہے اس لیے یہ متشابہات کی ایک قسم ہے اس لیے موجودہ نظام کو کام کرنے کی اجازت دی جائے جب تک کہ شریعت ایکٹ کے تحت قائم کردہ کمیشن کی طرف سے کوئی پیش رفت نہیں ہو جاتی اور کمیشن کی سفارشات تک انٹرسٹ کے مسئلے کو مؤخر کر دیا جائے؛ iii. انٹرسٹ کا تعلق پورے اقتصادی نظام سے ہے، اسے ربا قرار دینے سے پہلے افراط زر، کاغذی کرنسی پیپر اور بنکنگ کے بلا سود تصورات کا جائزہ لینا بھی ضروری ہے۔ فاضل وکلا نے اپنے موقف کی تائید میں کچھ تحریری مواد بھی پیش کیا جس میں ڈاکٹر فضل الرحمٰن (مسلم علیگڑھ یونیورسٹی انڈیا) کا ایک مقالہ بعنوان "اسلام میں تجارتی سود کا ایک مطالعہ" پیش کیا۔ اسی طرح ایک اور مختار نامی سکالر کے مقالے کا بھی حوالہ دیا اور انڈونیشیاء میں منعقدہ ایک کانفرنس کا حوالہ دیا کہ اس میں علماء نے بنک کے انٹرسٹ نہ ہونے پر اتفاق کیا ہے جو کہ ایک طرح کا اجماع سکوتی ہے۔ فاضل وکلا نے پروفیسر سید احمد کے ایک مقالہ [21] کا حوالہ دیا کہ انہوں نے لکھا ہے کہ انٹرسٹ کی بعض صورتیں ربا کی تعریف سے خارج ہیں، بعد ازاں انہوں نے شیخ طنطاوی کا فتویٰ [22] بھی پیش کیا۔ این اے جعفری کا مقالہ بھی پیش کیا گیا کہ ربا سے متعلق اجتہاد کی ضرورت ہے اسی طرح سید یعقوب شاہ کے مقالہ [23] میں بھی یہ

(21) Reflections on the concept and law of *Ribā*.

(22) یہ فتویٰ ستمبر ۱۹۸۹ء میں دیا گیا تھا جس میں حکومتی بچت سرٹیفکیٹ کے بارے میں کہا گیا تھا کہ یہ اسلام میں جائز ہیں۔

(23) Islam and productive Credit.

		بات ثابت کی گئی ہے کہ پیداواری قرضوں کے لین دین کا رواج عہد رسالت ﷺ میں نہیں تھا۔
	ایس ایم ظفر ایڈوکیٹ اور حافظ ایس اے رحمٰن ایڈوکیٹ کے موقف پر فاضل عدالت کا تبصرہ	فاضل عدالت نے ڈاکٹر فضل الرحمٰن کے مقالے پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ یہ فاضل وکلا کے موقف کی تردید کرتا ہے کیونکہ ڈاکٹر فضل الرحمٰن نے تو سر سید احمد خان، ڈپٹی نذیر احمد اور سید طفیل احمد جیسے سکالرز کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ تجارتی سود دراصل ربا ہی کی ایک شکل ہے۔ سید طفیل کا ابتدائی موقف یہی تھا کہ تجارتی سود ''ربا'' نہیں ہے تاہم انہوں نے بعد میں اس سے رجوع کر لیا اور ایک کتاب میں تفصیل سے دلائل دیئے ہیں کہ یہ ربا ہی ہے۔ مختار کے مقالے سے متعلق عدالت نے کہا کہ انہوں نے تو صرف تجارتی سود سے متعلق دونوں فریقوں کے دلائل ذکر کیے ہیں اور کسی رائے کو ترجیح نہیں دی۔ اسی طرح انڈونیشیاء کی یہ کانفرنس کسی طرح بھی اجماع کی تعریف میں نہیں آتی۔ عدالت نے قرار دیا کہ پروفیسر سید احمد نے اپنے موقف پر قرآن وسنت سے کوئی دلیل پیش نہیں کی اس لیے ان کی بات میں کوئی وزن نہیں ہے۔ مزید یہ کہ شیخ طنطاوی نے جو فتویٰ دیا ہے اسی میں یہ بات بھی درج ہے کہ مصر کے اکثر علمانے اس فتویٰ کی مخالفت کی ہے اور یہ ان کی ذاتی رائے ہے۔

وفاقی شرعی عدالت کے فیصلے کے اہم نکات

فاضل وکلا کی طرف سے جو نکات پیش کیے گئے ان کا تفصیلی جائزہ لینے سے پہلے عدالت نے اس تاریخی پس منظر کا ذکر کیا جو آئینی سطح پر سود کے خاتمے سے متعلق ہے۔ مثلاً ۱۹۵۶ء کے دستور کے آرٹیکل ۲۸ (ایف) اور ۱۹۶۲ء میں پالیسی کے اصولوں کے تحت (۱۸) کہا گیا ہے کہ Ribā (Usury) Should be eliminated اور ۱۹۷۳ء کے دستور میں بھی یہی بات دہرائی گئی ہے۔ ۱۹۶۲ء میں اسلامی نظریاتی کونسل کی تشکیل صرف اس مقصد کے لیے کی گئی تھی کہ وہ مسلمانوں کو اس قابل بنائے کہ وہ اپنی زندگی اسلامی تعلیمات کے مطابق گزار سکیں۔ کونسل ۱۹۶۴۔۶۶ میں یہ قرار دے چکی ہے کہ سود حرام ہے اور موجودہ بنکاری نظام سود پر مبنی ہے۔ ۱۹۶۹ء میں اتفاق رائے سے یہ مسئلہ حل کر لیا گیا تھا لیکن حکومت نے اس پر کوئی توجہ نہیں

دی۔ ۱۹۷۰ء میں اس پر طویل بحث ہوئی اور اسلام کے معاشرتی نظام کے خدوخال واضح کیے گئے لیکن اس حوالے سے کوئی قانون سازی نہ ہو سکی جس کا تقاضہ دستور کرتا ہے جیسا کہ ۱۹۷۳ء کے آئین کے آرٹیکل ۲۳۰ میں ہے۔

۱۹۷۷ء میں صدر ضیاء الحق کے دور میں کونسل کی تشکیل نو ہوئی تو انہوں نے کونسل کو ہدایت کی کہ ربا کے خاتمے کے لیے تفصیلی رپورٹ دیں۔ کونسل نے ماہرین اقتصادیات اور بنکاری پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دی اس دوران ضیاء حکومت نے سود کے خاتمے کے لیے کچھ مزید عبوری اقدامات بھی کئے مثلاً ہاوس بلڈنگ فنانس کارپوریشن، نیشنل انویسٹمنٹ ٹرسٹ اور انویسٹمنٹ کارپوریشن آف پاکستان کو سود سے پاک نفع و نقصان کی شراکت کے اصولوں پر استوار کیا۔

۱۲ ربیع الاول ۱۳۹۹ھ بمطابق ۱۰ فروری ۱۹۷۹ء کو صدر پاکستان ضیاء الحق کی جانب سے ملک سے سود کے خاتمے کے لیے تین سال کا عرصہ مقرر کیا گیا، کونسل نے اپنی حتمی رپورٹ ۱۵ جون ۱۹۸۰ء کو صدر پاکستان کو پیش کی۔ کونسل کی پورٹ کو حتمی شکل دینے کے لیے درج ذیل ممبران پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دی گئی۔(24) عدالت نے سود کے خاتمے سے متعلق اسلامی نظریاتی کونسل کی ان سفارشات اور کاوشوں کو سراہا۔

صدر پاکستان نے وفاقی شرعی عدالت کو یہ اختیار دیا کہ وہ قرآن و سنت سے متصادم قوانین کا جائزہ لے سکتی ہے مگر مالیاتی قوانین بشمول ربا کو ۱۹۷۳ء کے دستور کے آرٹیکل ۲۰۳ (بی) کے تحت تین سال کے لیے مستثنیٰ قرار دیا اس طرح یہ قوانین ۲۵ جون ۱۹۸۳ء تک عدالت کے اختیار سماعت میں داخل نہیں تھے۔ بعد میں ایک ترمیم کے ذریعے اس مدت کو مزید بڑھا دیا گیا بعد ازاں یہ مدت ۲۵ جون ۱۹۹۰ء کو ختم ہو گئی۔ وفاقی شرعی عدالت نے ان تمام مباحث کے بعد سود سے متعلق اٹھائے گئے سوالات اور نکات پر بحث شروع کی جن کا خلاصہ ذیل میں ذکر کیا گیا ہے:

۱۔ فیصلے کے آغاز میں سود کا لغوی اور شرعی مفہوم واضح کیا گیا، کیونکہ انٹرسٹ کے حق میں دی جانے والی تمام درخواستوں میں ربا کی تعریف پر اعتراضات کیے گئے تھے۔ عدالت نے اس کا

(24) جناب جسٹس ڈاکٹر تنزیل الرحمٰن کی سربراہی میں قائم کی جانے والی اس کمیٹی میں مولانا ظفر احمد انصاری، مفتی سیاح الدین کاکاخیل، مولانا تقی عثمانی، خالد اسحاق ایڈووکیٹ، خواجہ قمر الدین سیہالوی، مولانا محمد حنیف ندوی، ڈاکٹر ضیاء الدین احمد، علامہ سید محمد رضی، مولانا شمس الحق افغانی اور ڈاکٹر فضل الرحمٰن بحثیت رکن شامل تھے۔

لغوی معنیٰ اضافہ، بڑھوتری، اونچی جگہ وغیرہ کیا اور اس کے بعد صراحت کی کہ اضافہ کم ہو یا زیادہ خواہ انٹرسٹ ہو یا Usury سب پر ربا کا اطلاق ہوتا ہے؛

۲. عدالت نے ربا کی تعریف کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے اس کا عبرانی زبان میں استعمال انگریزی کی قانونی اصطلاحات، کتاب النهاية لابن الأثير، أحكام القرآن لابن العربي، ہدایہ، تفسیر کبیر امام رازی، أحکام القرآن از جصاص، تفہیم القرآن مولانا مودودی اور معارف القرآن مفتی محمد شفیع سے ربا کی تعریف ذکر کی ہے؛(25)

۳. عدالت نے لفظ ربا سے متعلق قرآن مجید کے مختلف بیس مقامات کا حوالہ دیا اور جن جن معانی میں ربا کا لفظ استعمال ہوا ان کا بھی ذکر کیا، پھر ان احادیث کا ذکر کیا جن میں ربا کے احکام ذکر کیے گئے ہیں اور یہ بتایا کہ ان میں ربا کس مفہوم میں استعمال ہوا ہے۔ عدالت نے قرار دیا کہ رسول اکرم ﷺ نے خطبہ حجۃ الوداع میں صحابہ کرام کی ایک بڑی تعداد کی موجودگی میں سود کی حرمت کا واضح اعلان فرمادیا تھا۔ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا کہ میں سود کے خاتمے کا آغاز اپنے چچا عباسؓ سے کرتا ہوں کہ عباسؓ کا سود جس کے ذمے ہو اسے معاف کرتا ہوں۔

۴. یہ دلیل بھی دی گئی کہ ڈاکٹر حمید اللہ نے لکھا ہے کہ زمانہ جاہلیت میں جب کعبہ کی تعمیر نو کی گئی تو اس میں اعلان کیا گیا تھا کہ سود کی رقم بیت اللہ کی تعمیر میں استعمال نہیں ہوگی۔ اس سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ سود کی قباحت زمانہ جاہلیت میں بھی ذہنوں میں موجود تھی۔

۵. معاہدہ نجران میں جہاں نبی ﷺ نے نجران کے عیسائیوں کو انتظامی اور مذہبی آزادی دی وہاں آپ ﷺ نے ان کے لیے بھی سود کی ممانعت فرمادی تھی۔(26)

---

(25) جس کا حاصل یہ ذکر کیا ہے:

In view of the above discussion, we are of the firm view that the interest charged on loans and given on deposits by the banks falls within the definition of *Riba* and that it makes no difference whether the loan is taken for consumptional purpose or for productive purpose, i.e., for trade, commerce and industry. (PLD 1992, 2, FSC, p.90).

(26) The Christians of Najrān who were highly organized religious people and were more fanatically attached to their faith, sent a delegation to Madīna consisting, among others, of a bishop and a vicar (second Priest). They voluntarily acceded to the said Muslim State of Madīna, as non-Muslim subjects, and obtained a

۶. ربا کی حرمت سے متعلق آیات میں تدریجی نزول کی حکمت عدالت نے یہ بیان کی کہ عربوں کی معاشی اور معاشرتی زندگی میں سودی کاروبار اتنا سرایت کر چکا تھا کہ اسے یک لخت حرام قرار نہیں دیا گیا بلکہ بتدریج حرمت کے احکام دیے گئے۔

۷. جو لوگ قرآن کی اس آیت "لَا تَأْكُلُوا الرِّبَا أَضْعَافًا مُضَاعَفَةً" کو بطور دلیل پیش کرتے ہیں کہ سود مرکب حرام ہے اور سود مفرد حرام نہیں ہے، وہ اس تدریج کو نظر انداز کر دیتے ہیں اور قرآن کی تمام آیات پر غور نہیں کرتے حالانکہ قرآن کی تفسیر کا ایک مسلمہ اصول یہ ہے کہ سب سے پہلے قرآن کی تفسیر قرآن سے کی جائے گی کیونکہ قرآن کا ایک حصہ دوسرے کی وضاحت کرتا ہے۔ عدالت نے قرآنی آیات کی تفسیر کے لیے چند بنیادی اصولوں کی نشاندہی بھی کی۔(27)

۸. یہ موقف کہ "انٹرسٹ معقول حد تک ہو تو جائز ہے اور مبنی بر ظلم ہو تو یہ ناجائز ہے" کسی طرح بھی درست نہیں ہے کیونکہ قرآن نے دونوں میں کسی قسم کا کوئی فرق نہیں کیا اور سود کی ہر شکل کو ناجائز قرار دیا۔ بطور دلیل سورۃ البقرۃ کی ۲۷۸۔۲۸۰ اور المائدہ کی آیت ۴۴ کو پیش کیا۔

عدالت عظمیٰ کے فیصلے کے اہم نکات

۱۹۹۹ء میں چیف جسٹس آف پاکستان جناب میاں اجمل نے سود کے اس مقدمے کی سماعت کے لیے درج ذیل جج صاحبان پر مشتمل ایک بنچ تشکیل دیا:

أ. جناب جسٹس خلیل الرحمٰن (چیئرمین)

ب. جناب جسٹس وجیہ الدین

ج. جناب منیر احمد شیخ

د. جناب جسٹس تقی عثمانی

Charter which conferred on them autonomy, both religious and administrative. It was covenanted that they need to more pay the interest to their creditors, but only the capital of the loans." (*PLD 1992, 2 FSC 71*).

(27) It is one of the accepted principles of interpretation of the Holy Qur'an that firstly the Holy Qur'an, on the subject, should be interpreted by the Holy Qur'an itself. *PLD 1992 FSC 73*.

ہ۔ جناب جسٹس محمود احمد غازی

شریعت اپیلٹ بینچ نے ۲۲ فروری ۱۹۹۹ء کو اسلام آباد اور کراچی میں اس مقدمے کی سماعت شروع کی جو چھ ماہ تک جاری رہی۔ فاضل عدالت نے دوران سماعت نامور علما، ماہرین معاشیات، بنکوں کے ماہرین، وکلا، اسلامی ترقیاتی بنک کے صدر، عالمی بنک، اور دیگر عالمی مالیاتی اداروں میں کام کرنے والے مسلمان ماہرین اقتصادیات سے اس مسئلے میں آرا لیں اور ان کا موقف سنا۔ اس فیصلے پر تمام جج صاحبان کا مجموعی لحاظ سے اتفاق رہا تاہم جسٹس تقی عثمانی اور جسٹس وجیہ الدین نے اپنے الگ سے نوٹ بھی لکھے۔ وفاقی شرعی عدالت کے متعدد فیصلوں کے خلاف ۵۵ اپیلیں دائر کی گئیں جنہیں اس ایک فیصلے میں نمٹا دیا گیا ان میں بیس قوانین تھے جو زیر بحث آئے جن میں انٹرسٹ، ریٹرن یا مارک اپ کا ذکر تھا۔[28]

عدالت عظمیٰ نے اپنے فیصلے میں وفاقی شرعی عدالت کے اس سوالنامہ کا بھی ذکر کیا جس میں علماء دانشورں اور ماہرین اقتصادیات سے درجہ ذیل اہم سوالات کیے گئے تھے۔ عدالت عظمیٰ نے از خود ایک سوالنامہ تیار کیا جس میں بعض نئے سوالات کا بھی اضافہ کیا مثلاً ربا کی تعریف، حدود و قیود، تجارت اور صرفی قرضوں، حکومتی قرضوں، افراط زر اثرات، حکومت کے جاری کردہ بانڈز، سرٹیفکیٹ سے متعلق سوالات کے علاوہ یہ سوالات کہ سود کے خاتمے کے بعد بیرونی قرضوں، دیگر ممالک کے ساتھ تجارت، بجٹ خسارہ پورا کرنے کے طریقے، ماضی کے معاہدوں اور لین دین وغیرہ کی متبادل کیا کیا صورتیں اختیار کی جا سکتی ہیں؟

(28) قوانین جو عدالت عظمیٰ میں زیر بحث آئے:
The Interest Act 1839, The Government Savings Banks Act, 1873, The Negotiable Instruments Act, 1881, The Land Acquisition Act, 1894, The Code of Civil Procedure, 1908, The Cooperative Societies Act, 1925, The Cooperative Societies Rules, 1927, Insurance Act 1938, The State Bank of Pakistan Act 1956, The West Pakistan Money-Lenders' Ordinance, 1960, The West Pakistan Money-Lenders' Rules, 1965, The Punjab Money-Lenders' Ordnance 1960, The Sindh Money-Lenders' Ordinance, 1960, The N.W.F.P Money-Lenders' Ordinance 1960, The Baluchistan Money-Lenders' Ordinance, 1960, The Agricultural Development Bank of Pakistan Rules, 1961, The Banking Companies Ordinance 1962, The Banking Companies Rules 1963, The Banks (Nationalization) (Payment of Compensation) Rules, 1974, The Banking Companies (Recovery of Loans) Ordinance, 1979.

اس سوالنامے کا تحریری جواب جن معروف ماہرین اقتصادیات اور مالیاتی اداروں نے دیا ان میں جناب سرتاج عزیز، پروفیسر خورشید احمد، ڈاکٹر ضیاء الدین احمد، ڈاکٹر ظفر اسحاق انصاری، ڈاکٹر نجات اللہ صدیقی، ڈاکٹر ارشد زمان، عبدالرؤف شیخ، اور اسلامی ترقیاتی بنک (جدہ سعودی عرب) شامل ہیں ان کے علاوہ ڈاکٹر وقار مسعود، ڈاکٹر سید محمد طاہر، ڈاکٹر محمد عمر چھاپرا، مولانا گوہر رحمٰن، مولانا عبدالستار خان نیازی، اسلم خاکی، خالد اسحاق ایڈوکیٹ، ڈاکٹر محمد احمد علی (صدر اسلامی ترقیاتی بنک جدہ اپنے وفد کے ہمراہ عدالت میں پیش ہوئے)

دلائل

سود کے حق میں درج ذیل دلائل دیئے گئے:

أ. سود کی کوئی مستند تعریف نہیں کی گئی، کیونکہ ربا کا معنٰی محض اضافہ ہے جو کہ یہاں مراد نہیں لیا جاسکتا۔ (سرتاج عزیز)

There is a need for an authoritative definition of the term *ribā*;(29)

ب. سود کی صرف وہی صورت حرام ہے جس میں مقروض کا استحصال ہوتا ہو؛

ج. قرآن نے قرض خواہ کو راس المال (اصل زر) وصول کرنے کا حق دیا ہے، جبکہ کاغذی کرنسی کے متعارف ہونے کے بعد اب کرنسی کی قوت خرید یا حقیقی قیمت کا اندازہ کرنا دشوار ہو گیا ہے۔ کرنسی مسلسل افراط زر کا شکار رہی ہے اس لیے یہ بھی ناانصافی ہے کہ قرض خواہ کو وہی رقم واپس لوٹا دی جائے جس کی قوت خرید اب کم ہو چکی ہے۔ اگر راس المال میں افراط زر کی وجہ سے جو کمی ہوئی ہے اسے راس المال کے ساتھ واپس کیا جائے تو یہ اضافہ ربا نہیں ہو گا؛

د. بنک یا دیگر مالیاتی ادارے جو منافع لیتے ہیں اس کی تین صورتیں ہیں:

i. قوت خرید میں جو کمی آتی ہے، اضافی رقم کے ذریعے اس کی تلافی کی جائے؛

(29) *PLD 2000 SC, V. LII, FSC page 357*

ii. بنک قرض دینے کے علاوہ بھی وسیع خدمات سرانجام دیتا ہے اور وہ یہ اضافی رقم خدمات کے عوض لیتا ہے جو سود نہیں ہے؛

iii. وہ منافع جو بنک قرض دینے کی صورت میں لیتا ہے اس منافع کا ایک حصہ وہ قرض خواہ کو بھی دے دیتا ہے جو بنک کے پاس رقم رکھواتا ہے۔ اگر راس المال کے تحفظ کے اصول کو اختیار کیا جائے تو بنک کی طرف سے جو اضافہ دیا جاتا ہے وہ ربا کی تعریف میں نہیں آتا۔ بنک جو منافع لیتے ہیں وہ بالواسطہ یا بلاواسطہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کنٹرول کرتا ہے اور وہ قومی اہمیت کا حامل متعدد عوامل مثلاً ترقی، افراط زر وغیرہ کو مد نظر رکھتے ہوئے اس کی شرح مقرر کرتا ہے۔ ان اصولوں کے پیش نظر بنک اور مالیاتی اداروں کی طرف سے استحصال کا پہلو نہیں پایا جاتا۔

ہ. مارک اپ کا نظام بیع مؤجل کے معروف اصول پر قائم ہے جسے تمام فقہا جائز قرار دیتے ہیں؛

و. غیر مسلم کے ساتھ سودی لین دین میں شرعی احکام کا نفاذ غیر مسلم پر نہیں کیا جا سکتا، قرض لینے والے کو قرض دینے والے کی شرائط ماننا پڑتی ہیں اور اس معاہدے کی پابندی کرنا ہوتی ہے جو فریقین کے درمیان ہوا ہے۔ کیونکہ تمام لین دین سود پر ہو رہے ہیں جبکہ نبی ﷺ کے دور میں بھی غیر مسلموں سے سود پر قرض لینے کی مثالیں موجود ہیں؛

ز. اگر کسی متعین مدت کے عوض منافع وصول کیا جائے تو یہ ربا نہیں ہے، کیونکہ ربا کی تعریف میں یہ بھی شامل ہے کہ اس سے مقروض کا استحصال نہ ہو مثلاً حکومت عوام سے قرض لیتی ہے تو عوام حکومت کا استحصال نہیں کر سکتے کیونکہ حکومت زیادہ طاقتور ہے اسی طرح کوئی حکومت دوسری حکومت سے قرض لیتی ہے تو اس میں کوئی استحصال نہیں ہے جبکہ کسی حکومت کے لیے اسلامی طریقِ تمویل مثلاً مشارکہ یا کسی اور طریقے سے سرمایہ کاری کرنا عملاً ناممکن ہے؛

> "We are not in position to dictate terms to the foreign lenders and have to accept loan on the terms are go without them. These foreign loans are always interest based and

it is not possible for Pakistan to insist that they give use loans without interest."(30)

ح. اگر ربا کے وسیع مفہوم کو بھی اختیار کر لیا جائے تو سود کا خاتمہ بتدریج ہی ممکن ہے، کیونکہ جدید معاشی نظام انتہائی پیچیدہ ہے اور یہ یک دم کسی تبدیلی کا متحمل نہیں ہو سکتا، مزید یہ کہ کوئی ملک تن تنہا دنیا سے کٹ کر نہیں رہ سکتا۔ رائج سیاسی اور معاشی اقدار کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا اس لیے موجودہ معاشی نظام کو اسلامی اقتصادی نظام میں ڈھالنے کے لیے بتدریج اقدامات کرنا ہوں گے تاکہ لوگوں میں اسلامی طریقِ تمویل کو پذیرائی حاصل ہو سکے؛

ط. بنکوں کے لین دین اور تجارتی کمپنیوں کے ماضی کے معاہدات کی پاسداری بھی شریعت کا حکم ہے اس لیے اس کا اطلاق ماضی میں کیے گئے معاہدات پر نہیں ہو گا؛(31)

ي. بعض اپیل کنندگان نے یہ موقف اختیار کیا کہ صرف ربا النسیہ حرام ہے جب کہ وفاقی شرعی عدالت نے ہر طرح کے ربا کو حرام قرار دیا ہے جو کہ درست نہیں ہے اس لیے اس کیس کو ریمانڈ کرنا انصاف ہو گا؛(32)

ک. حکومت کی نمائندگی کرتے ہوئے یہ موقف اختیار کیا گیا کہ ربا الفضل مسلم پرسنل لاء کے تحت آتا ہے اور آرٹیکل ۲۰۳ کے مطابق یہ وفاقی شرعی عدالت کے دائرہ سماعت میں نہیں آتا۔ اسی طرح اسلامک بنکنگ کی اصطلاح درست نہیں ہے کیونکہ بنک کا کوئی مذہب نہیں ہوتا بنک تو ایک اعلیٰ Instrument ہے جو مسلم یا غیر مسلم نہیں ہو سکتا؛(33)

Islamic Banking was misnaming as, bank had no religion.(34)

---

(30) *PLD 2000 SC V. LII, FSC page 362.*

(31) سر تاج عزیز کے دلائل شروع سے یہاں تک ہیں۔

(32) خالد اسحاق

(33) ریاض الحسن گیلانی۔

(34) *PLD 2000 SC, V. LII, FSC p.388.*

ل۔ بنک کے تمام معاملات نہ تو خالص اسلامی ہیں اور نہ ہی غیر اسلامی، ربا کی دو قسمیں ہیں ایک ربا الجاہلیہ ہے جو کہ انتہائی ظالمانہ ہوتا تھا دوسرا ربا القرآن ہے جو کہ سود مرکب ہے جسے قرآن نے منع کیا ہے۔ ربا القرآن تو حرام ہے جسے ایک لمحے کے لیے بھی گوارہ نہیں کیا جا سکتا تاہم ربا الفضل مکروہ ہے جو ربا القرآن کے سدباب کے لیے تھا۔(35)

وفاقی شرعی عدالت اور شریعت اپیلنٹ بنچ کا دائرہ سماعت

فیصلے کے دوسرے حصے میں وفاقی شرعی عدالت اور شریعت اپیلنٹ بنچ کے دائرہ سماعت کو زیر بحث لایا گیا ہے۔ حکومتی نمائندوں کا موقف یہ تھا کہ عدالت عظمیٰ سے اپیل واپس لے لی جائے اور وفاقی شرعی عدالت سے مطلوبہ اور ضروری قانون سازی کے لیے راہنمائی لینا چاہتے ہیں تاکہ ان راہنما اصولوں کے مطابق مالیاتی نظام کو اسلامی احکام کے مطابق ڈھالا جا سکے، جیسا کہ درج ذیل اقتباس میں ہے:

> The Question was raised mainly in view of the representations of the Government made in the application for withdrawal of appeal from this court to seek parameters and guidelines from Federal Shariat Court as to modeling of enforcing and implementing its judgment on *ribā*.(36)

اس درخواست میں یہ موقف اختیار کیا گیا تھا کہ نظام بنکاری، افراط زر، اشاریہ بندی اور بیرونی قرضوں کی ادائیگی کے حوالے سے حکومت پاکستان کی اہم ذمہ داریاں اور ایسے مسائل ہیں جن میں اسے راہنمائی کی ضرورت ہے۔ اس درخواست پر بعض وکلا، علما اور ماہرین اقتصادیات (Jurist consult) کا نقطہ نظر یہ تھا کہ وفاقی شرعی عدالت اور شریعت اپیلنٹ بنچ کو آئین کے تحت یہ اختیار حاصل نہیں ہے کہ وہ رہنما اصول اور کوئی متبادل تجویز کرے بلکہ دستوری لحاظ سے ان کا کام صرف اتنا ہے کہ وہ جائزہ لیں کہ کون سا قانون قرآن و سنت کے منافی ہے تاکہ اسے خلاف اسلامی قرار دیا جا سکے۔

> According to them the Federal Shariat Court and Shariat Appellant Bench of the Supreme Court, in view of the

(35) ریاض الحسن گیلانی کے دلائل یہاں تک ہی ہیں۔

(36) *PLD 2000 SC V. LII, FSC p.392.*

provision contained in Chapter 3-A of the Constitution and more particularly under article 203-D of the constitution, are empowered only to examine and decide one question i.e. whether or not any law or provision of law is repugnant to the injunctions Islam as laid down in the Holy Qur'ān and *Sunnah* of the Holy Prophet (P.B.U.H)…Neither the framing of any law nor the economic or financial policies or the banking system itself can be examined by the federal Shariat Court as these are concerns of the other organs of the state under the relevant provisions of the constitution and the law.(37)

اس حوالے سے شریعت اپیلنٹ بینچ نے دونوں عدالتوں کے دائرہ سماعت سے متعلق تمام دفعات، 203-, 203 B, 203-D, DD ,1203-C اور 2-A کا تفصیلی جائزہ لیا۔

ربا کی تعریف اور وسعت

شریعت اپیلنٹ بینچ کے سامنے متعدد بار یہ سوال اٹھایا گیا کہ جدید بین الاقوامی اقتصادی اور مالیاتی نظام کے تناظر میں ربا کی از سر نو تعریف (Redefining *Ribā*) کی جائے یہی سوال وفاقی شرعی عدالت کے سامنے بھی دہرایا گیا۔ دلیل یہ پیش کی گئی کہ دور حاضر کا اقتصادی نظام انتہائی پیچیدہ اور ترقی یافتہ ہے جبکہ اسلامی دور کی ابتدائی صدیوں میں یہ نظام انتہائی سادہ تھا۔

It has been asserted that since the present monetary system has become much more advanced, complexed and developed as compared to what is termed by some as the rudimentary system prevalent during the early centuries of Islam, as fresh definition of *Ribā* is needed and the earlier or traditional definition, if any developed by the early doctors of Islamic *fiqh* suited only their time when the economy was based mostly on barter rather than complex paper currency system.(38)

سود کی از سر نو تعریف چاہنے والے فریق کس قسم کا سود چاہتے تھے اس کا اندازہ درج ذیل اقتباس سے کیا جاسکتا ہے:

(37) *PLD 2000 SC, V. LII, page 392.*
(38) *PLD 2000 SC V. LII, page 407.*

> The new definition, it is contended, should be liberal, accommodative, and contributive to economic progress and well-being of the people; it should be free from the limited approach of the medieval jurists who, according to this view, were not exposed to such complex and difficult problems as are faced by the modern jurists and the contemporary economists.(39)

اس نقطہ نظر کے قائلین کے نزدیک ربا اور Usury مترادف اصطلاحات ہیں تاہم موجودہ انٹرسٹ کو ربا نہیں کہا جا سکتا۔ بطور دلیل اس آیت کریمہ "فَبِظُلْمٍ مِّنَ الَّذِينَ هَادُواْ حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ طَيِّبَاتٍ أُحِلَّتْ لَهُمْ وَبِصَدِّهِمْ عَن سَبِيلِ اللّهِ كَثِيرًا" (النساء،آیت:۱۶۰) میں یہودیوں کو اس سود سے منع کیا گیا جو ظلم اور استحصال پر مبنی تھا۔ عدالت عظمیٰ نے ان بعض معاصر علماء کے دلائل کا بھی تفصیلی جائزہ لیا جو موجودہ انٹرسٹ کو سود تسلیم نہیں کرتے۔ ان میں علامہ سید رشید رضا، مولانا جعفر شاہ پھلواری، سید یعقوب شاہ، ڈاکٹر فضل الرحمٰن، جسٹس قدیر الدین احمد، اور شیخ محمد طنطاوی معروف سکالرز ہیں۔ ربا اور انٹرسٹ کے درمیان جو فرق واضح کیا گیا ہے اس کی تفصیل حسبِ ذیل ہے:

اَ. قرآن میں سود کی جو حرمت بیان کی گئی ہے اس کی تعبیر و تشریح کے لیے زمانہ نزول اور وہ مخصوص حالت جن میں وہ آیات نازل ہوئی تھیں ان کو سمجھنا ضروری ہے ورنہ سود کے بارے میں غلط فہمی پیدا ہو گی؛

ب. ربا کا تعلق اسلام کے معاشی نظام کے ساتھ ہے، جب تک ایسا مثالی معاشرہ قائم نہیں ہو جاتا جس میں بدعنوانی، بددیانتی اور ہوس نہ ہو اس وقت تک محض ایک قرآنی حکم کا نفاذ مناسب نہیں ہو گا؛

ج. اسلامی ریاست میں حکومت کی آمدنی کے چار ذرائع ہیں زکوٰۃ، عشر، جزیہ اور مال غنیمت۔ جب کہ موجودہ دور میں صرف ان ذرائع آمدن تک محدود رہنا ناممکن ہے؛ اس لیے حکومت کو انٹرسٹ پر قرضے لینا پڑتے ہیں۔ زکوٰۃ کا نظام پہلے سے ہی بدنظمی کا شکار ہے جب کہ جزیہ اور مال غنیمت کا تصور بھی پہلے سے ختم ہو چکا ہے اسی طرح اسلامی نظام میں دیگر مختلف اقسام کے ٹیکس عائد کرنا بھی درست نہیں، کیونکہ یہ بھی غیر اسلامی ہے جبکہ حکومت کو لوگوں کی فلاح و بہبود کے لیے وسائل درکار ہوتے ہیں جو ٹیکس اور بیرونی قرضوں سے حاصل کیے جاتے ہیں؛

(39) *PLD 2000 SC, V. LII, p.407.*

د. جب تک کوئی متبادل فلاح و بہبود کا نظام نہیں اس وقت تک بوڑھے اور ضرورت مند لوگ اور حکومت ان بچتوں سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں کیونکہ یہ طبقہ نہ تو خود محنت مزدوری کر سکتا ہے اور نہ ہی کوئی خطرہ مول لے سکتے ہیں۔اس لیے ربا اور انٹرسٹ میں فرق کیا جانا چاہیے؛

ہ. پی ایل ایس یا مارک اپ نظام گزشتہ ایک صدی سے رائج ہے، تجربے سے ثابت ہے کہ اس نظام کو تبدیل نہیں کیا جا سکتا؛

و. اسلام کی حقیقی روح لوگوں کی فلاح و بہبود کا تقاضہ کرتی ہے اسے برقرار رکھنا چاہیے کیونکہ موجودہ انٹرسٹ بھی فلاح و بہبود کے نظام پر مبنی ہے کیونکہ اس میں ظلم اور استحصال نہیں ہے؛

> The spirit of Islam is the welfare of the people and should remain a predominant factor. The present interest has provided welfare to the people. There is no exploitation in this system; exploitation has been committed by the vested interest and not by the present day banking system.(40)

علامہ رشید رضا کے موقف کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا جو انہوں نے حیدر آباد دکن (ہندوستان) سے ایک استفسار کے جواب میں اختیار کیا:

> "The Stipulated profit on a loan is no *Ribā* according to the *Naṣṣ* because it has no proof from the *Qur'ān* or from a sound *Ḥadīth*."(41)

علامہ رشید رضا کے نزدیک اس کا ثبوت قرآن و سنت سے نہیں بلکہ قیاس پر مبنی ہے اس لیے اس پر از سر نو غور کی ضرورت ہے۔ان کے نزدیک جس حدیث مبارکہ سے استدلال کیا جاتا ہے وہ ضعیف ہے۔اور قیاس بھی درست نہیں ہے کیونکہ دونوں میں علت مشترک نہیں ہے، اگر قیاس درست بھی ہو تو اس میں وقت کے ساتھ تبدیلی آسکتی ہے۔عدالت نے ان کا موقف ان الفاظ میں بیان کیا ہے:

> The nutshell of the views on Rashīd Riḍā is that it is only the *Ribā al-Nasī'ah* (also called *Ribā al-Qur'ān* and *Ribā al Jāhiliyyah*) which is prohibited in the *Qur'ān*. All other kinds of *Ribā* prohibited by the Prophet (Peace

---

(40) *PLD 2000 SC, V. LII, p.410.*
(41) *PLD 2000 SC V.LII, p.411.*

be Upon Him) are only by way of preventive measures. (42)

عدالت نے علامہ موصوف کے موقف میں بعض تضادات کی نشاندہی کی کہ وہ ایک طرف تو یہ کہتے ہیں کہ ربا کی تعریف میں کوئی ابہام یا اشتباہ نہیں ہے اور صحابہ کرامؓ کے لیے اس کا مفہوم بالکل واضح تھا پھر خود ہی ربا کی تعریف اور جاہلیت کے سودی معاملات سے اس کا تعین کرنے کی کوشش کرتے ہوئے اپنی خود ساختہ تعریف کے مطابق مختلف جزیات پر اس کی تطبیق کرتے ہیں۔ عدالت نے خالد اسحاق ایڈوکیٹ کے دلائل کا بھی جائزہ لیا جن کا موقف یہ تھا کہ ربا صرف ربا الجاہلیہ ہے باقی صورتوں میں جو اضافہ ہے اسے ربا نہیں کہا جا سکتا۔ جسٹس قدیر الدین کا نقطہ نظر بھی یہی ہے:

Only one kind of *Ribā* out of several kinds, *Ribā al-Nasī'ah* has been prohibited by the *Qur'ān*. (43)

جسٹس قدیر الدین کے بقول قرآن نے سود کی مذمت تو کی ہے لیکن قرآن و سنت میں اس اجمال کی کوئی تفصیل نہیں ہے، مزید یہ کہ مجوزہ متبادل طریقوں میں سے کوئی طریقہ بھی موجودہ معاشی نظام اور بین الاقوامی تجارت سے ہم آہنگ نہیں ہے۔ حضرت عمرؓ کا قول ہے ربا کی آیت رسول اللہ ﷺ کی زندگی کے آخری ایام میں نازل ہوئی اور اس کی وضاحت سے پہلے ہی آپ ﷺ وصال فرما گئے۔ ربا ایک معاشی مسئلے سے تعلق رکھتا ہے جس کا مقصد امت مسلمہ کو ظلم اور استحصالی طریقوں سے بچانا ہے۔ اسی طرح انہوں نے سود اور Usury، سود مفرد اور مرکب میں فرق کرنے کی کوشش کی ہے ان کے موقف کا حاصل یہ ہے کہ موجودہ دور کا انٹرسٹ سود نہیں ہے۔ بحثیت مجموعی اپیل کنندگان اور عدالتی مشیروں نے عدالت کے سامنے جو دلائل دیئے ان کا خلاصہ یہ ہے:

ا۔ ربا کی کوئی جامع مانع تعریف نہ قرآن میں ہے اور نہ ہی احادیث میں کوئی صراحت ہے۔ چونکہ تعریف مبہم ہے اس لیے ربا کی ممانعت احادیث کے صراحتاً بیان کردہ صرف چند متعین معاملات تک محدود ہے اس لیے ربا کا اطلاق عصر حاضر کے اس بینکاری نظام پر نہیں کیا جا سکتا جس کا اس دور میں تصور بھی ممکن نہیں تھا؛

(42) *PLD 2000 SC V. LII, p.412.*
(43) *PLD 2000 SC V. LII, p.415.*

۲. ربا کا اطلاق صرف ان صرفی قرضوں پر ہوتا ہے جن پر شرح سود حد سے زیادہ یا استحصال پر مشتمل ہو۔ اگر شرح سود استحصال کی حد تک نہ ہو بلکہ معقول ہو تو اسے ربا نہیں کہا جائے گا؛

۳. قرآن میں مذکورہ حرمت ربا کی علت ظلم ہے جو لوگ غریبوں سے بھاری سود وصول کرتے تھے قرآن نے ان کے خلاف اعلان جنگ کیا ہے۔ جبکہ جدید زمانے کے تجارتی قرضے اس دور میں رائج ہی نہیں تھے اس لیے یہ ربا کے مفہوم میں نہیں آتے؛

۴. قرآن نے صرف ربا الجاہلیہ کو حرام قرار دیا ہے جس کو ربا القرآن بھی کہا جاتا ہے یہ ایک مخصوص قرضے کا معاملہ تھا جس میں کوئی اضافی رقم اصل زر پر وصول نہیں کی جاتی تھی تاہم مقروض وقت مقررہ پر اصل رقم واپس نہ کر سکے تو اضافی رقم عائد کر کے اسے مزید مہلت دے دی جاتی تھی۔ اس لیے ابتدا ہی میں اضافی رقم طے کر لی جائے تو یہ ربا نہیں ہے البتہ احادیث میں ذکر کردہ ربا میں یہ زیادتی بھی شامل ہے جسے صرف مکروہ کہا جا سکتا ہے حرام نہیں، اور اسے حقیقی ضرورت کے تحت مستثنیٰ بھی قرار دیا جا سکتا ہے؛

۵. تجارتی سود دور حاضر کی عالمی اقتصادی سرگرمیوں میں کلیدی اہمیت کا حامل ہے جسے ختم کرنا ناممکن ہے اس لیے نظریہ ضرورت کے تحت جو قوانین سود وصول کرنے کی اجازت دیتے ہیں وہ اسلامی اصولوں کے منافی نہیں ہیں۔

عدالتی فیصلے کے اہم نکات

۱. کسی بھی قرض کے معاہدے میں اصل زر سے زائد رقم ربا کے حکم میں داخل ہے؛

۲. سودی نقطہ نظر سے قرض کی مختلف اقسام میں کسی قسم کا کوئی فرق نہیں ہے، مشروط اضافی رقم تھوڑی ہو یا زیادہ، معاملہ نجی ہو یا سرکاری، حکومتی قرضے ملکی ہوں یا غیر ملکی اور بنک کا انٹرسٹ کسی بھی شکل میں ہو، یہ تمام صورتیں حرام ہیں اور ربا کی تعریف میں شامل ہیں؛

۳. انٹرسٹ پر مبنی موجودہ تمویلی نظام اسلامی احکام کے خلاف ہے؛

۴. علما اور ماہرین اقتصادیات نے جو متبادل اسلامی طریقہ ہائے تمویل تجویز کیے ہیں وہ دو سو کے قریب اسلامی مالیاتی ادارہ اختیار کر چکے ہیں جو اس بات کا ثبوت ہے کہ سود کے یہ متبادل طریقے قابل عمل ہیں؛

۵. نظریہ ضرورت کے تحت سود کی اجازت نہیں دی جاسکتی کیونکہ بینکاری کا طویل تجربہ رکھنے والے ماہرین اقتصادیات اس بات پر متفق ہیں کہ اسلامی طریقہ ہائے تمویل نہ صرف ممکن ہے بلکہ مفید بھی ہیں اور معاشی استحکام کے لیے ناگزیر ہیں۔ عصری تمویلی نظام کو متبادل طریقوں پر ڈھالنے کے حوالے سے متعدد اقدامات ہو چکے ہیں اس لیے نظریہ ضرورت کی بناپر اب اسے غیر معینہ مدت تک اسے معرض التوا میں نہیں رکھا جاسکتا اس لیے تمام اپیلیں خارج کی جاتی ہیں۔

اشاریہ بندی کے حوالے سے عدالت کے سوالنامہ کے جواب میں ڈاکٹر ایس ایم حسن الزمان صدر اسلامک بنکنگ ڈویژن بنک دولت پاکستان نے اشاریہ بندی کے حوالے سے تفصیلات فراہم کیں کہ انہوں نے اس موضوع پر پانچ سال تک تحقیق کی ہے۔عدالت نے پورا دن ان کے دلائل سنے اور ان دلائل کا خلاصہ درج ذیل ہے:

دنیا کے تقریباً ۲۱ ممالک نے اشاریہ بندی کے نظام کو متعارف کروایا لیکن ان کے ہاں اس نظام میں کوئی یکسانیت نہیں پائی جاتی۔ متعدد ممالک نے تنخواہ، پنشن اور سوشل سیکورٹی کی اشاریہ بندی کی ہے بعض ممالک نے سنگل بانڈ اور بعض نے سرمایہ کاری کی اشاریہ بندی کی ہے۔ برازیل واحد ملک ہے جس نے اسے جامع شکل میں اختیار کیا ہے۔ اکثر ممالک میں جو قدر مشترک ہے وہ یہ ہے کہ وہ تنخواہ یا سرمایہ کاری کی اشاریہ بندی کنزیومر پرائسز یا cost of livings کے ساتھ کرتے ہیں۔ اسی طرح کہیں ایڈوانس ایڈ جسٹمنٹ اور کہیں ایکس پوسٹ فیکٹو ایڈ جسٹمنٹ کا طریقہ رائج ہے اور اس کی مدت ایک ماہ سے ایک سال تک ہو سکتی ہے۔ ان سب کا مقصد افراط زر کی صورت میں نقصان کی تلافی ہے۔ حاصل یہ ہے کہ اسلامی قانون میں قرآن وسنت اور فقہا کی آراء کی روشنی میں اشاریہ بندی کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ اس میں جہل اور غرر جیسے فاسد اوصاف بھی ہیں جن کی وجہ سے عقد باطل ہو جاتا ہے۔ عدالت کے سامنے یہ اعتراض بھی کیا گیا کہ موجودہ دنیا میں افراط زر کی جو صورت حال ہے وہ فقہاء کے دور میں نہیں تھی اور نہ ہی انہیں اس تجربے سے سابقہ پیش آیا اس لیے عصر حاضر کے حالات کے تناظر میں افراط زر کے مسئلے پر اجتہاد کیا جائے کیونکہ نبی ﷺ کا فرمان ہے: ”لا ضرر ولا ضرار في الإسلام“ اور افراط زر کی صورت میں ایک فریق کو نقصان ہوتا ہے۔ اشاریہ بندی آج کے دور میں اس کا مناسب حل ہے۔ عدالت نے قرار دیا کہ عملی لحاظ سے اشاریہ بندی میں بے شمار پیچیدگیاں ہیں یہاں یہ طے کرنا ہی مشکل ہے کہ افراط زر کا ذمہ دار کون ہے؟ چونکہ اس کے مختلف عوامل ہوتے ہیں مثلاً حکومتی اقدامات، اسٹاک ایکسچینج اور اس نوع کے بے شمار دوسرے عوامل ہیں۔ مزید یہ کہ قرآن وسنت اشاریہ بندی کی اجازت نہیں دیتا۔ افراط زر کے حوالے سے عمر چھاپرا اور ڈاکٹر نجات اللہ صدیقی نے بھی دلائل دیتے ہوئے کہا کہ اسلامی قانون کے مطابق تلافی یا ازالہ نقصان کا ذمہ دار وہ شخص ہے جس نے نقصان پہنچایا دوسرے فریق سے کسی طرح بھی نقصان کا ازالہ نہیں کرایا جاسکتا اور یہاں نقصان پہنچانے والے فریق کا تعین بھی ناممکن ہے۔[44]

(44) "About twenty-one countries of the world have introduced indexation but the coverage of indexation is not similar in different

اسلامی نظریاتی کونسل بھی اس نتیجے پر پہنچی ہے کہ قرض خواہ صرف اصل زر کا حق دار ہے، اسلامی فقہ اکیڈمی جدہ کا ایک اجلاس ۱۰ تا ۱۵ دسمبر ۱۹۸۸ء کو کویت میں منعقد ہوا اس کی پانچویں نشست میں افراط زر اور اشاریہ بندی کے موضوع پر تحقیقی مقالہ جات پیش کیے گئے جس میں یہ قرار دیا گیا کہ اشاریہ بندی جائز نہیں ہے۔[45] افراط زر کی تلافی کے حوالے سے جسٹس وجیہ الدین کا فیصلہ اعجاز ہارون بنام انعام درانی [46] کو بھی پیش کیا گیا جس پر عدالت نے کہا کہ جسٹس وجیہ الدین نے جن فقہا کی آراء کو بنیاد بنایا ہے ان میں معروف فقیہ علامہ ابن عابدین شامی کے رسائل میں سے "تنبیہ الرقود علی مسائل النقود" کا ذکر ہے لیکن ان میں علامہ ابن عابدین کی کتاب سے نہ تو کوئی متعین اقتباس پیش کیا گیا اور نہ ہی اس کا ترجمہ۔ علامہ ابن عابدین نے جو مسئلہ ذکر کیا ہے وہ یہ ہے کہ اگر کوئی شخص کسی سے کرنسی میں کپڑا خریدتا ہے اور خریداری سے قبل ہی کرنسی تبدیل ہو جائے یا وہ

---

countries. A large number of countries have indexed wages, pensions and social security payments. Some other countries have indexed a single bond while many countries have indexed different forms of investments. Brazil is the only country to adopt this practice comprehensively. It is because of these differences that the techniques of indexation and the choice of index differ in different countries. The most common technique of indexation is linking wage or investment to consumer prices or cost of living. Some countries make advance adjustments with prices while most countries practice ex post facto adjustments. The period of adjustment ranges from one month to one year; in some cases, even three years." *(PLD 1992, 2, FSC, V. XLIV, p.104).*

(45) We may conclude this discussion with the quotation from M. Umer Chapra's book "*Towards a Just Monetary System*", who is a well-known Pakistani Economist, author of several books and attached with the Government of Saudi Arabia as its Financial Adviser for many years. He writes;

> "Indexation of *qarḍ ḥasanah* in terms of a price index may also not be defensible on economic grounds because even though it is proposed with the innocent objective of doing justice to the lender of *qarḍ ḥasanah*, it has the potential of initiating gross injustice to the borrower, particularly in years when the rate of inflation is higher than the rate of interest. Indexation essentially implies a zero-real rate of interest. In the real world, however, this has rarely been the case. The real rate of interest has fluctuated. In fact, in certain years it has also been negative. When it has been positive it has tended to drain real profits and decelerated investment growth thus exacerbating the long run problems of economic growth. Hence when lenders have not always been assured a zero-real rate of interest even in capitalist economics, would it be wise to do so in Muslim countries." M. Umar Chapra, *Towards a Just Monetary System* (Wiltshire), p.41.

(46) PLD 1989, Karachi, page 334

کرنسی قابل استعمال نہ رہے یا اس کی قیمت میں کمی یا زیادتی ہو جائے، تو اگر قابل استعمال ہی نہ رہے تو یہ معاہدہ باطل ہو گیا کیونکہ جس قیمت پر اتفاق ہوا تھا وہ ختم ہو گئی اور اگر کرنسی میں کمی بیشی ہوئی ہے تو معاہدہ درست ہے اور جو قیمت طے ہوئی تھی وہی ادا کرنا ہو گی اس طرح کی دیگر مثالیں بھی ہیں ان میں بعض مسائل میں امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کے اختلافات بھی ہیں اس سب کا حاصل یہ ہے کہ ان فقہاء کی آراء سے فاضل جج کے موقف کی تائید نہیں ہوتی۔[47] ڈاکٹر حسن الزمان نے اپنے ایک مونو گراف بعنوان Indexation of Financial Assets ... An Islamic Evaluation میں بطور ماہر اقتصادیات اس فیصلے میں دیے گئے دلائل کی تردید کی ہے۔

اس کے بعد عدالت نے ایک ایک کر کے ان قوانین اور ایکٹ کا جائزہ لیا جن میں سود کو قانونی تحفظ دیا گیا تھا۔ شریعہ درخواستوں میں انہیں قرآن و سنت کے منافی ہونے کی بنیاد پر چیلنج کیا گیا تھا، ان میں پہلا قانون The Interest Act 1839 ہے اس ایکٹ کا تفصیلی جائزہ لینے کے بعد عدالت ان نتیجے پر پہنچی کی یہ قرآن و سنت سے متصادم ہے:

> For the reasons already discussed in detail we would hold that the interest act 1939 is repugnant to the injunctions of Islam as laid down in the Holy *Qur'ān* and *Sunnah* of the Holy Prophet PBUH.[48]

اس کے بعد عدالت نے The Government Saving Banks Act 1873 کا تفصیلی جائزہ لینے کے بعد ان دفعات کو قرآن و سنت کے منافی قرار دیا جن میں لفظ انٹرسٹ، ریٹرن یا مارک اپ جیسے الفاظ سود کے لیے استعمال کیے گئے تھی اور یہ قرار دیا کہ یہ تمام الفاظ سود کے مفہوم میں ہیں۔ مزید یہ کہ بیع موجل کو مارک اپ کے ساتھ خلط ملط کرنا بھی درست نہیں ہے۔

---

(47) "Indexation is not permissible in any kind of loan granted on deferred payment in the way that the parties who make the contract of sale or loan in a prevailing currency may connect it to some commodities and impose on the borrower/purchaser to pay the value of those commodities in the currency prevailing at the time of payment. (*Monthly al-Balagh*, Karachi, August 1987)" *PLD 1992, V. XLIV, 229(iii) FSC p.133.*

(48) *PLD 1992, V. XLIV, 238 FSC p.136.*

نفع و نقصان میں شرکت (PLS Accounts) کے تحت جو رقوم وصول کی جا رہی ہیں اور انہیں مارک اپ نظام کے تحت زیر استعمال لایا جا رہا ہے انہیں سود کے سوا کوئی اور نام دینا مشکل ہے۔ دینی حلقوں میں پہلے ہی سے اس اندیشے کا اظہار کیا جا رہا ہے کہ پی ایل ایس نظام محض نام کی تبدیلی ہے اور اس سودی نظام کو دوبارہ ایک نئے نام سے جاری رکھا گیا ہے۔

> Thus, Mark-Up system , as in vogue, is held to be repugnant to the Injunctions of Islam and the word mark-up be deleted from the provisions of section 79 and 80 of the Negotiable instruments Act, 1881.(49)

عدالت نے کرایہ داری (Lease) کے بارے میں قرار دیا کہ اس کا جواز کچھ شرائط کے ساتھ مشروط ہے، اسلامی فقہ اکیڈمی جدہ اپنے اجلاس منعقدہ ۱۱ تا ۱۶ اکتوبر ۱۹۸۶ء میں بنک کے نظام میں لیز کو جائز قرار دے چکی ہے۔ فقہ اکیڈمی کے اجلاس میں جو تفصیلات طے کی گئیں ان میں کہا گیا کہ اسلامی ترقیاتی بنک خریدار کو مشین وغیرہ کی خریداری کے مقصد کے لیے ایجنٹ بنا سکتا ہے اور خریدار اسے خریدنے کے بعد کرائے پر لے سکتا ہے۔ البتہ زیادہ مناسب طریقہ کار یہ ہے کہ بنک خریداری کے لیے کسی اور کو اپنا نمائندہ بنائے اور وہ اشیاء خرید کر بنک کو دے جب چیز بنک کے قبضے میں آئے تو اس کے بعد ہی وہ اسے بیچ سکتا ہے۔ اس دوران کوئی چیز ضائع ہو جائے تو بنک مالک ہونے کی حیثیت سے اس نقصان کو برداشت کرے گا۔ عدالت نے قرار دیا کہ اگرچہ کرائے پر کوئی چیز دینا جائز تو ہے مگر زیادہ محفوظ طریقہ مشارکہ اور مضاربہ جیسے اسالیب تمویل ہیں۔ بنکوں میں ایک دوسرا طریقہ بھی ہے جسے ہائیر پرچیز کہا جاتا ہے اس میں بنک مشترکہ ملکیت تحت ایک چیز خریدتا ہے اس کے بارے میں عدالت نے قرار دیا کہ اس میں شرعی لحاظ سے کوئی قباحت نہیں ہے۔

> There seems to be no repugnancy in it from *Sharī'ah* point of view.

ایک اور اصطلاح سروس چارجز کی استعمال ہوتی ہے شرعی لحاظ سے یہ درست ہے۔ اس کے بارے میں اسلامی فقہ اکیڈمی کی قرارداد بطور دلیل پیش کیا کہ یہ جائز ہے۔ The Land Acquisition Act 1894 کی دفعہ ۳۴(50) کو عدالت میں چیلنج کیا گیا کہ یہ اسلام کے خلاف ہے، عدالت نے اس دفعہ کو

---

(49) PLD 1992, V. XLIV, 262 FSC p.145.

(50) S.34. "Payment of interest:-- When the amount of such compensation is not paid or deposited on or before taking

قرآن وسنت کے منافی قرار دیا۔ سی پی سی ۱۹۰۸ کی بعض دفعات مثلاً دفعہ ۳۴، A اور D کو چیلنج کیا گیا جنہیں عدالت نے قرآن وسنت کے منافی قرار دیا۔ اسی طرح کواپریٹو سوسائیٹی ایکٹ ۱۹۲۵ء اور کواپریٹو سوسائیز رولز ۱۹۸۷ء کے بعض قوانین کو خلاف اسلام قرار دیا گیا۔ اس کے علاوہ انشورنس ایکٹ ۱۹۳۸ کی بعض دفعات اسٹیٹ بنک آف پاکستان ایکٹ ۱۹۵۶، زرعی ترقیاتی بنک کے رولز ۱۹۶۱ء دی بنکنگ کمپنیز رولز ۱۹۶۳ء کے قوانین کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور بعض دفعات کو خلاف اسلام قرار دیا گیا۔

عدالت نے بلا سود بنکاری کے قابل عمل ہونے کے متعدد دلائل دیے۔ ایک دلیل یہ دی گئی کہ بلا سود بنکاری ایران، اردن، ملائشیہ، مصر اور دیگر ممالک میں شروع ہو چکی ہے۔ عدالت نے اسلامی بنکوں کے طریقے کار پر بھی بحث کی اور ایک تجویز یہ دی گئی کہ بنک قرض حسنہ کے تصور کو فروغ دینے کے لیے اپنے وسائل کا کچھ حصہ مختص کر دے۔ عدالت نے اسلامی بنکاری کے طریقے کار کو ایک انقلابی قدم قرار دیا۔

> We are, however, fully conscious of the fact that the restructuring of the commercial banks operations on Islamic lines would represent a radical departure from the traditional British Bank system as current in Pakistan.(51)

ایس ایم ظفر کی اس درخواست پر کہ نظام کو بدلنے کے لیے اور تیاری کے لیے حکومت کو مناسب وقت دیا جائے، عدالت نے قرار دیا کہ حکومت کے پاس قیام پاکستان بالخصوص قرارداد مقاصد پاس ہونے کے بعد خاصا وقت تھا اب یہ قرارداد دستور کا دیباچہ نہیں رہی بلکہ اس کا جوہری حصہ (Substantive Part) بن چکی ہے۔ اس کے بعد ۱۹۵۶ء، ۱۹۶۲، اور ۱۹۷۳ کے دساتیر میں بھی یہ ضمانت دی گئی کہ ملک سے سود کا خاتمہ کیا جائے گا۔ اس حوالے سے اسلامی نظریاتی کونسل بلا سود بنکاری پر بہت اہم کام کر چکی ہے اس لیے مزید کسی کمشن کی رپورٹ کا انتظار نہیں کیا جاسکتا جبکہ کمیشن سے کونسل کی حیثیت زیادہ اہم ہے اور یہ ایک آئینی ادارہ ہے اس لیے اس حوالے سے قانون سازی ناگزیر ہے۔

---

possession of the land, the Collector shall pay the amount awarded with compound interest thereon at the rate of eight per centum per annum from the time of so taking possession until it shall have been so paid or deposited-

(51) *PLD 1992, V. XLIV, 378 FSC p.186.*

> The necessary enactment must have been ready by now, particularly, when, Shariat has been declared to be "the supreme law" of Pakistan on 10th April 1991. (52)

آخر میں عدالت نے قرار دیا کہ یہ ہماری آئینی ذمہ داری تھی کہ متعین مدت ختم ہونے کے بعد ہم ان مالیاتی قوانین کا جائزہ لے کر بتائیں کہ کون سے قوانین قرآن و سنت کے منافی ہیں۔ حکومت اس ساری صورت حال سے باخبر ہے حکومت کا کام عدالت کی معاونت تھا لیکن حکومتی وکلا نے اعتراضات کے سوا کچھ بھی نہیں کیا۔

> The Federation as well as the provincial Government, though represented by Senior Counsel rendered no assistance to the Court except raising issues. In fact, in most of the notices issued to them it was specifically stated that in case they desire to rely upon the views of some outstanding Scholars or Economists as expert witnesses they may produce them, but they did neither produce not even show any desire to produce any of them either from Pakistan or abroad.(53)

حکومت کو ۳۰ جون ۱۹۹۲ء تک کا وقت دیا جاتا ہے تاکہ وہ ان قوانین کو قرآن و سنت کے مطابق بنانے کے لیے ضروری قانون سازی کرے، بصورت دیگر یکم جولائی ۱۹۹۲ء سے یہ قوانین قالعدم تصور کیے جائیں گے۔

> We would specify the 30th day of June, 1992, on which the decision shall take effect. The various provisions of the laws discussed in the judgment and held repugnant to the injunctions of Islam will cease to have effect as on and from 1st July, 1992. (54)

بینک دولت پاکستان

بینک دولت پاکستان یا اسٹیٹ بینک آف پاکستان، اسلامی جمہوریہ پاکستان کا مرکزی بینک ہے جس کا قیام ۱۹۴۸ء میں عمل میں آیا۔ قیامِ پاکستان سے پہلے ریزرو بینک آف انڈیا ہی پاکستان میں بھی مرکزی بینک کا کردار ادا کر رہا تھا۔ یکم جولائی ۱۹۴۸ء کو قائدِ اعظم محمد علی جناح نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے افتتاح کے موقعے پر فرمایا:

---

(52) *PLD 1992, V. XLIV, 379 FSC p.186.*
(53) *PLD 1992, V.XLIV, 382 FSC p.188.*
(54) *PLD 1992, V. XLIV, 383 FSC p.188.*

"I shall watch with keenness the work of your Research Organization in evolving banking practices compatible with Islamic ideas of social and economic life…. The adoption of Western economic theory and practice will not help us in achieving our goal of creating a happy and contented people. We must work our destiny in our own way and present to the world an economic system based on true Islamic concept of equality of manhood and social justice. We will thereby be fulfilling our mission as Muslims and giving to humanity the message of peace which alone can save and secure the welfare, happiness and prosperity of mankind." (55)

"میں اشتیاق اور دل چسپی سے معلوم کرتا رہوں گا کہ آپ کی ریسرچ آرگنائزیشن بینکاری کے ایسے طریقے کس خوبی سے وضع کرتی ہے جو معاشرتی اور اقتصادی زندگی کے اسلامی تصورات کے مطابق ہوں۔ مغرب کے معاشی نظام نے انسانیت کے لیے بے شمار مسائل پیدا کر دیے ہیں اکثر لوگوں کی یہ رائے ہے کہ مغرب کو اس تباہی سے کوئی معجزہ ہی بچا سکتا ہے۔ یہ تباہی مغرب کی وجہ سے ہی دنیا کے سر منڈلا رہی ہے۔ مغربی نظام انسانوں کے مابین انصاف اور بین الاقوامی میدان میں آویزش اور چپقلش دور کرنے میں ناکام رہا ہے۔"

بینک دولت پاکستان نے ۲۰ جون ۱۹۸۴ء کو ایک سرکلر BCD Circular No. 13 کے ذریعے بینکنگ سسٹم سے سود کے خاتمے کا اعلان کیا۔ (56) جس میں یہ وضاحت کی گئی کہ:

"As has been announced by the Finance Minister, it is the intention of Government that the Banking System should shift over to Islamic modes of financing during the course of the next financial year. These modes of financing have been described in annexure I." (57)

"جیسا کہ وزیر خزانہ اعلان کر چکے ہیں، حکومت آئندہ مالی سال سے موجودہ بینکنگ سسٹم کو اسلامی اسالیبِ تمویل پر چلانے کا ارادہ رکھتی ہے۔ ان اسالیبِ تمویل کی وضاحت ضمیمہ ا میں کی گئی ہے"

---

(55) SBP, History of Islamic Banking in Pakistan, http://sbp.org.pk, 19 November 2016, 04:00 pm, http://sbp.org.pk/IB/abt-his.asp.

(56) State Bank of Pakistan, '**Elimination of Riba from Banking System**', Circular No. 13, Dated 20 June 1984, retrieved on 16 December 2019 at 12:00 am, http://www.sbp.org.pk/departments/pdf/IBD-OldCircular/BCD-cir13-1984.pdf.

(57) SBP, '**Elimination of Riba from the Banking System**', Circular No. 13, 20th June 1984, retrieved on 21st December 2019, Banking Control Department, State Bank of Pakistan, Karachi. http://www.sbp.org.pk/departments/pdf/IBD-OldCircular/BCD-cir13-1984.pdf.

اس سرکلر کے ذریعے تمام بینکوں کو ہدایت کی گئی کہ وہ سودی اسالیبِ تمویل کی بجائے غیر سودی اسالیب تمویل کو اختیار کریں گے اور اس کے ساتھ ایک شیڈول بھی جاری کیا جس کے اہم نکات درج ذیل ہیں:

یکم جولائی ۱۹۸۴ء سے	تمام بینکوں کو آزادی ہوگی کہ وہ دیئے گئے اسالیبِ تمویل میں سے کسی کے ذریعے بھی تمویل فراہم کر سکتے ہیں۔ البتہ عبوری انتظامات کے طور پر بینکوں کو آزادی ہوگی کہ وہ سودی اسالیب تمویل کو بھی استعمال کر سکتے ہیں، بشرطیہ کہ سود کی بنیاد پر ورکنگ کیپٹل کی سہولت چھ ماہ سے زیادہ نہ دی جائے۔
یکم جنوری ۱۹۸۵ء سے	یکم جنوری ۱۹۸۵ء وفاقی حکومت، صوبائی حکومت، پبلک کمپنیوں اور پرائیویٹ کمپنیوں کو مذکورہ غیر سودی اسالیبِ تمویل میں سے کسی ایک کے ذریعے مالیات فراہم کیے جائیں گے۔
یکم اپریل ۱۹۸۵ء سے	تمام اداروں اور افراد کو مالیات مذکورہ غیر سودی اسالیب تمویل میں سے کسی ایک کے ذریعے فراہم کی جائیں گی۔
یکم جولائی ۱۹۸۵ء سے	یکم جولائی ۱۹۸۵ء سے کوئی بینک سودی بنیادوں پر کھاتہ داروں سے رقوم وصول نہیں کرے گا۔ اس تاریخ کے بعد تمام بینک نفع و نقصان کی بنیاد پر شراکت کے کھاتوں کی صورت میں رقوم وصول کریں گے، ماسوائے چالو کھاتے کے جو کہ بغیر نفع و نقصان کی بنیاد پر ہوگا۔

ان ہدایات کے ساتھ یہ بھی وضاحت کی گئی کہ ان ہدایات کا اطلاق بیرونی قرضوں اور غیر ملکی کرنسی کے کھاتوں پر نہیں ہوگا۔[58] لیکن بدقسمتی سے ان وجوہ کی بناء پر جو صرف اسٹیٹ بینک کے مقتدر حضرات ہی کو معلوم ہوں گی، بینکوں نے اس حکم نامے پر عمل نہیں کیا۔ اسٹیٹ بینک جس کی حیثیت بینکوں کے نگران اور سرپرست کی ہے، اس سے یہ توقع تھی کہ وہ اس بات کو یقینی بنائے گا کہ اس کے حکم نامہ پر پورا پورا عمل کیا جارہا ہے۔ لیکن شاید بینکوں کو اس امر کی پوری آزادی دے دی گئی کہ وہ اس حکم نامے کے متن کی تشریح جس طرح چاہیں کریں اور انہیں شاید یہ اختیار بھی دے دیا گیا کہ وہ متبادل طریقوں کو اپنائیں یا نہ اپنائیں۔[59] بعد ازاں یکم جنوری ۲۰۰۳ء کو بینکنگ پالیسی ڈیپارٹمنٹ، بینک دولت پاکستان نے BPD Circular No. 01 کے ذریعے بتدریج انداز میں سودی معاشی نظام کو اسلامی معاشی نظام میں منتقل کرنے کا فیصلہ کیا۔ اور مرحلہ وار اسلامی بینکاری کے نفاذ کے لئے حکمت عملی کا اعلان کیا گیا[60] جس کے مطابق درج ذیل تین طرح سے

(58) SBP, **'Elimination of Riba from the Banking System'**, Circular No. 13, 20th June 1984,

(59) پروفیسر ڈاکٹر محمود احمد غازی، 'پاکستان میں قوانین کو اسلامیانے کا عمل'، شریعہ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد، ۲۰۰۵، صفحہ ۳۶

(60) SBP, **History of Islamic Banking in Pakistan**, http://sbp.org.pk, 19 November 2016, 04:00 pm, http://sbp.org.pk/IB/abt-his.asp,

اسلامی بینکاری کو ترویج دیتے ہوئے اسلامی بنک کھولنے کی اجازت دینے کا منصوبہ بنایا گیا (61)۔ اس منصوبے میں مندرجہ ذیل تین طرح اسلامی بنکنگ کو ترویج دینے کی اجازت دی گئی:

۱. نجی سطح پر مکمل اسلامی بنک
۲. سودی بنکوں کی ذیلی اسلامی برانچیں
۳. سودی بنکوں کی اسلامی برانچیں

عدالت عظمیٰ کے فیصلے کے پیراگراف ۷(ا) کے تحت بینک دولت پاکستان کو یہ حکم دیا گیا کہ اپنا شریعہ بورڈ تشکیل دے:

> Establishment of special departments within the State Bank–Sharia's (Sharī'ah) Board for scrutiny and evaluation of Board's procedures and products and for providing guidance for successfully managing the Islamic economics.(62)

اس حکم پر عمل کرتے ہوئے بینک دولت پاکستان کے شعبہ اسلامی بینکاری کی نگرانی کے لیے ایک شریعہ بورڈ تشکیل دیا گیا جس کے پہلے چیئرمین پروفیسر ڈاکٹر محمود احمد غازی مرحومؒ تھے جو تاحیات اس بورڈ کے چیئرمین رہے۔(63) اس شریعہ بورڈ کی تاحال تفصیل حسبِ ذیل ہے(64):

Term	Chairman (Shariah Scholar)	Shariah Scholar(s)	Accountant	Lawyer	Expert in Economics or Banking & Finance	Ex-Officio member/ Secretary
1st (2004 –05)	Dr. Mahmood Ahmad Ghazi	Dr. Imran Usmani	Mr. Ebrahim Sidat	Syed Riaz-ul-Hasan		Mr. Pervez Said

(61) محمد اصغر شہزاد، عبدالحمید، 'سودی بنکوں کی اسلامی شاخوں کا ایک تجزیاتی مطالعہ'، پاکستان جرنل آف اسلامک ریسرچ، اسلامک ریسرچ سینٹر، بہاالدین زکریا یونیورسٹی، ملتان، جلد ۱۹، شمارہ ۲، https://ssrn.com/abstract=2876234

(62) PLD 2000 SC 225.

(63) حافظ حبیب الرحمٰن، محمد اصغر شہزاد، '**اسلامی بینکاری و مالیات کی ترویج: پروفیسر ڈاکٹر محمود احمد غازیؒ کی خدمات کا جائزہ**'، پاکستان جرنل آف اسلامک ریسرچ، اسلامک ریسرچ سینٹر، بہاالدین زکریا یونیورسٹی، ملتان، جلد ۲۰، شمارہ ۲، (دسمبر ۲۰۱۹)۔ https://ssrn.com/abstract=2876234

(64) SBP, 'Shariah Advisory Committee', Islamic Banking Department, State Bank of Pakistan, Karachi, retrieved on 7th February 2020, at 02:13 am on http://www.sbp.org.pk/IB/shariah.asp.

				Gilani		
2nd (2006 –07)	Dr. Mahmood Ahmad Ghazi	Dr. Imran Usmani	Mr. Ebrahim Sidat	Syed Riaz-ul-Hasan Gilani		Mr. Pervez Said
3rd (2008 –09)	Dr. Mahmood Ahmad Ghazi	Dr. Imran Usmani	Mr. Ebrahim Sidat	Syed Riaz-ul-Hasan Gilani		Mr. Pervez Said
4th (2010 –11)	Dr. Mahmood Ahmad Ghazi/ Dr. Fida Muhammad Khan	Dr. Imran Usmani	Mr. Ebrahim Sidat	Syed Riaz-ul-Hasan Gilani		Mr. Pervez Said / Mr. Saleem Ullah
5th (2012-2013)	Dr. Fida Muhammad Khan	i) Mufti Muhammad Zubair Usmani (ii) Dr. Muhammad Qaseem	Mr. Ebrahim Sidat	Justice Khalil-ur-Rehman Khan		Mr. Saleem Ullah
6th (2014-2017)	Justice (R) Mufti Muhammad Taqi Usmani	i) Mufti Muhammad Zubair Usmani (ii) Dr. Muhammad Qaseem	Mr. Ebrahim Sidat	Justice Khalil-ur-Rehman Khan		Mr. Saleem Ullah/ Mr. Yavar Moini / Mr. Ghulam Muhammad
7th (2018-D)	Mufti Irshad Ahmad Aijaz	Dr. Noor Ahmed Shahtaz	Syed Najmul Hussain	Justice (R) Syed Jamshed Ali	Mr. Mansur-Ur-Rehman Khan	Syed Samar Hasnain/ Mr. Ghulam Muhammad

بینک دولت پاکستان اس شریعہ بورڈ کی راہنمائی میں گاہے بگاہے ہدایات جاری کرتا رہتا ہے، تاکہ اسلامی بینکوں کی مصنوعات اور خدمات شرعی اصولوں کی روشنی میں بنائی اور چلائی جا سکیں۔ اس سلسلے میں بینک دولت پاکستان نے یکم جون ۲۰۰۴ء کو IBD Circular Letter No. 1 کے ذریعے ضروری اسالیبِ تمویل اور معاہدات کے نمونے متعارف کروائے Essentials and Model Agreements for Islamic Modes of Financing۔ ان کا مقصد اسلامی بینکوں کی مصنوعات اور خدمات میں یکسانیت پیدا کرنا تھا۔ اس کے علاوہ شریعہ بورڈ کی تقرری اور ان کی اہلیت کے حوالے سے بھی راہنمائی کی گئی [65]۔ اسی نوع کی ہدایات میں ۲۵ مارچ ۲۰۰۸ء کو IBD Circular No. 02 کے ذریعے مروجہ اسلامی

(65) محمد اصغر شہزاد، حبیب الرحمٰن، 'اسلامی بینکوں میں شریعہ ایڈوائزری: ایک تجزیاتی مطالعہ'، فکر و نظر، ادارہ تحقیقاتِ اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد، جلد ۵۴، شمارہ ۴، (۲۰۱۷ء) https://ssrn.com/abstract=2891044

بینکوں میں شرعی اصولوں کی پیروی کے حوالے سے ہدایات اور رہنمائی دی گئی جس کے مطابق بنکوں کو ہدایت کی گئی کہ وہ ایک شریعہ مشیر تعینات کریں، بینکوں میں شریعہ آڈٹ کا اہتمام کریں[66] علاوہ ازیں بینکوں کی راہنمائی کے لیے اسالیبِ تمویل بھی ذکر کیے گئے۔[67] بعد ازاں ۲۰۱۴ء میں ایک جامع شریعہ گورننس فریم ورک جاری کیا گیا جس میں نہ صرف شریعہ بورڈ بلکہ بورڈ آف ڈائریکٹرز اور اعلیٰ انتظامیہ کی ذمہ داریوں کا بھی تعین کیا گیا۔ اس شریعہ گورننس میں یہ بھی وضاحت کی گئی کہ اسلامی بینک اندرونی شریعہ آڈٹ کے ساتھ ساتھ بیرونی شریعہ آڈٹ کا بھی اہتمام کریں گے[68] تاکہ اس بات کی یقین دہانی کی جاسکے کہ اسلامی بینکوں میں شرعی احکام کی پیروی کما حقہ کی جا رہی ہے یا نہیں۔ اس حوالے سے مزید وضاحت ۲۰۱۸ء کے شریعہ گورننس فریم ورک میں کی گئی۔ اس کے علاوہ ضرورت کے پیش نظر بینک دولت پاکستان اکاؤنٹنگ اور آڈٹنگ آرگنائزیشن برائے اسلامی مالی ادارے کے شرعی معیارات کو بھی اختیار کرتا ہے۔ یکم مارچ ۲۰۱۹ء کو سرکلر ا برائے ۲۰۱۹ء کے تحت اکاؤنٹنگ اور آڈٹنگ آرگنائزیشن برائے اسلامی مالی ادارے کے متعدد شرعی معیارات کو اختیار کیا گیا۔ ان کے علاوہ حال ہی میں بینک دولت پاکستان نے اسلامی بینکوں کے عملے، شریعہ بورڈ، اور اعلیٰ انتظامیہ کے لیے تربیتی پروگرام کے انعقاد کے حوالے سے بھی سرکلر جاری کر رکھا ہے۔ جس کے ذریعے اسلامی بینکوں کے عملے کی استعداد کار میں اضافہ ہوگا۔

***

(66) Shahzad, Muhammad Asghar and Saeed, Syed Kashif and Ehsan, Asim, **“Sharī’ah Audit and Supervision in Sharī’ah Governance Framework: Exploratory Study of Islamic Banks in Pakistan”,** Business & Economic Review, IM Sciences, Peshawar, Volume 9, Issue 1, (2017) pages 103-118. https://ssrn.com/abstract=2876051.

(67) SBP, **‘Instructions and Guidelines for Shariah Compliance in Islamic Banking Institutions’,** Islamic Banking Department, State Bank of Pakistan, Karachi, IBD Circular No. 02, March 25th 2008, retrieved on 7th February 2020 at 03:30 am. http://www.sbp.org.pk/ibd/2008/C2.htm.

(68) Shahzad, Muhammad Asghar and Khan, Raees, **‘External Sharī’ah Auditors in Islamic Banking and Finance Industry: Challenges of Qualification and Professional Competency’,** The Pakistan Accountant, The Institute of Chartered Accountants of Pakistan, July - September 2019, pp 49-51. Available at SSRN: https://ssrn.com/abstract=3478878.

انسانی حقوق کے حوالے سے اسلامی نظریاتی کونسل کی سفارشات کا تجزیاتی مطالعہ

An overview of the reports of Council of Islamic Idealogy regarding Human Rights

عائشہ جدون*

اشفاق احمد**

Abstract

The Council of Islamic Ideology is key component in all institutions where promotion of Islamic ideology is paramount. The Council has given tremendous input in developing and amending the Islamic laws. According to the article 230 of the Constitution of Pakistan, it is pertinent that the council has to advise the legislative and establishment on the development and application of Islamic laws. Moreover, the Council also responds on the Human rights laws after assessing their validity under Islam. For instance, article 2 of the International Law has been removed due to its of clarity in comparison to the Islamic Constitution and amendments have been done in article 3 and 10(1) of the International convention for Economic, Cultural and Social Rights thus playing a viable role. The recommendations of the Council on Human rights laws are pragmatic in various aspects as they fill the lacuna in the constitution. Moreover, International organizations scathingly defy the contemporary recommendations of the council on the rights of women and children.

Keywords: *The Council of Islamic Idealogy, Human rights, Constitution of Pakistan, Recommendations.*

تمہید

اسلامی نظریاتی کونسل کا شمار ان آئینی اداروں میں ہوتا ہے جن کی بنیاد ملک میں اسلامی نظام کی ترویج کے یک نکاتی ایجنڈے پہ استوار کی گئی ہے۔اس حوالے سے کونسل نے گراں قدر خدمات سرانجام دی ہیں۔ تمام

* لیکچرر عربک اینڈ اسلامک اسٹڈیز، وومن یونی ورسٹی، صوابی a_jadoon82@yahoo.com

** ریسرچ آفیسر اسلامی نظریاتی کونسل، اسلام آباد۔ ishfaq_iiui@yahoo.com

مروج قوانین پہ نظر ثانی کرنے کے ساتھ ساتھ کئی اہم امور حیات کے متعلق نئے مسودہائے قوانین بھی تیار کر کے مقننہ کو پیش کیے گئے ہیں۔ جن میں سے بیشتر قوانین ہنوز شرمندہ تنفیذ ہیں۔ آئین پاکستان کے آرٹیکل ۲۳۰ کی روسے کونسل کی ایک بنیادی ذمہ داری یہ ہے کہ وہ "کسی ایوان، صوبائی اسمبلی، صدر یا کسی گورنر کو کسی ایسے سوال کے بارے میں مشورہ دے جس کی بابت اس سے پوچھا جائے کہ وہ قانون اسلامی کے منافی ہے یا نہیں۔"[1] اس کے تحت قومی وصوبائی اسمبلیاں اور مختلف وزارتیں وقتاً فوقتاً کونسل کو استفسارات ارسال کرتی رہتی ہیں جن پہ غور کر کے کونسل جواب ارسال کرتی ہے۔[2] انسانی حقوق کے حوالے سے کونسل کی سفارشات دو طرح کی ہیں: ایک تو وہ سفارشات جو قوانین کے جائزے کے دوران کونسل نے پیش کیں، یہ سفارشات گو کہ تعداد میں کم ہیں لیکن ان کی حیثیت مقننہ کے لیے رہنما اصول کی سی ہے۔ دوسری وہ سفارشات جو کہ کسی استفسار کے جواب میں دی گئی ہیں۔ یہ استفسارات عام طور پر حقوق انسانی کے بین الاقوامی قانون کی بعض دفعات کے متعلق ہیں۔ مقالہ ہذا میں درج بالا دو حوالوں سے اسلامی نظریاتی کونسل کی سفارشات کا مطالعہ کیا گیا ہے۔

انسانی حقوق کے حوالے سے کونسل کی رہنما سفارشات/اصول

انسانی حقوق کے حوالے سے آئین پاکستان میں واضح طور پر بنیادی انسانی حقوق کا تعین کیا گیا ہے لہذا آئینی طور پر کسی بنیادی انسانی حق کے خلاف قانون سازی کرنا ممکن نہیں۔ تاہم بعض اوقات ایسے قانون تشکیل پاتے رہے جن سے بظاہر بنیادی انسانی حقوق متاثر ہوتے ہیں؛ ایسے قوانین کسی نہ کسی شکل میں اب بھی موجود ہیں۔ اسلامی نظریاتی کونسل نے ایسے قوانین کے سد باب کے لیے اپنی حتمی رپورٹ میں کچھ رہنما اصول دیے ہیں اور آئین

---

(1) آئین پاکستان کے آرٹیکل ۲۳۰ میں کونسل کے جو فرائض منصبی بیان ہوئے ہیں وہ یہ ہیں:

1) کونسل کو ایسے ذرائع و مسائل کی سفارش کرنا پارلمنٹ اور صوبائی اسمبلی کو جس سے پاکستان کے مسلمانوں کو اپنی زندگیاں اسلام کے مطابق گزارنے کی ترغیب ملے؛

2) کسی ایوان، صوبائی اسمبلی، صدر یا کسی گورنر کو کسی ایسے سوال کے بارے میں مشورہ دینا جس کی بابت اس سے پوچھا جائے کہ وہ قانون اسلامی کے منافی ہے یا نہیں؛

3) ایسی تدابیر جن سے قوانین کو اسلامی احکام کے مطابق بنایا جائے گا سفارش کرنا؛

4) پارلمنٹ اور صوبائی اسمبلی کی راہنمائی کے لیے اسلام کے احکام کی موزوں شکل میں تدوین کرنا جنھیں قانونی طور پر نافذ کیا جاسکے؛

5) اسی طرح آرٹیکل ۲۹۹ کے تحت کوئی سوال ایوان، صوبائی اسمبلی وغیرہ سے کونسل کو بھیجا جائے تو ۱۵ دن کے اندر کونسل اس مدت کے بارے میں بتائے گی جس میں وہ مشورہ فراہم کر سکے۔ آئین پاکستان ۱۹۷۳ کے آرٹیکل ۲۳۰ (۱)(سی)۔

(2) یہ استفسارات اب کونسل سے طبع ہو چکے ہیں، ملاحظہ ہو: ڈاکٹر اکرام الحق یاسین، **استفسارات**، (اسلام آباد: اسلامی نظریاتی کونسل، ۲۰۱۸ء)۔

پاکستان میں دیے گئے بنیادی انسانی حقوق کو ملحوظ رکھنے کی سفارش کے ساتھ ساتھ بعض قوانین میں ترمیم بھی تجویز کی، جن کی مختصر تفصیل درج ذیل ہے:

اُ. بنیادی انسانی حقوق کا تحفظ اور دستور کی بالادستی

اسلامی نظریاتی کونسل نے آئینی ذمہ داری کی تکمیل کرتے ہوئے اپنی حتمی رپورٹ میں قوانین کے جائزے کے لیے کچھ رہنما خطوط تشکیل دیے ہیں[3]۔ان رہنما اصولوں کی تمہید میں کونسل نے قرار دیا ہے:

> چونکہ قوانین پر دستور کی بالادستی یقینی بنانا حکومت کی اولین ذمہ داری ہے اور دستور میں شامل جملہ حقوق کو تحفظ فراہم کرنا لازمی ہے لہذا سفارش کی جاتی ہے کہ ایسے تمام قوانین جو دستور کے آرٹیکل ۳۱تا۳۸ کے خلاف ہیں۔۔ فوراً منسوخ کر دیے جائیں۔[4]

اس دوٹوک تجویز کے بعد کونسل نے چند قوانین کے حوالے پہ مشتمل ایک مختصر سی فہرست پیش کی ہے۔ اہم بات یہ ہے کہ اس فہرست میں پہلا حوالہ بنیادی انسانی حقوق کا ہے کہ دستور کے ابتدائیہ کے پیرا نمبر ۴و۸ میں شامل، نیز آرٹیکل ۸ میں دیے گئے حقوق کے منافی قوانین[5] نہ بنائے جائیں۔ اس سے اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ بنیادی انسانی حقوق کے حوالے سے کونسل کے ہاں کس قدر حساسیت ہے۔

ب. مقدس ہستیوں کے ناموس کا تحفظ

رہنما اصولوں کی تمہیدی ہدایات میں ایک اور ہدایت مقدس ہستیوں کی ناموس کے خلاف ہونے والے جرائم کے سدباب سے متعلق ہے جس کے بارے میں کونسل نے قرار دیا کہ:

> آرٹیکل ۳۳ اور مجموعہ تعزیرات پاکستان ۲۲۸ کی روشنی میں مسلمہ اور مقدس ہستیوں کی شان میں گستاخی سے متعلق جرائم۔[6]

ج. بنیادی انسانی ضروریات/رہائشی مکان

کونسل نے رہنما اصولوں کے بیان میں بطور دوسرا اصول اس بات کو ذکر کیا ہے کہ رہائشی مکان ہر انسان کی بنیادی ضرورت ہے لہذا ایک رہائشی مکان پر حکومت کو کسی نوع کا ٹیکس لگانے کا اختیار نہیں اور ٹیکس کی بابت قوانین میں ترمیم کرتے ہوئے ایک مکان کو مستثنیٰ کیا جائے۔

---

(3) ملاحظہ ہو: آئین پاکستان کی دفعات ۲۲۷، ۲۳۰۔

(4) ملاحظہ ہو: اسلامی نظریاتی کونسل، **فائنل رپورٹ**، (اسلام آباد: ادارہ تحقیقات اسلامی، ۱۹۹۸ء)، ۱۔

(5) اسلامی نظریاتی کونسل، **مصدر سابق**۔

(6) اسلامی نظریاتی کونسل، **مصدر سابق**۔

''اسلام نے پانچ چیزوں کو انسان کی بنیادی ضروریات قرار دیا ہے۔ چنانچہ ہر شخص ان کے حصول کا حق دار اور حکومت ان کی فراہمی کی ذمہ دار ہے۔ رہائشی مکان ان ضروریات میں سے ایک ہے۔ اس لیے کونسل سفارش کرتی ہے کہ جنقوانین کے تحت ہاوس ٹیکس نافذ کیا گیا ہے ان میں اس طرح ترمیم کر دی جائے کہ ہر شہری کے ایک رہائشی مکان کو اس سے مستثنیٰ قرار دیا جائے۔''[7]

د. بلا روک ٹوک دادرسی کا حق

وہ تمام قوانین جو مظلوم یا متاثرہ شہری کے حق دادرسی کی راہ میں رکاوٹ بنتے ہیں ان میں بھی ترمیم کی جائے۔ اس سلسے میں بطور خاص وہ قوانین جن میں متاثرہ شخص کو چارہ جوئی سے قبل کسی افسر مجاز سے اجازت کا پابند کیا گیا ان میں تبدیلی کے لیے کونسل نے حکومت کو رہنما اصول نمبر ۳ میں سفارش کی ہے۔ چنانچہ کونسل نے قرار دیا کہ:

''ایسے جملہ قوانین یا دفعات جن کی رو سے متاثرہ افراد کے لیے لازمی قرار دیا گیا ہے کہ اپنے اپور ہونے والے ظلم کی دادرسی کے لیے چارہ جوئی سے پہلے کسی افسر یا اہل کار سے اجازت حاصل کریں منسوخ ہونے چاہییں یا ان میں اس طرح ترمیم کی جانی چاہیے کہ ہر متاثرہ شخص کسی سے اجازت لیے بغیر زیادتی کے خلاف قانونی چارہ جوئی کر سکے۔''[8]

ہ. جائداد کے تحفظ کا حق

اسلام میں نجی املاک کے تحفظ کو غیر معمولی اہمیت حاصل ہے اور کسی بھی شخص کا بنیادی حق ہے کہ وہ اپنی مملوکہ چیز میں بیع وشراء کے حوالے سے جو چاہے تصرف کرے۔ اسلام کی رو سے کسی کی نجی زمین پر قبضہ کرنا ظلم اور ہلاکت و بربادی کا سبب ہے۔ کئی آیات اور احادیث میں اس حوالے سے سخت وعیدیں وارد ہیں[9]۔ اسلامی نظریاتی کونسل نے رہنما اصول نمبر ۴ میں اس حوالے سے حکومت کو سفارش کی ہے کہ کسی کی جائداد کا دائمی یا عارضی قبضہ مالک کی رضامندی کے بغیر حاصل نہ کیا جاوے۔

''حکومت کا کسی کی جائداد کو حاصل کرنا اور عارضی طور پر قبضہ میں لینا مالک کی رضاکارانہ منظوری کے تابع اور معاوضہ کی ادائی کے وقت مروجہ بازاری قیمت کے مطابق ہونا چاہیے۔''[10]

و. ورثاء کے لیے حق ترکہ کا تحفظ

کونسل نے اپنی سالانہ رپورٹ ۱۹۸۶ء/۸۷ء میں حکومت کو یہ سفارش کی تھی کہ سرکاری ملازمین کی وفات کے وقت ان کے بقایاجات شرعی ورثاء میں تقسیم ترکہ کے اصولوں کی روشنی میں تقسیم کیے جائیں اور صرف وصی

(7) اسلامی نظریاتی کونسل، **مصدر سابق**، ۵۔

(8) اسلامی نظریاتی کونسل، **مصدر سابق**، ۷۔

(9) ملاحظہ ہو: القرآن، ۴: ۲۹؛ بخاری، محمد بن اسماعیل، **الجامع الصحیح**، (بیروت: دار الجیل)، ۲: ۱۳۵۔

(10) اسلامی نظریاتی کونسل، **فائنل رپورٹ**، ۸۔

اور بیوہ کو تمام مال نہ دیا جائے۔ متوفی نے اگر بیوی کے حق میں تمام مال کی وصیت کی ہو تو شیعہ ہونے کی صورت میں تہائی مال بیوہ کو دیا جائے جبکہ باقی دو تہائی بشمول زوجہ ورثاء میں تقسیم کیا جائے۔[11] کونسل نے اپنی فائنل رپورٹ میں بطور رہنما اصول قدرے مزید تفصیل کے ساتھ اس سفارش کو دھرایا اور حکومت کو ترکے سے متعلق قوانین میں ترمیم کی سفارش کی۔ رہنما اصول میں کہا گیا ہے:

"ایسے تمام قوانین جو کسی رقم، یا مالی فوائد میں اضافہ (سے حاصل ہونے والی رقم) یا کسی قابض کے ورثے کی رقم یا (اس کے) حساب (Account) میں موجود رقم، سٹاک مارکیٹ کے شیئرز، انشورنس کے پریمیم، جی پی فنڈ کی رقم، (ایسی رقوم کے) قابض یا مالک کی وفات کی صورت میں اس کے نامزد کردہ شخص/اشخاص میں تقسیم کے قواعد سے تعلق رکھتے ہیں ان میں اس طرح ترمیم کر دی جائے کہ مرحوم کا ترکہ صرف اس کے نامزد کردہ شخص یا اشخاص میں تقسیم کیا جائے؛ ترکے کی اس رقم کو صرف مرحوم کے نامزد کردہ اشخاص کی قانونی ملکیت نہ سمجھا جائے۔"[12]

ز. حبس بے جا/جبری گمشدگی کی ممانعت

آزادی ہر انسان کا بنیادی حق ہے اور کسی شخص کو محبوس کرنا یا وایذا پہنچانا اسلام کی رو سے حرام اور سنگین جرم ہے،[13] یہ ایذا انفرادی سطح پہ بھی ممنوع ہے اور حکومتی سطح پہ بھی کسی کو یہ حق حاصل نہیں کہ کسی کو بلا جواز تکلیف پہنچائے۔ حتی کہ سنت الہیٰ بھی یہ ہے کہ اتمام حجت کے بغیر کسی قوم کو سزا نہیں دی جاتی۔[14] ایذا اور تکلیف کی مختلف صورتیں ہیں جن میں سے ایک صورت حبس بے جا بھی ہے۔ اسلامی نظریاتی کونسل نے رہنما اصول نمبر ۶ میں حکومت کو سفارش کی ہے کہ کسی شخص کو عدالتی اجازت نامے کے بغیر گرفتار اور محبوس نہ کیا جائے۔

"کسی شخص کو وارنٹ دکھائے بغیر نہ تو گرفتار کیا جا سکتا ہے، نہ ہی حراست میں رکھا جا سکتا ہے۔"[15]

کونسل کی یہ سفارش اپنی پوری معنویت کے ساتھ آج بھی تشنہ نفاذ ہے؛ اور ماورائے عدالت حبس بے جا میں رکھنے کا آئے روز سلسلہ دراز تر ہو رہا ہے۔

ح. ملزم کے حقوق

ملزمان کے حوالے سے کونسل نے رہنما اصول نمبر ۷ میں ان حقوق کی پابندی کی سفارش کی ہے:

---

(11) اسلامی نظریاتی کونسل، **سالانہ رپورٹ ۸۶-۱۹۸۷ء**، (اسلام آباد، ادارہ تحقیقات اسلامی)، ۷۶-۷۷۔

(12) اسلامی نظریاتی کونسل، **فائنل رپورٹ**، ۱۰۔

(13) **القرآن**، ۱۷: ۱۵

(14) **القرآن**، ۳۳، ۵۸۔

(15) اسلامی نظریاتی کونسل، **فائنل رپورٹ**، ۱۱۔

۱. ملزم کو ہتھکڑی نہ لگائی جائے؛
۲. ملزم کو بیڑیاں نہ پہنائی جائیں؛
۳. ملزم کو ننگا نہ کیا جائے اور نہ ہی ٹاٹ کا لباس پہنایا جائے؛
۴. ملزم کو فاقہ کشی کی سزا نہیں دی جاسکتی؛
۵. ملزم کو بنیادی ضروریات یا سہولیات سے محرومی کی سزا نہیں دینی چاہیے؛
۶. ملزم کو ایسے حالات میں نہ رکھا جائے کہ شرعی فرائض مثلاً نماز پڑھنا، وضو کرنا اور قرآن کی تلاوت کرنا وغیرہ اس کے لیے ممکن نہ ہو سکے؛
۷. ہر شادی شدہ فرد کو اس امر کی اجازت دی جائے یا سہولت فراہم کی جائے کہ کم از کم ہر چار مہینے کے بعد وہ اپنے رفیق حیات (بیوی/شوہر) کے ساتھ ایک یا دو راتیں گزار سکے؛
۸. کسی شخص پر ظالمانہ تشدد نہ کیا جائے۔ انسانی وقار کے منافی دباؤ یا مذہبی فرائض میں رکاوٹ ڈالنے والے افعال پر فوری پابندی لگائی جائے؛
۹. قید تنہائی کا خاتمہ ہونا چاہیے؛
۱۰. ایک جرم کی دوبار سزا کا سلسلہ بھی بند ہونا چاہیے؛
۱۱. قانون و شریعت کی نظر میں تمام انسان برابر ہیں، اس لیے قانون کے نفاذ میں کسی کے ساتھ امتیازی سلوک نہیں ہونا چاہیے۔[16]

اگر دیکھا جائے تو یہ تجاویز اپنے اندر اسلامی نظام عدل کا فلسفہ سموئے ہوئے ہیں۔ اسلام میں حق عرض، حبس بے جا کی ممانعت اور تعدد ضمان کی نفی کی جو تعلیمات ہیں، یہ تجاویز ان کا آئینہ ہیں۔ اس وقت قانونی صورت حال یہ ہے کہ ضابطہ ہائے فوجداری و دیوانی میں ملزمان کے جو ۲۸ حقوق تسلیم کیے گئے ہیں ان میں ماسوائے ''ایک ہی جرم کی دہری سزا'' کے مذکورہ بالا حقوق میں سے کسی حق کے تحفظ کی ضمانت نہیں فراہم کی گئی۔[17]

ط. اپیل کا حق

حکومت یا عدلیہ کے کسی حکم کے خلاف اپیل کے حق سے کسی شہری کو محروم نہیں کیا جاسکتا۔ اسلام کی رو سے اگر حاکم یا قاضی اپنے فیصلے میں کسی غلطی کا مرتکب ہو تو شہری کا بیت المال سے مداوا کیا جائے گا۔ فقہ کا مشہور قاعدہ کلیہ ہے کہ خطا الامام والحاكم في أحكامه في بيت المال[18] کونسل نے رہنما اصول نمبر ۸ میں حکومت کو ان تمام قوانین میں ترمیم کی سفارش کی ہے جن کی رو سے شہری کو حکومت کے خلاف اپیل کے حق سے محروم کیا گیا ہے۔ چنانچہ کونسل کے رہنما اصول میں ہے:

---

(16) اسلامی نظریاتی کونسل، **فائنل رپورٹ**، ۱۳۔

(17) ملاحظہ ہو **ضابطہ فوجداری**، دفعہ ۴۰۳؛ آئین پاکستان، آرٹیکل ۲۰،(۲)۔

(18) بورنو، محمد صدقی احمد، **موسوعة القواعد الفقهية**، (ریاض: دار ابن حزم، ۱۴۲۱ھ)، ۳: ۲۸۵۔

''ایسے تمام قوانین میں جن کی رو سے شہریوں کو حکومت کے کسی فیصلہ یا حکم کے خلاف اپیل کرنے کے حق سے محروم کیا گیا ہے اس طرح ترمیم کر دینی چاہیے کہ آدمی کو کم از کم ایک اپیل کا حق لازماً حاصل ہو جائے۔'' (19)

ی. حق خلوت/چار دیواری کا تحفظ

کونسل کے رہنما اصول نمبر ۱۰ میں ملزم کے حق خلوت یعنی چار دیواری کو تحفظ فراہم کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔ گو کہ موجودہ قوانین میں پولیس کو چار دیواری میں خصوصی عدالتی اجازت کے بغیر گھسنے کی اجازت نہیں تاہم کونسل کی تجویز یہ ہے کہ اس سلسلے میں عدالتی اجازت کی بجائے اہل خانہ سے اجازت لی جائے کیونکہ حق آبرو کی حفاظت مقاصد شریعت میں سے ہے اور اس سلسلے میں قرآن کریم کی صریح نصوص موجود ہیں۔ کونسل کے اصول کی عبارت درج ذیل ہے:

''کسی ایسی جگہ کی تلاشی لینے سے پہلے جو رہائشی اغراض کے لیے استعمال ہوتی ہو یا افراد خانہ کے دیگر کام میں آتی ہو وہاں رہائش پذیر افراد سے اجازت لینا ضروری ہے تا کہ ان کی خلوت میں نہ پڑے۔ شریعت میں لوگوں کے جان و مال اور عزت و آبرو کو تحفظ فراہم کیا گیا ہے۔''(20)

ک. سرکاری اہل کاروں کے جرائم کے تحفظ کی ممانعت

کونسل نے رہنما اصول نمبر ۱۱ میں سرکاری اہل کاروں کے جرائم کو تحفظ فراہم کرنے یا انھیں کار سرکار کی ادائی کے دوران میں کسی شہری کی جان و مال یا عزت کی پامالی کے جرائم میں استثنا فراہم کرنے والے قوانین کو تبدیل کرنے کی سفارش کی ہے اور قرار دیا ہے کہ سرکاری اہل کاروں سے یہ جرائم خواہ نیک نیتی سے ہی سرزد ہوں قابل مواخذہ ہوں گے اور اس سلسلے میں انھیں کسی نوع کا قانونی تحفظ حاصل نہیں ہونا چاہیے۔ کونسل کے رہنما اصول کے مطابق:

''بعض قوانین کے ذریعے سرکاری عہدیداروں کے ایسے افعال کو تحفظ دیا گیا ہے جو انھوں نے اپنے فرائض منصبی کی بجاآوری کے دوران میں نیک نیتی سے کیے ہوں، خواہ ان افعال کے نتیجے میں کسی شخص کی جان، مال اور عزت و آبرو کو نقصان پہنچ جائے۔''(21)

(19) اسلامی نظریاتی کونسل، فائنل رپورٹ، ۱۵۔

(20) اسلامی نظریاتی کونسل، مصدر سابق، ۱۷۔

(21) اسلامی نظریاتی کونسل، مصدر سابق، ۲۱۔

انسانی حقوق کی بابت حکومتی استفسارات کی بابت سفارشات

بنیادی انسانی حقوق کے حوالے سے حکومت کو رہنما اصولوں کے عنوان سے سفارشات کے علاوہ وقتاً فوقتاً مختلف وزارتوں کی طرف سے موصول ہونے استفسارات کے جواب میں بھی کونسل نے کچھ سفارشات پیش کی ہیں جن میں سے بعض پہ عمل کیا گیا ہے اور بعض سے اغماض برتا گیا ہے۔ کونسل سے جو استفسارات کیے گئے ہیں وہ عام طور پر حقوق انسانی کے بین الاقوامی میثاق (22) سے متعلق ہیں۔ تفصیل درج ذیل ہے:

الف۔ بین الاقوامی کنونشن بابت انسداد نسلی امتیاز (International convention on Racial Discrimination)

بین الاقوامی کنونشن آرٹیکل ۲ جو کہ نسلی امتیاز کے انسداد سے متعلق ہے۔ وزارت خارجہ کی طرف سے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی کمیٹی کی رپورٹ جو اسی عنوان سے متعلق تھی کونسل کو بھجوائی گئی تاکہ اسلامی نقطہ نظر بھی اس کے بارے میں واضح ہو جائے۔ یہ رپورٹ بعد ازاں وزارت خارجہ کی جانب سے اقوام متحدہ کو پیش کی جانی تھی۔ اس استفسار میں یہ بھی کہا گیا کہ چونکہ اسلام نسلی امتیاز کی ممانعت کرتا ہے لہذا کونسل فطرتاً اس بات کا خیال رکھے گی کہ کوئی قانون کسی طرح انٹرنیشنل کنونشن کی خلاف ورزی نہیں کرے گا۔

---

(22) ان میں درج ذیل میثاق شامل ہیں:

۱) بین الاقوامی میثاق برائے اقتصادی معاشرتی اور ثقافتی حقوق (س۔ر ۲۰۰۲۔۲۰۰۳) ص، ۱۰۰-۱۰۳؛

۲) پڑوسیوں کے حقوق۔ س، ر(۱۹۹۳۔۱۹۹۲) ص: ۱۵۲؛

۳) حقوق اطفال کے عالمی کنونشن کا مسودہ س، ر۔(۱۹۹۱-۱۹۹۰) ۱۹۲؛

۴) عام آدمی کی انسانی حقوق کے میدان میں شمولیت مراسلہ از ادارہ تحفظ حقوق انسانی، کوئٹہ س، ر(۲۰۰۶-۲۰۰۵)

۵) نسلی امتیاز کے خاتمے کے لیے مسودہ اسلامی میثاق کی تیاری ڈاکٹر جسٹس منیر احمد مغل کی مرتب کردہ رپورٹ پر غور وخوض ۔س۔ر(۲۰۰۶-۲۰۰۵) ص ۲۱۳، ۲۴۲، ۱۳۷؛

۶) نسلی امتیاز کے خاتمے کے لیے مسودہ اسلامی میثاق کی تیاری کونسل کے سابقہ فیصلوں کی روشنی میں۔ س، ر(۱۹۹۳-۱۹۹۲) ص ۱۵۰-۱۵۱؛

۷) انسانی حقوق کے ضمن میں خواتین کے حقوق کا مسئلہ اور اس ضمن مین بیرونی دنیا میں پاکستانی معاشرہ کے بارے میں غلط تاثر کا ازالہ س، ر(۲۰۰۰-۲۰۰۱) ص ۱۷۶-۱۷۲؛

۸) بزرگ شہریوں کے بارے میں مسودہ بل و پالیسی مراسلہ از قومی کونسل برائے سماجی بہبود؛

۹) بین الاقوامی میثاق برائے سول سیاسی حقوق (ICCPR) کے سلسلہ میں قومی مشاورت؛

۱۰) شہری وسیاسی حقوق پر عالمی کنونشن کے بارے میں قومی مشاورت مراسلہ از وزارت انسانی حقوق۔

کونسل نے سب سے پہلے اساس پاکستان کو واضح کیا کہ پاکستان کی بنیاد ان اصولوں پر قائم ہے جو تمام امت مسلمہ کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے بذریعہ محمد ﷺ عطا کئے گئے۔ پھر مساوات کے اصول کو اولاً قرآن سے ثابت کیا گیا ہے اور پھر اس کی تائید حدیث رسول ﷺ سے پیش کی گئی اور پھر پاکستان کے آئین کے آرٹیکل ۳۳، ۳۶ بھی ذکر کیے جو بالخصوص نسلی، مذہبی تعصب کی حوصلہ شکنی اور اقلیتوں کے حقوق کی حفاظت اور پاکستانی شہریوں کے لیے سماجی انصاف کی فراہمی کے احکامات پر مبنی ہیں۔ ان تمام تفصیلات ذکر کرنے کے بعد کونسل نے یہ سفارش کی کہ " انٹرنیشنل کنونشن کے آرٹیکل ۲ کے مقابلے میں اسلام کا بنیادی قانون اور پاکستان کا آئین ہر قسم کے نسلی امتیاز کے خلاف کہیں بہتر طور پر ضمانت دیتا ہے"۔[23]

ب۔ بین الاقوامی میثاق برائے اقتصادی و معاشرتی اور ثقافتی حقوق

بین الاقوامی میثاق برائے اقتصادی و معاشرتی اور ثقافتی حقوق کے حوالے سے وزارت قانون وانصاف کی طرف سے کونسل کی رائے دریافت کی گئی جس کے جواب میں کونسل نے قرار دیا:

"اصولی طور پر ان میں سے کوئی خلاف قرآن وسنت امر نہیں ہے، لیکن ان کے اصول وضوابط تشریح وتعبیر وہی معتبر ہوگی جو قرآن وسنت اور آئین پاکستان اور قانون کے تابع ہوگی اور جو ان سے متصادم ہو وہ تعبیر وتشریح معتبر نہیں ہوگی۔"[24]

کونسل کی اس سفارش کے جواب میں وزارت قانون و انصاف و انسانی حقوق ڈویژن نے کونسل سے درخواست کی کہ اس میثاق کے سلسلہ میں پاکستان کے موقف کو حتمی شکل دینے کے لیے اپنے ایک نمائندے کو بھیجے۔ اس نمائندے نے کونسل کے موقف کو پیش کرنے کے ساتھ میثاق کے آرٹیکل ۳ اور ۱۰(ا) کے بارے میں اپنے تحفظات کا اظہار کیا جس کے نتیجے میں اس میٹنگ میں فیصلہ کیا گیا کہ آرٹیکل ۱۰(1) جو کہ عقد نکاح میں شمولیت کے لیے مکمل اور آزادانہ اختیار کے حق پر مبنی ہے۔ اس کا چونکہ یہ معنی بھی لیا جاسکتا ہے کہ مسلمان عورت اپنے آزادانہ اختیار سے غیر مسلم سے شادی کرسکتی ہے اس لیے اس آرٹیکل ۱۰ (ا) کے بارے میں درج ذیل تحفظ شامل کرنا مناسب ہوگا "اسلامی جمہوریہ پاکستان کی حکومت آرٹیکل ۱۰ (ا) پر عمل کرے گی اپنے آئینی دفعات کو ملحوظ رکھتے ہوئے۔[25] اسی طرح آرٹیکل ۳ کے بارے میں بھی یہ ریزرویشن پیش کرنے پر اتفاق

(23) ملاحظہ ہو: اسلامی نظریاتی کونسل، **سالانہ رپورٹ ۱۹۹۳ء**، (اسلام آباد)، ۹۴۔
(24) اسلامی نظریاتی کونسل، **سالانہ رپورٹ ۹۲۔۱۹۹۳ء**، (اسلام آباد)، ۴۴۔
(25) اسلامی نظریاتی کونسل، **مصدر سابق**، 103۔

ہوا۔ کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان میں اس آرٹیکل ۳ پر عمل شریعت کے قانون کے مطابق ہوگا۔ وزارت قانون نے وزارت خارجہ کو کونسل کی اس ریزرویشن کے بارے میں آگاہ کیا کہ یہ غیر ضروری ہے اور نیا ڈرافٹ ان الفاظ کے ساتھ پیش کیا کہ "حکومت پاکستان اس آرٹیکل کو ملک میں رائج قانون کے مطابق نافذ کرے گی۔" [26]

وزارت قانون کے اس مراسلہ میں کونسل سے درخواست کی گئی کہ اس ریزرویشن کے بارے میں وزارت خارجہ کی ان نئی تجاویز کا ازروئے شریعت جائزہ لے کر ان کے بارے میں بتایا جائے تاکہ تحفظات حتمی شکل میں کابینہ کے سامنے منظوری کے لیے پیش کی جا سکیں۔ س کے جواب میں کونسل نے یہ تجویز دی کہ آرٹیکل ۱۳ اور ۱۰(۱) کے آخر میں یہ عبارت شامل کر دی جائے:

(Subject to the provision of Article 227 of the constitution of the Islamic Republic of Pakistan)

کونسل نے دوبارہ ایک اجلاس میں شرکت کر کے کونسل کی طرف سے پیش کردہ تحفظات کو میثاق میں شامل کرنے پر اصرار کیا تو اجلاس کے شرکاء نے اصولی طور پر اس بات سے اتفاق کیا لیکن اکثریت کا خیال تھا کہ اسکو آرٹیکل کے ساتھ محدود / مخصوص کرنے کے بجائے میثاق میں شامل کرنے کے لیے حکومت پاکستان کی جانب سے جاری کردہ ڈیکلریشن (Declaration) کا حصہ بنا دیں۔ یوں (General Declaration) کے بجائے (Interpretative Declaration) بنا دیا جائے. یہ کونسل کی طرف سے اہم پیش رفت یہ تھی کہ کونسل نے اپنے تحفظات کو منوالیا[27]۔

ج۔ نسلی امتیاز کے خاتمے کے لیے مسودہ اسلامی میثاق کی تیاری

اسلام میں انسانی حقوق کے حوالے سے اعلان قاہرہ[28] پر عمل درآمد کے سلسلے میں اسلامی ممبر ملکوں سے درخواست کی گئی نسلی امتیازات کے خاتمے کے لیے اپنے ملاحظات و آراء ارسال کریں تاکہ نسلی امتیازات کے خاتمے کے لیے مسودہ اسلامی میثاق کی تیاری میں مدد ملے۔ اس کے لیے وزارت خارجہ اسلام آباد نے کونسل سے نسلی امتیازات کے خاتمے کے لیے تجاویز و آراء ارسال کرنے کی درخواست کی۔ کونسل نے اسلام اور نسلی امتیازات

---

(26) اسلامی نظریاتی کونسل، **مصدر سابق**، ۱۰۳۔

(27) اسلامی نظریاتی کونسل، **سالانہ رپورٹ ۱۹۹۲-۱۹۹۳**، ۱۰۳۔

(28) اس سے مراد حقوق انسانی کا منشور قاہرہ ہے جسے اسلامی ممالک کی تنظیم او آئی سی نے ۱۹۹۰ میں قاہرہ میں پیش کیا۔

کے خاتمہ پر سیر حاصل بحث کی ہے اور قرآنی آیات بھی اسکی تائید میں پیش کی ہیں۔اسی طرح تاریخی واقعات بھی اس کی تائید میں لکھے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ آئین پاکستان میں جو دفعات مساوات سے متعلق ہیں ان کو بھی بالتفصیل لکھا ہے۔[(29)]

د۔ شہری وسیاسی حقوق کی بابت بین الاقوامی میثاق

پاکستان نے ۲۰۱۰ء میں سول وسیاسی حقوق کے بین الاقوامی کنونشن کی بعض ملاحظات کے ساتھ توثیق کی تھی۔وزارت قانون،انصاف وانسانی حقوق کی طرف سے کونسل سے اس میثاق کے آرٹیکل ۶(۱) کے بارے میں اقدامات کے متعلق تفصلات طلب کی گئیں تو کونسل نے اس پر غور وخوض کے بعد فیصلہ کیا کہ صرف آرٹیکل ۶(۱) تک محدود نہیں ہونا چاہیئے بلکہ پورے میثاق کا بغور جائزہ لیناضروری ہے۔ میثاق کے تمام آرٹیکلز کے تفصیلی جائزے کے بعد کونسل نے اسلامی تعلیمات سے متصادم آرٹیکلز کے متعلق کونسل نے درج ذیل ترامیم کی سفارش کی:

۱. کونسل نے قرار دیا کہ اس میثاق کا پہلا آرٹیکل جو کہ مطلقا سیاسی معاشی،سماجی اور ثقافتی آزادی کے بارے میں ہے اسے مطلقاً قبول نہ کیا جائے بلکہ حدود شریعت کی پابندی سے مشروط کیا جائے؛[(30)]
۲. میثاق کے آرٹیکل ۲(۳) الف میثاق میں مذکور حقوق وآزادیوں کو متعلقہ ریاست یا مذہب کے اصولوں کے مطابق لیا جائے؛[(31)]
۳. اس میثاق کے آرٹیکل ۶(۲) سے بظاہر سزائے موت کے خاتمے کے موقف کی تائید ہوتی ہے، جبکہ اسلامی قانون کی رو سے صدر حدود وقصاص میں سزائے موت کا خاتمہ نہیں ہو سکتا؛
۴. میثاق کے آرٹیکل ۶(۴) میں سزائے موت کے مجرم کو مطلقا معافی طلب کرنے یا سزامیں کمی کا اختیار دیا گیا ہے جو کہ درست نہیں کیونکہ حدود میں ان دونوں کی گنجائش نہیں کہ حدود کا نفاذ حقوق اللہ کے اعتبار وحیثیت سے ہوتا ہے؛
۵. اس میثاق کے آرٹیکل ۶(۵) میں اٹھارہ سال سے کم عمر لوگوں کو سزائے موت نہ دینے کی سفارش کی گئی ہے (شاید اس وجہ سے کہ بہت سے ہ مغربی ممالک میں حد بلوغت ۱۸ سال ہے) اس میں یہ ترمیم کی جائے کہ اس سلسلے میں اسلام اور آئین کو پیش نظر رکھا جائے؛

(29) اسلامی نظریاتی کونسل، **سالانہ رپورٹ**،۲۰۰۵-۲۰۰۶،(اسلام آباد)،۲۵۹۔
(30) اسلامی نظریاتی کونسل، **سالانہ رپورٹ**،۲۰۱۴-۲۰۱۵،(اسلام آباد)،۶۶۔
(31) اسلامی نظریاتی کونسل، **سالانہ رپورٹ**(۲۰۱۴-۲۰۱۵،(اسلام آباد:)،۶۶۔

۶. میثاق کے آرٹیکل ۱۸(۱) میں مذہبی آزادی کی بابت ہر مذہب کے پیروکار کو کھلے بندوں اپنے مذہب/عقیدے کے مطابق عبادت کرنے اور تبلیغ کی اجازت دی گئی ہے۔اس پر کونسل نے درج ذیل تحفظات کا اظہار کیا:

مثلاً یہ کہ کیا اسلام سے مرتد شخص کو کھلی آزادی دینا شرعاً درست امر ہے؟ اسی طرح ایک اسلامی ملک میں غیر مسلم اپنی عبادت ورسوم کھلم کھلا کر سکتا ہے؟ یا غیر مسلم کسی اسلامی ملک میں اپنے مذہب کی تبلیغ کر سکتا ہے؟

ان تحفظات کی روشنی میں کونسل نے اس امر کا اعادہ کیا کہ اس میثاق کے تمام آرٹیکل پاکستان کے آئین کے آرٹیکل (۲۲۷) کی روشنی میں قابل اطلاق ہوں گے۔ کونسل کی ان ترامیم کے نتیجے میں جب پاکستان نے اس میثاق پر دستخط کیے تو اپنے تحفظات کے ساتھ کیے تھے جس میں آئین پاکستان سے ہم آہنگی کی شرط تھی(32)۔

ھ۔ بزرگ شہریوں کے لیے شیلٹر ہاؤسسز کے متعلق کونسل کی سفارش

بزرگ شہریوں کے بارے میں قومی کونسل برائے سماجی بہبود نے اپنے مجوزہ بل کی بابت اسلامی نظریاتی کونسل سے آراء و تجاویز مانگیں۔اس بل میں یہ تجویز کیا گیا تھا کہ حکومت ضروری قانون سازی کر کے بزرگ شہریوں کے لیے شیلٹر ہاؤسز کا قیام کرے۔اور عوام میں اپنے بزرگوں کے احترام کے لیے آگاہی کے فروغ کے لیے خصوصی اقدامات کرے۔ کونسل نے بعض مفاسد کی بنا پر شیلٹر ہاؤسز کی تجویز کی مخالفت کی اور اس سلسلے میں متبادل حل بتایا۔کونسل کے پیش نظر درج ذیل دو مفاسد تھے:

۱۔ یہ مغربی تہذیب کی تقلید ہے۔

۲۔ اسلام نے والدین کی ذمہ داری اولاد پر ڈالی ہے اس طرح وہ چھن جائے گی؛ جبکہ اسلام کی رو سے والدین کا نفقہ و سکنٰی اولاد کے ذمہ ہے۔

۳۔ یہ تجویز کے آئین پاکستان کے "آرٹیکل ۳۱ جس میں اسلامی طرز زندگی اپنانے کے لیے اقدامات کی تلقین ہے اور آرٹیکل ۳۵ جو کہ خاندان کے تحفظ کے بارے میں ہے"، کے خلاف ہے۔

اس سلسلے میں اسلامی نظریاتی کی طرف سے متبادل تجویز یہ دی گئی کہ ورثاء کو اپنے بوڑھے رشتہ داروں کی کفالت کرنے کے فریضے کی ادائیگی کا احساس دلایا جائے البتہ لاوارث بوڑھے افراد کی کفالت کے لیے حکومت

---

(32) اسلامی نظریاتی کونسل، سالانہ رپورٹ، ۲۰۱۴-۲۰۱۵، ۶۹۔

مناسب انتظام کرے۔[33] اس انتظام کی نوعیت کیا ہو اس حوالے سے کونسل کی سفارش خاموش ہے تاہم المجمع الفقہ الاسلامی سعودیہ اس حوالے سے یہ حل پیش کیا ہے کہ جن بوڑھے لوگوں کو رہائش کا مسئلہ ہو یا انکی فیملی انہیں سپورٹ نہ کر سکتی ہو انکے لیے ہاسٹل بنائے جائیں۔[34]

انسانی حقوق کے حوالے سے کونسل کی تجاویز کو اگر دیکھا جائے تو بعض حوالوں سے وہ انقلابی نوعیت کی ہیں اور کونسل کی سفارشات وہ خلا پر کرتی نظر آتی ہیں جو بنیادی انسانی حقوق کے حوالے سے خود آئین پاکستان میں موجود ہے۔اسی طرح کونسل کی سفارشات انسانی حقوق کے حوالے سے امتیازی قوانین کے سدباب کے لیے بھی مددگار ہیں۔کم قسمتی سے کونسل کی دیگر سفارشات کی طرح انسانی حقوق کے حوالے سے سفارشات کو بھی قانون سازی کے لیے زیادہ قبول نہیں کیا گیا۔گوکہ عملاً قانون سازی اور انسانی حقوق سے متصادم قوانین میں ترمیم کے حوالے سے مقننہ کا رویہ کونسل کی بابت حوصلہ افزا نہیں ہے تاہم کونسل کو علمی طور پر اپنا فریضے کی ادائی کرتے ہوئے انسانی حقوق سے متعلق تمام قوانین کا جائزہ لے کر ایک موضوعاتی رپورٹ مقننہ کو پیش کرنی چاہیے۔

اس کے علاوہ کونسل کو حقوق نسواں اور حقوق اطفال کی معاصر تفہیم کے حوالے سے بھی چیلنج کا سامنا ہے۔ بچوں اور خواتین کے متعلق کونسل کی بعض سفارشات پر (مثلا بیویوں کو ہلکا مارنے اور کمسنی کی شادی کے جواز کی سفارشات) علمی حلقوں اور حقوق انسانی کی تنظیمیوں کی طرف سے تحفظات کا اظہار کیا جاتا ہے کونسل کو اس جانب بھی توجہ کرنی چاہیے۔اسی طرح ملک میں جاری متوازی عدالتی نظام اور شہریوں کے ماورائے عدالت قتل کے حوالے سے ڈھیل فراہم کرتے قوانین کو بھی زیر بحث لانے کی ضرورت ہے۔

☆☆☆

(33) اسلامی نظریاتی کونسل، سالانہ رپورٹ، ۲۰۱۳-۲۰۱۴، (اسلام آباد:)، ۲۴۔

(34) Resolution No.113(7/12) on 'Children and Aged Rights' p. 258.

نکاح سے متعلق رائج الوقت قوانین میں ترامیم کے حوالے سے اسلامی نظریاتی کونسل کی سفارشات کا تجزیاتی مطالعہ

Reviewing the Reoforms of the Council of Islamic Idealogy concerning existing laws of Mariage

ذیشان سرور *

Abstract

Council of Islamic Ideology is a constitutional body and the purpose of its establishment is to advise the legislature about the laws that are incompatible with the Holy Qur'ān and the Sunnah. In this research paper, attempts are made to discuss the role of Council of Islamic Ideology in making amendments in different laws in respect to Nikāḥ and other relevant issues. In this regard, a brief introduction of Council of Islamic Ideology itself and a profound discussion will be made on the amendments regarding various laws, i.e., Muslim family laws 1961, The marriage Registration Act, 1886, Child Marriage Restraint Act, 1929, Dowry and Bridal Gifts, Act 1976, The Marriage Dissolution Act 1939. Apart from this, different bills that were presented in the parliament would be part of this discussion. In short, this research paper will cover all the amendments that were made from 1962 to 2014 about Nikāḥ and other related issues to it.

Keywords: Council of Islamic Idealogy, Reforms, *Nikāḥ*, Islamic law.

تعارف

اسلامی نظریاتی کونسل ایک آئینی ادارہ ہے جو آئین کی دفعہ ۲۲۸ کے تحت وجود میں آیا جس کے فرائض منصبی میں ملکی قوانین کو اسلام کے مطابق ڈھالنے اور مسلمانان پاکستان کو انفرادی اور اجتماعی سطح پر دینی رہنمائی دینا شامل ہے۔ اسلامی نظریاتی کونسل نے اب تک کئی ملکی قوانین پر نظر ثانی کر کے اپنی سفارشات مرتب کی ہیں۔ کونسل نے نکاح سے متعلق مختلف مسائل کے حوالے سے رائج الوقت قوانین اور پارلیمان میں زیر بحث قانونی بلوں کو

* مدیر مجلہ ''اجتہاد''، اسلامی نظریاتی کونسل، اسلام آباد۔

زیر بحث لا کر ترامیم تجویز کیں۔ ان مسائل میں کم عمری کی شادی، نکاح نامے میں طبّی معاینے کے حوالے سے ترامیم، تعدد ازواج، خلع کی صورت میں حق مہر، نکاح کی رجسٹریشن اور جہیز و تحائف عروسی کے حوالے سے مسائل قابل ذکر ہیں۔ کونسل نے مذکورہ مسائل کے حوالے سے مسلم عائلی قوانین ۱۹۶۱ء، قانون پابندی نکاح صغار ۱۹۲۹ء، فیملی کورٹس ۱۹۶۴ء اور جہیز و تحائف دلہن (پابندی) ایکٹ ۱۹۷۶ء پر نظر ثانی کرتے ہوئے مختلف ادوار میں سفارشات مرتب کی ہیں۔

زیر نظر مقالے میں نکاح سے متعلق مسائل کے حوالے سے ۱۹۶۲ء سے لیکر ۲۰۱۷ء تک کی سفارشات کا موضوعاتی ترتیب کے ساتھ تجزیاتی مطالعہ کیا جائے گا۔ اور اس بات کا جائزہ لیا جائے گا کہ نکاح سے متعلق رائج الوقت قوانین اور زیر بحث قانونی بلوں پر غور کرتے ہوئے کونسل نے کیا ترامیم پیش کیں۔ کن دلائل کو مد نظر رکھا، اختلافی آراء کی صورت میں تطبیق کی کیا صورتیں مد نظر رکھیں۔ اور کن فیصلوں کے حوالے سے کونسل نے سابقہ کونسلوں کے فیصلوں سے اتفاق یا اختلاف کیا اور ان کے دلائل کیا تھے۔ اور مختلف کونسلوں کی سفارشات میں اختلاف کی صورت میں کن سفارشات کو عصر حاضر کے تناظر میں ترجیح دی جائے۔

۱- نابالغ کے نکاح کے حوالے سے سفارشات

نابالغ بچہ / بچی کا نکاح پاکستان کے رائج الوقت قوانین مسلم عائلی قوانین ۱۹۶۱ء اور قانون پابندی صنعار ۱۹۲۹ء کے مطابق ممنوع ہے اور مسلم عائلی قوانین میں نکاح کے لیے کم از کم لڑکے کے لیے ۱۸ اور لڑکی کے لیے ۱۶ سال مقرر کی ہے۔ کونسل نے اپنے مختلف ادوار میں ملک کے رائج الوقت قوانین پر نظر ثانی اور مختلف استفسارات کے جواب میں نابالغ کے نکاح کے حوالے سے سفارشات مرتب کی ہیں۔ سب سے پہلے جسٹس تنزیل الرحمٰن کے دور مسند نشینی میں کونسل کو سی ایم ایل اے سیکرٹریٹ کا مراسلہ نومبر ۱۹۷۹ء اسلامی نظریاتی کونسل موصول ہوا۔ جس میں بالغ مرد اور عورتوں کے نکاح کی عمر کے تعین کے مسئلہ کے حوالے سے استفسار کیا گیا تھا۔[1] استفسار پر کونسل نے اپنے اجلاس منعقدہ ۱۹ اگست ۱۹۸۰ء کو درج ذیل فیصلہ دیا:

> ''عائلی قوانین کے آرڈیننس کے تحت شادی کے لیے کم از کم عمر لڑکے کے لیے ۱۸ سال اور لڑکیوں کے لیے ۱۶ سال مقرر کر دی گئی ہے لہٰذا اس میں مزید ترمیم کی ضرورت نہیں ہے، کونسل شادی کے لیے زیادہ سے زیادہ عمر کی قید ضروری نہیں سمجھتی۔''[2]

مذکورہ بالا سفارش میں کونسل نے نکاح کی عمر کے حوالے سے رائج الوقت قانون کی تائید کی جس کے مطابق

(1) اسلامی نظریاتی کونسل، اسلام آباد سالانہ رپورٹ ۸۱- ۱۹۸۰، ص: ۱۳۸، سن اشاعت مئی ۱۹۸۱ء۔

(2) ایضاً، ص: ۱۳۹۔

نکاح کے لیے بلوغت لازمی ہے۔ ڈاکٹر تنزیل الرحمٰن کے دور میں قانون پابندی نکاح صغار ۱۹۲۹ء کے قانون کو کونسل کے اجلاس مؤرخہ ۱۳ فروری ۱۹۸۳ء کو زیر غور لایا گیا۔ اجلاس میں عائلی قوانین مجریہ ۱۹۶۱ء کے بارے میں کونسل کی سابقہ ترامیم بھی زیر غور آئیں اور نکاح کے حوالے سے قانونی اور شرعی سن بلوغ کو بھی زیر غور لایا گیا۔[3] کونسل نے بالاتفاق حسب ذیل سفارش منظور کی:

''مسئلہ زیر غور کے بارے میں کونسل اس سے پہلے ایک سفارش کر چکی ہے۔ اگر حکومت کے لیے سابقہ سفارش قابل قبول نہ ہو تو یہ امر انتہائی ضروری ہے کہ اگر لڑکا اور لڑکی شرعاً بالغ ہو جائیں تو قانون کے تحت مقرر کردہ عمر کو پہنچنے سے پہلے ان کو بلدیاتی کونسل کے چیئرمین سے اجازت حاصل کر کے نکاح کی اجازت ہونی چاہیے۔''[4]

مذکورہ سفارش میں کونسل نے نکاح کے لیے شرعی بلوغت کو معیار بنایا البتہ رائج الوقت قانون کی عمر نہ ہونے کی صورت میں بلدیاتی کونسل کے چیئرمین کی اجازت کو مشروط قرار دیا۔ ڈاکٹر محمد خالد مسعود کے دور مسند نشینی میں کونسل کے ۱۶۸ ویں اجلاس میں شادی بیاہ کی رسومات سے متعلق اخباری تراشوں پر غور کرتے ہوئے کونسل نے نابالغ کے نکاح کے حوالے سے درج ذیل سفارش کی:

کم عمر بچوں کی شادیوں کے حوالے سے یہ فیصلہ ہوا کہ اس پر پابندی نہیں لگانی چاہیے، بعض حالات میں خود بچوں کی عزت و آبرو کے تحفظ کے لیے اس کی ضرورت ہوتی ہے، تاہم رخصتی قانون میں متعین کردہ عمر کے مطابق ہی ہونی چاہیے اور اس موقع پر مرد وعورت دونوں کو حق دینا چاہیے کہ وہ اس نکاح کے رد و قبول کا فیصلہ کر سکیں۔[5]

مذکورہ بالا سفارش میں کونسل نے نابالغ بچوں کے نکاح کو جائز قرار دیا تاہم ان کی رخصتی کو رائج قانون کی متعین کردہ عمر سے مشروط کر دیا۔ مولانا محمد خان شیرانی کے دور مسند نشینی میں وزارت مذہبی امور اسلام آباد نے اپنے مراسلہ مؤرخہ ۲۷ فروری ۲۰۱۲ء میں بچوں (کم عمر افراد) کی شادی کے امتناع کا ترمیمی بل ۲۰۰۹ء کونسل کو رائے کے لیے ارسال کیا۔[6]

کونسل کے ۱۸۹ ویں اجلاس میں اصل ایکٹ ۱۹۲۹ء اور ترمیمی بل ۲۰۰۹ء کی دفعات ۳، ۴، جن میں قرار دیا گیا ہے کہ کم عمر افراد کی شادی قابل تعزیر و قابل دست اندازی پولیس جرم ہے اور اس جرم میں مختلف سزائیں بھی مقرر کیے گئے ہیں، زیر غور آئیں۔[7] نیز شعبہ ریسرچ کی رائے بھی زیر غور آئی جس کے مطابق قرآن و سنت، اجماع امت، تعامل اور فقہا کی تصریحات سے یہ بات بالکل واضح ہے کہ نابالغ/نابالغہ کا نکاح شرعی لحاظ سے

---

(3) اسلامی نظریاتی کونسل، اسلام آباد دسویں رپورٹ، مسلم عائلی قوانین ص: ۷۱، سن اشاعت اپریل ۱۹۸۳ء۔

(4) دسویں رپورٹ مسلم عائلی قوانین، ص ۷۱۔

(5) سالانہ رپورٹ ۰۸-۲۰۰۷، ص: ۸۷، سن اشاعت اگست ۲۰۰۸ء۔

(6) سالانہ رپورٹ ۱۳-۲۰۱۲، ص: ۳۹، سن اشاعت اکتوبر ۲۰۱۴ء۔

(7) ایضاً، ص: ۳۹-۴۰

درست ہے، اس کے خلاف قانون سازی بالکل ناقابل اعتبار ہے۔[8] اراکین کونسل نے متفقہ طور پر قرار دیا کہ کم عمر افراد کی شادی صحیح ہونے اور نکاح منعقد ہونے میں از روئے شریعت کوئی قباحت اور ممانعت نہیں، اس لیے اس کو جرم قرار دینا کوئی معنی نہیں رکھتا۔ نیز کونسل نے امتناع ازدواج اطفال ترمیمی بل ۲۰۰۹ء کو مجموعی لحاظ سے غیر شرعی اور غیر اسلامی قرار دیا۔[9]

درج بالا آرا کی روشنی میں کونسل نے نابالغ کے نکاح کے حوالے سے درج ذیل سفارش کی:

"امتناع ازدواج اطفال ترمیمی بل ۲۰۰۹ء مجموعی لحاظ سے غیر شرعی اور غیر اسلامی ہے۔ قرآن وسنت، اجماع امت اور فقہائے کرام کی تصریحات سے یہ بات بالکل واضح ہے کہ نابالغ/نابالغہ کا نکاح شرعی لحاظ سے درست ہے اس کے خلاف قانون سازی بالکل ناقابل اعتبار ہے اور ایسی قانون سازی کہ جس میں کم عمر افراد کی شادی کو ممنوع اور قابل تعزیر جرم بھی قرار دیا گیا ہے، ایسی جسارت ہے کہ اس میں توہین رسالت کے ارتکاب کا شدید اندیشہ ہے کیونکہ خود سرور دو عالم نبی کریمؐ نے ام المؤمنین حضرت عائشہؓ سے جب عقد فرمایا تو ان کی عمر صرف چھ سال تھی؛ لہٰذا اس قانون کی رو سے یہ عمل مبارک بھی "العیاذ باللہ" جرم کے زمرے میں آجائے گا جو کہ مسلمہ عقیدہ عصمت انبیاء کے خلاف ہونے کے ساتھ ساتھ توہین رسالت کو بھی مستلزم ہوگا۔"[10]

نابالغ کے نکاح کے مسئلہ کو مولانا محمد خان شیرانی کے دور مسند نشینی میں پھر غور وخوض میں لایا گیا۔ کونسل نے اپنے ۱۹۴ویں اجلاس میں بچوں کی شادی کی ممانعت کا ایکٹ ۱۹۲۹ء کی دفعات ۴، ۵، ۶ کو زیر بحث لایا جن میں کسی بچے کے ساتھ شادی کرنے والے بالغ مرد کے لیے سزا، بچے کی شادی انجام دینے کی سزا اور باپ اور ولی کے لیے سزا جس کا تعلق کسی بچے کی شادی سے ہو، شامل ہیں۔[11] مولانا محمد ادریس سومرو، مفتی محمد ابراہیم قادری اور علامہ محمد یوسف اعوان نے رائے دی کہ بچوں کے نکاح کے جواز میں تو شک نہیں البتہ نتائج کے لحاظ سے اس کے مضر اثرات ہو سکتے ہیں، کیونکہ پہلے ادوار میں اپنے بڑوں کے کیے ہوئے فیصلوں کا احترام ہوتا تھا اور ان کے کیے ہوئے نکاحوں کو تسلیم کیا جاتا تھا، اسی لیے آج کے دور میں یہ مسئلہ اہم اور قابل غور ہے۔ نیز آج کل بعض اوقات اولیا کا کیا ہوا نکاح بچوں کے حق میں بہتر نہیں ہوتا یا اس میں مفاسد ہوتے ہیں اس لیے شرعی دائرے میں رہتے ہوئے اولیا اور بچوں دونوں کے حقوق کو مد نظر رکھتے ہوئے کوئی فیصلہ کرنا چاہیے۔[12] بحث وتمحیص کے بعد کونسل نے درج ذیل فیصلہ دیا:

---

(8) سالانہ رپورٹ ۱۳-۲۰۱۲ء ص: ۱۹۱۔

(9) ایضاً، ص: ۴۰۔

(10) ایضاً، ص: ۹۴۔

(11) سالانہ رپورٹ ۱۴-۲۰۱۳ء، ص: ۱۴۶، سن اشاعت ۲۰۱۵ء۔

(12) سالانہ رپورٹ ۱۴-۲۰۱۳ء، ص: ۱۴۲-۱۴۳۔

”شرعی طور پر نابالغ بچوں کے نکاح میں کوئی قباحت نہیں البتہ قبل از بلوغ رخصتی مفاسد سے خالی نہیں ہوتی؛اس لیے رخصتی پر قانونی پابندی عائد کرنا ضروری ہے اور اس کی خلاف ورزی پر سزا عائد کرنا بھی ضروری ہے۔“[13]

مذکورہ سفارش میں کونسل نے قبل از بلوغ رخصتی پر پابندی عائد کرتے ہوئے سزا تجویز کی۔

نابالغ کے نکاح کے حوالے سے کونسل نے رائج الوقت قوانین پر نظرثانی کرتے ہوئے کئی دفعہ اپنی سفارشات پر نظرثانی کی ہے۔ جیسے ڈاکٹر تنزیل الرحمٰن کے دور میں کونسل نے نکاح کی عمر کے حوالے سے رائج الوقت قانون کی تائید کی جس کے مطابق نکاح کی عمر لڑکے کے لیے ۱۸ اور لڑکی کے لیے ۱۶ برس ہے تاہم بعدازاں مذکورہ دور میں کونسل نے نکاح کے لیے شرعی بلوغت کو معیار بنایا۔ البتہ رائج الوقت قانون کی عمر نہ ہونے کی صورت میں بلدیاتی کونسل کے چیئرمین کی اجازت کو مشروط قرار دیا۔ پھر ڈاکٹر محمد خالد مسعود کے دور میں کونسل نے نابالغ بچوں کا نکاح جائز قرار دیا تاہم اس کی رخصتی کو رائج قانون کی متعین کردہ عمر سے مشروط کر دیا۔ پھر مولانا محمد خان شیرانی کے دور میں کونسل نے نابالغ کے نکاح کو مطلقاً جائز قرار دیا اور اس کے خلاف قانون سازی کو غیر شرعی اور غیر اسلامی قرار دیا۔ تاہم قبل از بلوغ رخصتی پر پابندی عائد کرتے ہوئے سزا تجویز کی۔

فقہا کی اکثریت کے نزدیک نابالغ بچوں کا نکاح جائز ہے۔ ابن رشد **بداية المجتهد** میں لکھتے ہیں:

”وأجمعو علي أن الأب يجبر ابنه الصغير علي النكاح، وكذلك ابنته الصغيرة البكر“[14]

فقہا کا اتفاق ہے کہ باپ اپنے نابالغ لڑکے اور نابالغ کنواری لڑکی پر نکاح کا جبر کر سکتا ہے۔

فقہا کے ایک قلیل گروہ کے نزدیک نابالغ بچہ/بچی کا نکاح جائز نہیں ہے۔ **المسبوط** میں امام سرخسی لکھتے ہیں:

”يقول ابن شبرمة و أبوبكر الأصم: إنه لا يتزوج الصغير والصغيرة حتي يبلغا لقوله تعالي ﴿حتي إذا بلغو النكاح﴾. فلو جاز التزويج قبل البلوغ لم يكن لهذا فائدة“[15]

ابن شبرمہ اور ابو بکر الاصم کی رائے ہے کہ نابالغ بچہ/بچی کا نکاح بلوغت سے پہلے نہ کیا جائے کیونکہ اگر بلوغت سے پہلے نابالغ بچہ/بچی کا نکاح جائز ہوتا تو قرآن کریم میں ﴿حتي إذا بلغو النكاح﴾ کے لفظ کا کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔

مشہور تابعی امام جابر بن زید کے نزدیک بھی نابالغ بچہ/بچی کا نکاح جائز نہیں۔

---

(13) ایضاً، ص: ۱۸۰۔

(14) ابوالولید محمد بن احمد بن رشد الحفید القرطبی، **بداية المجتهد ونهاية المقتصد**، (قاہرہ: دار الحدیث، ۱۴۲۵ھ)، ج ۳، ص ۳۴۔

(15) محمد بن احمد بن ابی سہل السرخسی، **المبسوط**، (بیروت: دار المعرفۃ، ۱۴۱۴ھ)، ج ۴، ص ۲۱۲۔

"عن الإمام جابر أنه كان لا يجيز تزويج الصبيان، ويري أن تزويج النبي صلي الله عليه وسلم عائشة رضي الله عنها هو من خصوصياته"(16)

امام جابر بن زید نابالغ بچوں کے نکاح کو جائز نہیں قرار دیتے تھے۔ اوران کے نزدیک رسول اللہ ﷺ کا سیدہ عائشہؓ سے نکاح رسول اللہ ﷺ کی خصوصیات میں سے ہے۔

راقم کی رائے میں ڈاکٹر تنزیل الرحمٰن کے دور کی رائے جس میں نکاح کے لیے شرعی بلوغت کو معیار اور رائج الوقت قانون کی عمر نہ ہونے کی صورت میں بلدیاتی کونسل کے چیئرمین کی اجازت کو مشروط قرار دیا گیا ہے، مناسب ہے۔ کیونکہ اس صورت میں قبل از بلوغ شادیوں کے نتیجے میں مفاسد کا تدارک ہوگا۔ جمہور فقہا کے نزدیک قبل از بلوغ نکاح جائز اور مباح ہے لیکن ضروری اور فرض نہیں لہٰذا موجودہ میں قبل از بلوغ شادیوں کی ضرورت نہیں۔

۲- مسلم عائلی قوانین آرڈیننس ۱۹۶۱ء کی دفعہ ۱۰: حق مہر

مذکورہ سفارش کونسل نے اپنے ۱۹۴ویں اجلاس مؤرخہ ۱۰- ۱۱ مارچ ۲۰۱۴ء کو مسلم عائلی قوانین آرڈیننس ۱۹۶۱ء پر بحث کرتے ہوئے مذکورہ قانون کی دفعہ ۱۰ حق مہر کے حوالے سے مرتب کی، دفعہ ۱۰ حق مہر کا متن حسب ذیل ہے:

"اگر نکاح نامہ یا معاہدہ شادی میں حق مہر کی ادائیگی کے طریق کار کے متعلق کوئی تفصیل موجود نہ ہو تو حق مہر کی کل رقم کے بارے میں یہ تصور ہوگا کہ وہ عندالمطالبہ قابل ادا ہے۔"(17)

درج بالا دفعہ پر شعبہ ریسرچ نے درج ذیل رائے دی:

بوقت نکاح اگر مہر کا معجل یا مؤجل ہونا مذکور نہ ہو تو اس بارے میں حضرات فقہا کرام نے دو روایتیں ذکر کی ہیں:

۱۔ ایک روایت کے مطابق درج بالا صورت میں مہر معجل ہوگا، اس کی دلیل بدائع الصنائع میں ہے:

" هذا اذا كان المهر معجلاً فان تزوجها على صداق عاجل أوكان مسكوتاً عن العجيل والتاجيل، لأن حكم المسكوت حكم المعجل، لأن هذا عقد معاوضة، فيقتضى المساواة من الجانبين والمرأة عينت حق الزوج فيجب أن يعيين الزوج حقها"(18)

---

(16) یحییٰ محمد بکوش، **فقه الإمام جابر بن زيد**، (بیروت: دار الغرب الاسلامی، بیروت لبنان، ۱۴۰۷ھ)، ص ۳۷۱۔

(17) سالانہ رپورٹ ۱۴-۲۰۱۳ء، ص: ۱۳۰۔

(18) علاؤالدین ابو بکر بن مسعود بن احمد کاسانی، **بدائع الصنائع فی ترتیب الشرائع**، (بیروت: دار الکتب العربی، س-ن)، ۲:

ترجمہ: یہ حکم اس وقت ہے جبکہ مہر معجل ہو کہ خاوند نے مہر عاجل پر شادی کی ہو یا تعجیل و تاجیل سے خاموشی اختیار کی ہو، اس لیے کہ سکوت کا حکم معجل والا ہے، کیونکہ یہ ایک عقد معاوضہ ہے تو اس کا تقاضا یہ ہے کہ دونوں طرف سے مساوات ہو اور عورت نے خاوند کا حق متعین کر دیا ہے تو خاوند کے ذمہ واجب ہے کہ وہ عورت کا حق متعین کرے۔

۲۔ دوسری روایت کے مطابق مذکورہ صورت میں مہر عرف کے مطابق ہو گا یعنی اگر عرف میں معجل سمجھا جاتا ہے تو معجل ہو گا اور اگر مؤجل سمجھا جاتا ہے تو مؤجل ہو گا اور یہی روایت مفتیٰ بہ ہے۔ اس لیے ہر علاقے کے عرف کے مطابق عمل کیا جائے۔[19]

جیسا کہ **البحر الرائق** میں ہے:

"و اما علی المفتی به فالمعتبر فی المسکوت عنه العرف۔"[20]

ترجمہ: اور مفتی بہ روایت کے مطابق مسکوت عنہ میں عرف کا اعتبار ہے۔

رکن علامہ سید افتخار حسین نقوی نے تحریری رائے دی کہ دفعہ ۱۰ جو کہ مہر سے متعلق ہے میں محسوس کرتا ہوں کہ مہر بیوی کا کلی طور پر عند الطلب بجانب خاوند واجب الادا قرض ہے۔[21] چیئرمین کونسل مولانا محمد خان شیرانی نے رائے دی کہ شعبہ ریسرچ کی رائے کے مطابق اگر مہر کا معجل یا مؤجل ہونا مذکور نہ ہو تو عرف کا اعتبار ہو گا، لیکن پورے ملک کا عرف ایک نہیں ہوتا اس لیے مناسب ہو گا کہ اس کو بیوی کے مطالبہ پر چھوڑ دیا جائے تاکہ جب وہ مطالبہ کرے تو دینا لازم ہو۔[22] رکن مفتی محمد ابراہیم قادری نے رائے دی کہ معجل اور مؤجل کی صراحت نہ ہو تو مہر مؤخر متصور ہو گا اور مہر مؤخر کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ عورت اس کا مطالبہ نہیں کر سکتی جب تک کہ موت واقع نہ ہو۔[23] جیسا کہ **ردالمحتار** میں لکھا ہے:

"لو مات زوج المرأة أوطلقها بعد عشرين سنة مثلا من وقت النكاح ، فلها طلب مؤخر المهر ؛ لأن حق طلبه إنما يثبت لها بعد الموت أو الطلاق ، لا من وقت النكاح."[24]

رکن مولانا محمد حنیف جالندھری نے رائے دی کہ مؤخر والی صورت اختیار کرنے سے مسائل پیدا ہوں گے

۸۸۔

(19) سالانہ رپورٹ ۱۴-۲۰۱۳ء ص: ۱۳۰۔

(20) زین الدین بن ابراہیم بن محمد ابن نجیم المصری، **البحر الرئق شرح کنز الدقائق**، (بیروت: دار المعرفۃ)، ۳: ۱۹۳۔

(21) سالانہ رپورٹ ۱۴-۲۰۱۳ء ص: ۱۳۰۔

(22) ایضاً، ص: ۱۳۰۔

(23) ایضاً، ص ۱۳۰-۱۳۱۔

(24) محمد امین بن عمر بن عابدین، **رد المحتار علی الدر المختار**، (بیروت: دار الفکر، ۱۹۹۲)، ۵: ۲۲۱۔

اور معاملہ مشکل ہو گا لہٰذا مناسب یہ ہے کہ زیر بحث صورت میں وہ قول اختیار کیا جائے جس میں عورتوں کے لیے آسانی ہو اور وہ اس طرح ہے کہ اس صورت میں معجل کا کہا جائے گا ہاں اگر عورت اپنی مرضی سے اس کو مؤخر کر دے یا مطالبہ نہ کرے تو اس کو اختیار ہے۔[25] جسٹس (ر) نذیر اختر نے رائے دی کہ مہر معجل ہی ہونا چاہیے اور یہ قرآن کی آیت ﴿وَآتُوا النِّسَاءَ صَدُقَاتِهِنَّ نِحْلَةً﴾[26] یعنی اپنی بیویوں کو ان کا مہر خوشی خوشی ادا کرو، کے زیادہ قریب ہے۔[27] رکن مولانا ڈاکٹر محمد ادریس سومرو نے رائے دی کہ دراصل یہ صورت ''مسکوت عنہ''[28] والی ہے کہ جس میں تعجیل و تاجیل کا ذکر نہیں ہوتا، اس صورت کے بارے میں دونوں روایتیں موجود ہیں کہ یا اس کی تعجیل پر محمول کر دیا جائے اور یا پھر عرف پر محمول کر دیا جائے۔[29] چیئرمین کونسل نے رائے دی کہ اس ساری بحث سے یہی بات واضح ہوتی ہے کہ اقوال فقہا اور زیر بحث دفعہ میں کوئی تضاد نہیں ہے لہٰذا اس میں اگر کوئی ترمیم نہ کی جائے تو بہتر ہے۔[30] اراکین کونسل نے چیئرمین کونسل کی رائے سے اتفاق کیا اور درج ذیل فیصلہ کیا:

''دفعہ (۱۰) حق مہر میں کوئی بات قابل اعتراض یا خلاف شریعت نہیں۔ مہر کے مسکوت عنہ ہونے کی صورت میں شوہر عند الطلب ادا کرنے کا پابند ہو گا۔''[31]

کونسل نے مسلم عائلی قوانین کی دفعہ ۱۰ حق مہر میں غور و خوض کرتے ہوئے مذکورہ دفعہ کو شریعت کے مطابق قرار دیا جس میں ذکر ہے کہ نکاح نامہ میں حق مہر کی ادائیگی کے طریق کے متعلق کوئی تفصیل نہ ہونے کی صورت میں حق مہر کی کل رقم عند الطلب تصور ہو گی۔ کونسل نے اس سلسلے میں فقہ حنفی میں موجود دونوں دلائل کو مد نظر رکھا جس میں ایک کے مطابق تعجیل و تاجیل سے متعلق خاموشی کی صورت میں حکم معجل کا ہو گا۔ دوسرے دلائل کے مطابق مذکورہ صورت میں عرف کا اعتبار ہو گا لہٰذا کونسل نے قرار دیا کہ مہر میں تعجیل و تاجیل

---

(25) سالانہ رپورٹ ۱۴-۲۰۱۳ء ص ۱۳۱۔
(26) النساء: ۴۔
(27) سالانہ رپورٹ ۱۴-۲۰۱۳ء ص ۱۳۱۔
(28) وہ مہر جس میں تعجیل و تاجیل کی ادائیگی سے ذکر نہ ہو۔
(29) سالانہ رپورٹ ۱۴-۲۰۱۳ء ص ۱۳۱۔
(30) ایضاً، ص: ۱۳۱۔
(31) ایضاً، ص: ۱۷۹۔

سے متعلق خاموشی کی صورت کا حکم عند الطلب ادائیگی کا ہوگا۔ راقم کی رائے میں کونسل کی سفارش مناسب اور درست ہے اور مہر کے حوالے سے خواتین کے لیے انتہائی سہولت کا باعث ہے۔

۳۔ خلع کی صورت میں حق مہر

مذکورہ موضوع پر سفارش ڈاکٹر محمد خالد مسعود کے دور مسند نشینی میں رائج الوقت قوانین پر (۲۰۰۶ء تا ۲۰۰۷ء) کے تناظر میں فیملی کورٹس ۱۹۶۴ء پر نظر ثانی کرتے ہوئے کی گئی۔ خلع کی صورت میں حق مہر کے معاملے کو کونسل کی لیگل کمیٹی میں زیر بحث لایا گیا اور درج ذیل فیملی کورٹس ۱۹۶۴ء کی دفعہ ۱۰ کی ذیلی دفعہ ۴ پر غور کیا گیا:

''اگر راضی نامہ یا مصالحت ممکن نہ ہو تو عدالت مقدمہ میں تنقیحات وضع کرے گی اور [شہادت قلمبند کرنے کے لیے] کوئی تاریخ مقرر کرے گی [مگر شرط یہ ہے کہ کسی عدالت یا ٹریبونل کے کسی فیصلے یا تجویز سے قطع نظر، اگر مصالحت ناکام ہو جائے تو عائلی عدالت تنسیخ نکاح کے دعویٰ میں فی الفور تنسیخ نکاح کی ڈگری جاری کرے گی اور بیوی کی طرف سے نکاح کے موقع پر نکاح کے بدل میں وصول کیا گیا حق مہر بھی خاوند کو واپس دلائے گی]''[32]

لاء کمیٹی نے فیملی کورٹس ۱۹۶۴ء کی مذکورہ دفعہ پر غور کرتے ہوئے خلع کی صورت میں حق مہر کے حوالے سے درج ذیل فیصلہ دیا:

''مہر عورت کا حق ہے اسے کسی حالت میں چھوڑا نہیں جا سکتا، تاہم عدالت اگر چاہے تو تحائف اور فوائد کے سلسلے میں مصالحت کرا سکتی ہے۔''

لا کمیٹی نے عائلی عدالتوں کے قانون مجریہ ۱۹۶۴ء کی دفعہ ۱۰ کی ذیلی دفعہ ۴ میں لفظ ''حق مہر'' کو شادی کے عوض دیئے گئے تحائف اور فوائد سے تبدیل کرنے کی تجویز سے اتفاق کیا اور اسے قانون کا حصہ بنانے کی سفارش کی اور متذکرہ بالا دفعہ کو اس سفارش کی روشنی میں ڈرافٹ کیا۔[33] کمیٹی کے فیصلے کو کونسل کے ۱۷۱ویں اجلاس میں زیر بحث لایا گیا۔ چیئرمین کونسل نے بحث کرتے ہوئے کہا کہ اصل مسئلہ اس وقت پیدا ہوتا کہ جب عورت خلع کا مطالبہ کرتی ہے تو خاوند کہہ سکتا ہے کہ میری فلاں چیز واپس کر دو۔ پاکستان اور ہندوستان میں رواج ہے کہ خاوند کہتا ہے مہر واپس کر دو۔ مسئلہ یہ ہے کہ مہر تو عورت کا حق ہے اسے واپس نہیں کیا جا سکتا۔ تحائف میں بھی یہ ہے کہ تحفہ واپس نہیں لیا جاتا۔[34] انہوں نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ قرآن مجید میں بہت واضح ہے کہ:

---

(32) اسلامی نظریاتی کونسل، اسلام آباد مسلم عائلی قوانین آرڈیننس ۱۹۶۱ء نظر ثانی، سفارشات ص: ۲۴، سن اشاعت ۲۰۰۹ء۔

(33) سالانہ رپورٹ ۰۹-۲۰۰۸ ص: 32، سن اشاعت اگست ۲۰۰۸ء۔

(34) سالانہ رپورٹ ۰۹-۲۰۰۸، ص: 33۔

﴿أَتَأْخُذُونَهُ بُهْتَانًا وَإِثْمًا مُّبِينًا وَإِنْ أَرَدتُّمُ اسْتِبْدَالَ زَوْجٍ مَّكَانَ زَوْجٍ وَآتَيْتُمْ إِحْدَاهُنَّ قِنطَارًا فَلَا تَأْخُذُوا مِنْهُ شَيْئًا ۚ أَتَأْخُذُونَهُ بُهْتَانًا وَإِثْمًا مُّبِينًا﴾(35)

ترجمہ: بھلا تم ناجائز طور اور صریح ظلم سے اپنا مال اس سے واپس لو گے ؟ اور تم دیا ہوا مال کیونکر واپس لے سکتے ہو جب کہ تم ایک دوسرے کے ساتھ محبت کر چکے ہو اور وہ تم سے عہد سے عہد واثق بھی لے چکی ہیں۔

ایک دوسری جگہ ذکر ہے کہ:

﴿فَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا يُقِيمَا حُدُودَ اللَّهِ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيمَا افْتَدَتْ بِهِ﴾(36)

ترجمہ: اور اگر دونوں کو خوف ہو کہ وہ خدا کی حدوں کو قائم نہیں رکھ سکیں گے تو اگر عورت خاوند کے ہاتھ سے رہائی پانے کے بدلے میں کچھ دے ڈالے تو دونوں پر گناہ نہیں۔

کونسل نے بحث کے بعد لاء کمیٹی کے فیصلہ سے اتفاق کیا اور درج ذیل فیصلہ دیا:

''مہر عورت کا حق ہے اسے کسی حالت میں بھی چھوڑا نہیں جا سکتا، تاہم عدالت اگر چاہے تو تحائف اور فوائد کے سلسلے میں مصالحت کرا سکتی ہے، نیز عدالتی عدالتوں کے قانون مجریہ ۱۹۶۴ء کی دفعہ ۱۰ کی ذیلی دفعہ میں لفظ ''حق مہر'' کو شادی کے عوض دیئے گئے تحائف اور فوائد سے تبدیل کر کے قانون کا حصہ بنایا جائے۔''(37)

کونسل نے فیملی کورٹس ۱۹۶۴ کی دفعہ ۱۰ کو زیر بحث لاتے ہوئے مہر کو عورت کا مطلقاً حق قرار دیا ہے۔ چاہے خلع کی صورت کیوں نہ ہو نیز کونسل نے شادی بیاہ کے تحائف اور فوائد کو حق مہر کے قانون میں شامل کرنے اور عدالت کو تنازعہ کی صورت میں تحائف اور فوائد کے سلسلے میں مصالحت کرانے کی سفارشات دیں۔

راقم کی رائے میں شادی بیاہ کے تحائف اور فوائد کو مہر کے قانون کا حصہ بنانے کے حوالے سے کونسل کی سفارش مناسب اور عمدہ ہے کیونکہ ہمارے معاشرے کا عجیب چلن ہے کہ نکاح نامہ میں حق مہر کے خانے میں کم یا زیادہ رقم لکھوائی جاتی ہے جو بالعموم تمام زندگی ناقابل ادا رہتی ہے۔ اس کے برخلاف لاکھوں روپے کی جیولری اور قیمتی ملبوسات بری کے نام پر لڑکی والوں کو نکاح کی رسم سے پہلے ضروری دیئے جاتے ہیں۔ لہٰذا اس حوالے سے کونسل کی سفارش مناسب ہے۔ البتہ سفارش کا حصہ کہ ''مہر عورت کا حق ہے، اسے کسی حالت میں بھی نہیں چھوڑا جا سکتا'' محل نظر ہے اس لیے کہ شریعت میں دو ایسی صورتیں ہیں جن میں عورت کو اپنا کچھ حق چھوڑنا پڑتا

---

(35) النساء: ۲۰-۲۱۔

(36) البقرۃ: ۲۲۹۔

(37) سالانہ رپورٹ ۰۹-۲۰۰۸، ص: ۱۷۰۔

ہے۔ پہلی صورت یہ کہ وہ کسی بدکاری کی مرتکب ہوئی ہو۔[38] اور دوسری یہ کہ وہ خلع کی طالب ہوئی ہو۔[39]

۴- نکاح نامہ میں طبّی معائنے کے حوالے سے ترمیم

یہ استفسار مراسلہ مورخہ ۲۱ اپریل ۲۰۰۹ء از محترمہ ثمینہ بشیر انچارج خواتین کیمپس، کلیہ الشریعہ والقانون بین الاقوامی یونیورسٹی، اسلام آباد کی طرف سے موصول ہوا۔ مراسلہ نگار نے مسلم عائلی قوانین آرڈیننس ۱۹۶۱ء کے حوالے سے درج ذیل تجویز پیش کی:

> ''ہمارے ملک میں ہیپاٹائٹس سی اور ایچ آئی وی ایڈز، جیسی مہلک بیماریاں بڑی تیزی سے پھیل رہی ہیں۔ عام طور پر ایسے مرد یا خواتین جنہیں ہیپاٹائٹس سی یا ایڈز ہوتا ہے شادی کے بعد یہ بیماریاں میاں/بیوی میں منتقل کر دیتے ہیں۔ اس چیز سے محفوظ رہنے کے لیے نکاح نامے میں یہ شق شامل کر دی جائے کہ ''لڑکا اور لڑکی شادی سے پہلے اپنے خون کا ٹیسٹ کروائیں اور اس شق پر پابندی فریقین کے لیے لازم ہو۔''[40]

کونسل نے مذکورہ مراسلہ کو ملاحظہ کرنے کے لیے منظوری دی اور ہدایت کی کہ مناسب تیاری کے بعد اس موضوع کو ۱۷۵ ویں اجلاس مورخہ ۲۸-۲۹ ستمبر ۲۰۰۹ء میں پیش کیا جائے اور مذکورہ مسئلہ پر مشتمل ایک گروپ بنایا گیا تاکہ ان کی آراء کو ۱۷۵ ویں اجلاس میں زیر غور لایا جاسکے گروپ کے ارکان نے اس معاملے پر غور کیا تو حسب ذیل متضاد آراء سامنے آئیں۔ ڈاکٹر محسن مظفر نقوی نے رائے دی کہ نکاح سے قبل متوقع زن و شوہر کے متعلقہ ٹیسٹ کروانے چاہئیں اور مہلک و موروثی و قابل انتقال امراض جو جان لیوا ہوں ان کے حامل افراد سے شادی کی قانوناً ممانعت ہونی چاہیے۔ اگر ایسا قانون نہیں بنایا جاتا تو ایسے امراض کا علم ہونے کا اندراج نکاح نامے میں کیا جائے اور قانون بنایا جائے کہ اس میں خیار فسخ نہیں ہوگا۔ محترمہ شاہدہ اختر علی نے رائے دی کہ بیمار افراد کی شادی طبّی نقطہ نگاہ سے قانوناً منع ہونی چاہیے بشرطیکہ از روئے شرع منع کرنے کی گنجائش ہو۔ شرعی نقطہ نگاہ علما بہتر طور پر بتا سکتے ہیں۔ مولانا ابوالفتح محمد یوسف نے رائے دی کہ مہلک بیماری اور موت تک لے جانے والے امراض کے حامل افراد سے نکاح شرعاً منع نہیں ہے اگر فریقین راضی ہوں، جہاں تک زن و شوہر کے ٹیسٹ کروانے کا مسئلہ ہے تو شریعت فریقین کو ٹیسٹ کروانے کا اختیار دیتی ہے لیکن اگر فریقین مہلک مرض کی نشاندہی کے باوجود توکلاً علی اللہ نکاح پر راضی ہوں تو انہیں منع نہیں کرنا چاہیے۔[41]

---

(38) النساء: ۱۹۔

(39) البقرۃ: ۲۲۹۔

(40) سالانہ رپورٹ ۱۰-۲۰۰۹ء، ص: ۱۶، سن اشاعت اکتوبر ۲۰۰۹ء۔

(41) سالانہ رپورٹ ۱۰-۲۰۰۹ء ص: ۴۹۔

کونسل نے اپنے ۱۷۵ویں اجلاس ۲۹-۲۸ ستمبر ۲۰۰۹ء کو زیر بحث مسئلہ سے متعلق گروپ کی آراء اور تمام تحقیقی مواد پر تفصیلی غور وخوض کیا۔ اس مسئلے پر اراکین کونسل میں اختلاف تھا۔ بعض اراکین اس حق میں تھے کہ شادی سے پہلے "خون کے ٹیسٹ اور ٹیسٹ کے نتیجے کا نکاح نامہ" میں اندراج لازمی ہونا چاہیے۔ دوسرے اراکین کا کہنا تھا کہ اس سے لوگ مزید مشقت میں پڑیں گے لہذا نکاح نامے میں اس شق کا اضافہ نہیں ہونا چاہیے۔(42) رکن مولانا محمد صدیق ہزاروی نے تحریری رائے دی کہ اس بات سے اتفاق نہیں کہ نکاح نامہ میں ان بیماریوں سے متعلق اندراج ہو یا کوئی سرٹیفکیٹ پیش کیا جائے۔ البتہ یہ بات قابل توجہ ہے کہ اس سلسلہ میں ورکشاپس، سیمینار، ہیڈ بلز اور دیگر ذرائع ابلاغ کے ذریعے لوگوں کی ذہن سازی کا اہتمام کیا جائے۔ مولانا عبداللہ خلجی نے اپنی تحریری رائے دی کہ وہ نکاح نامہ میں مہلک ومتعدی امراض کے خون ٹیسٹ سے متعلق کسی بھی قسم کے کالم کے اضافے کے حامی نہیں ہیں کیونکہ اس سے عقد نکاح شرعی کے سہل ترین عمل میں بے جا مشکلات کا اضافہ ہونے کا خدشہ ہے۔(43) مولانا شیرانی اور مولانا فضل علی نے تحریری رائے دی کہ بہتر یہ ہے کہ رشتہ طے کرتے وقت اگر فریقین چاہیں تو خون کا ٹیسٹ کروالیں۔ ہماری رائے میں اس شق کے اضافہ کی ضرورت نہیں بلکہ ایسی شق مشکلات کا سبب بنے گی۔(44) تفصیلی غور وخوض کے بعد سید سعید احمد گجراتی نے تجویز کیا کہ نکاح نامہ میں مہلک بیماریوں کے متعلق معلومات والے کالم کا اضافہ کر دیا جائے تاہم معلومات کی فراہمی اختیاری ہو اس تجویز پر بھی اتفاق رائے نہیں پایا گیا۔ لہذا فیصلہ کیا گیا کہ کثرت رائے سے اس مسئلہ کو حل کر دیا جائے۔ چنانچہ دس ممبران نے تجویز کی حمایت کی اور سات ممبران نے اس تجویز سے اختلاف کیا اور موقف اپنایا کہ اس کالم کے اضافے سے بھی لوگ مشکل میں پڑیں گے جو شرعی نصوص اور شریعت کے مزاج کے خلاف ہے۔(45) دس اراکین نے اکثریت کی بنیاد پر حسب ذیل فیصلہ کیا:

> نکاح نامہ میں مہلک بیماریوں کے متعلق معلومات والے کالم کا اضافہ کر دیا جائے تاہم معلومات کی فراہمی اختیاری ہو۔ نیز بیماری کی وجہ سے قانوناً نکاح کی ممانعت بھی نہ ہو۔ فریقین کو آزاد چھوڑ دیا جائے کہ وہ نکاح نامے میں مہلک بیماریوں کے متعلق معلومات فراہم کریں یا نہ کریں اور بیماریوں کی نشاندہی کی صورت میں وہ نکاح کریں یا نہ کریں۔ مجوزہ کالم کی عبارت حسب ذیل ہو:
>
> "کیا فریقین (دولہا اور دلہن) کسی متعدی اور مہلک بیماری میں مبتلا تو نہیں ہیں؟ کیا فریقین نے کوئی خون ٹیسٹ سرٹیفکیٹ لگایا ہے؟

(42) ایضاً، ص: ۱۷۔

(43) سالانہ رپورٹ ۱۰-۲۰۰۹ء، ص: ۶۴۔

(44) ایضاً، ص: ۶۶۔

(45) سالانہ رپورٹ ۱۰-۲۰۰۹ء، ص: ۱۸۔

سات اراکین نے متذکرہ بالا فیصلے سے اختلاف کیا۔"[46] مذکورہ سفارش میں کونسل نے نکاح نامہ میں مہلک بیماروں کے متعلق معلومات والے کالم کا اضافہ کرنے کی سفارش کی تاہم کونسل نے ان معلومات کو اختیاری قرار دیا اور بیماری کی صورت میں نکاح کو قانوناً منع قرار نہیں دیا۔ تاہم اس فیصلے سے کونسل کے سات اراکین نے اختلاف کیا کہ اس کالم سے لوگ مشقت میں پڑھ جائیں گے۔ راقم کی رائے میں نکاح نامہ میں طبّی معائنے کے حوالے سے ترمیم مناسب اور شریعت کے عین مطابق ہے کیونکہ میڈیکل ٹیسٹ کے ذریعے اُن پوشیدہ مہلک یا معذوری پر منتج ہونے والے امراض کا پتہ چلایا جا سکتا ہے۔ یا جن سے وجود میں آنے والی اولاد مہلک امراض میں مبتلا یا معذور پیدا ہو سکتی ہے۔ شریعت نے نکاح کے سلسلے میں دھوکہ دہی کی ممانعت اور امراض کی صورت میں فسخ نکاح کا اعتبار کیا ہے۔

امام بیہقی لکھتے ہیں:

"امام شافعی فرماتے ہیں کہ وہ امراض جو ایک دوسرے کو لگتے ہیں یعنی قابل انتقال ہیں مثلاً جزام و برص وغیرہ اور ان کی اولاد میں منتقل ہونے کا امکان موجود ہے وہ رشتہ زوجیت کو برقرار رکھنے میں مانع اور ایک دوسرے سے دوری کا سبب بنتے ہیں۔" [47]

علامہ قرافی مہلک امراض مثلاً جزام اور برص اور دیگر مہلک امراض میں مبتلا افراد سے نکاح کے بارے میں لکھتے ہیں:

لایجوز نکاح مریض ولا مریضة ویفسخ ولوبعد البناء[48]

ترجمہ: مریض مرد اور عورت کا نکاح جائز نہیں ہے اور ان کی رخصتی ہو گئی ہو تو ان کا نکاح فسخ کرایا جائے گا۔

اس سلسلے میں مالکی فقہیہ ابن الجلاب لکھتے ہیں:

ولایجوز لمریض ولا لمریضة أن یتزوجا حتی یصحا[49]

ترجمہ: مریض اور مریضہ کے لیے جائز نہیں کہ وہ نکاح کرے یہاں تک کہ وہ صحت یاب ہو جائیں۔

(46) ایضاً، ص: ۲۲۳۔

(47) احمد بن الحسین بن علی البیہقی، **معرفة السنن والآثار**، (بیروت: دار الکتب العلمیہ، ۱۴۲۲ھ)، ج۵، ص ۳۵۴۔

(48) ابوالعباس شہاب الدین احمد بن ادریس القرافی، **الذخیرة**، (بیروت: دار الغرب الاسلامی، ۱۹۹۴ء)، ج۴، ص ۲۰۸۔

(49) ابوالقاسم عبیداللہ بن حسین بن حسن ابن الجلاب المالکی، **التفریع فی فقه الإمام مالك بن أنس**، (بیروت: دار الکتب العلمیہ، ۱۴۲۸ھ)، ج۱، ص ۴۰۹۔

موجودہ دور میں ایڈز اور ہیپاٹائٹس کے امراض پھیل رہے ہیں اور ان بیماریوں کی علامات جلد نمودار نہیں ہوتیں، لہٰذا امراض کی صورت میں فسخ نکاح سے بہتر ہے کہ نکاح سے پہلے متعدی امراض کا ٹیسٹ کروالیا جائے تاکہ انسانی جانیں بچ سکیں۔

۵- نکاح کی رجسٹریشن

نکاح کی رجسٹریشن کا ذکر مسلم عائلی قوانین 1961ء کی دفعہ 5 میں ہے جس کا اردو متن درج ذیل ہے:

1) قانون شریعت کے تحت عمل میں لائی گئی ہر شادی آرڈیننس ہذا کے احکامات کے مطابق رجسٹر کی جائے گی۔

2) اس آرڈیننس کے تحت شادیوں کی رجسٹریشن کی غرض سے یونین کونسل ایک یا ایک سے زیادہ اشخاص کو جنہیں نکاح رجسٹرار کہا جائے گا، لائسنس جاری کرے گی لیکن کسی ایک وارڈ کے لیے کسی صورت بھی ایک سے زیادہ نکاح رجسٹرار کو لائسنس نہیں دیا جائے گا۔

3) ہر اس نکاح کی اطلاع جسے نکاح رجسٹرار کے علاوہ کسی اور شخص نے سرانجام دیا ہو اس آرڈیننس کے تحت درج رجسٹر کرنے کے لیے شخص مذکورہ کی طرف سے نکاح رجسٹرار کو دی جائے گی۔

4) ہر وہ شخص جو ذیلی دفعہ (۳) مذکورہ بالا کے احکامات کی خلاف ورزی کرے گا وہ قید محض جس کی میعاد تین ماہ ہو سکتی ہے یا جرمانہ جو ایک ہزار تک ہو سکتا ہے یا ہر دو سزاؤں کا مستوجب ہوگا۔

5) نکاح نامہ کا فارم نکاح رجسٹرار کے لیے رجسٹر یونین کونسل میں رکھے جانے والے ریکارڈ، بیاہ شادیوں کی رجسٹریشن کا طریق کار اور نکاح نامہ کی نقلیں متعلقہ فریقوں کو مہیا کی جائیں گی اور ان کے لیے قابل ادا فیس وہی ہوں گی جو اس غرض کے لیے مقرر کی جائیں گی۔

6) کوئی شخص مقرر فیس (اگر کوئی ہو) کی ادائیگی پر یونین کونسل کے دفتر میں ذیلی دفعہ کے تحت رکھے ہوئے ریکارڈ کا معائنہ کر سکتا ہے یا اس کے اندراج کی نقل حاصل کر سکتا ہے۔(50)

نکاح کی رجسٹریشن کی مذکورہ بالا دفعہ پر مختلف ادوار میں کونسل میں نظر ثانی کی گئی جو درج ذیل ہیں:

1) اسلامی مشاورتی کونسل نے 19 اکتوبر 1964ء کو مذکورہ دفعہ پر بحث کرتے ہوئے فیصلہ کیا کہ نکاح کی رجسٹریشن کی دفعہ شریعت سے متصادم نہیں ہے اور یہ ایک انتظامی معاملہ ہے اور نکاح کی لازمی رجسٹریشن کے بہت فوائد ہیں۔(51)

2) بعد ازاں مذکورہ دفعہ پر کونسل نے اپنے اجلاس منعقدہ اسلام آباد بتاریخ 29 جنوری تا 10 فروری 1979ء زیر صدارت جسٹس محمد افضل چیمہ دوبارہ غور کیا اور حسب ذیل ترمیم تجویز کی:

"دفعہ 5 کی ذیلی دفعہ (۳) میں لفظ (reported to him by) کے بعد کی عبارت کے بجائے مندرجہ ذیل عبارت لکھی جائے "دولہا یا اس کے نمائندہ کی طرف سے" "the bridegroom or his

(50) مسلم عائلی قوانین آرڈیننس ۱۹۶۱ء نظر ثانی اور سفارشات ص: ۱۷، سن اشاعت ۲۰۰۹ء۔

(51) دسویں رپورٹ، مسلم عائلی قوانین، ص: ۱۰۔

reprehensive"[52]

3) وزارت مذہبی امور نے تجویز دی کہ مسلم عائلی قوانین ۱۹۶۱ء کی دفعہ ۵ میں نکاح رجسٹر نہ کرانے کی سزا چھ ماہ اور جرمانہ کی رقم دس ہزار مقرر کی جائے۔

کونسل نے اپنے ۱۴۴ ویں اجلاس مورخہ ۱۲-۱۴ ستمبر ۲۰۰۱ء میں وزارت مذہبی امور کی تجویز کے حوالے سے موقف دیا کہ نکاح رجسٹر نہ کرانے کی سزا ۳ ماہ ہونی چاہیے یا ۶ ماہ یہ محض ایک انتظامی مسئلہ ہے۔[53]

4) مولانا محمد خان شیرانی کے دور چیئرمین نکاح کی رجسٹریشن کی مذکورہ دفعہ کو دوبارہ غور وخوض کے لایا گیا اور کونسل نے اپنے ۱۹۴ ویں اجلاس مورخہ ۱۰-۱۱ مارچ ۲۰۱۴ء کو اس دفعہ پر بحث کی اور دفعہ ۵ پر علمائے کرام کے درج ذیل اعتراضات کو زیر غور لایا گیا:

۱. نکاح ایک شرعاً ایک ایسا عمل ہے جس کی ترغیب بھی دی گئی ہے اور اس کو آسان بھی رکھا گیا ہے۔

۲. رجسٹریشن کی شرط اس عمل کو مشکل بھی بنادے گی اور ایک مطلق شرعی حکم کو مقید بھی کر دے گی۔

۳. جبر اور تعزیر کے بجائے اس رجسٹریشن کو ترغیبی حد تک رکھا جائے اور رجسٹریشن نہ کروانے والے پر کسی قسم کی سزا کا نفاذ نہ ہو۔[54]

مفتی محمد ابراہیم قادری نے رائے دی کہ دفعہ ۵ کی تمام ذیلی دفعات درست ہیں الا یہ کہ ذیلی دفعہ ۴ میں نکاح کا اندراج نہ کرانے کو تعزیری جرم قرار دینے کے بجائے نکاح رجسٹر کرانے کی محض ترغیب دی جائے کیونکہ نکاح رجسٹر نہ ہونے سے بہت سی دشواریاں آسکتی ہیں۔[55] چیئرمین مولانا شیرانی نے رائے دی کہ ایسے علاقے ہیں جو شہروں سے دور ہیں اور وہاں کے باشندے انتہائی کسمپرسی کی زندگی گزار رہے ہیں ایسے شہریوں کے لیے رجسٹریشن کو ضروری قرار دینے سے مسائل و مشکلات میں اضافہ ہو گیا۔ اس پہلو سے لگتا ہے کہ رجسٹریشن اختیاری اور ترغیبی ہو اور اگر ایک دوسرے پہلو سے غور کیا جائے کہ رجسٹریشن کو اختیار کر دینے کی صورت میں جن کو یہ سہولت میسر ہے اور وہ آسانی سے رجسٹریشن کرا سکتے ہیں وہ اس سے تغافل برتیں گے لہذا لازمی اور اجباری ہی ہو تو زیادہ قرین مصلحت ہو گا۔[56] مولانا محمد حنیف جالندھری نے رائے دی کہ یہ ایک انتظامی

---

(52) دسویں رپورٹ، مسلم عائلی قوانین، ص:30۔

(53) سالانہ رپورٹ ۲۰۰۲-۲۰۰۱ء، ص:۳۵-۳۶، سن اشاعت جولائی ۲۰۰۳ء۔

(54) سالانہ رپورٹ ۱۴-۲۰۱۳ء ص:۱۱۳۔

(55) ایضاً، ص:۱۱۴۔

(56) سالانہ رپورٹ ۱۴-۲۰۱۳ء ص:۱۱۴۔

ضرورت ہے اس لیے اس دفعہ کو اس طرح برقرار رکھا جائے۔ حافظ زبیر احمد ظہیر اور ڈاکٹر محمد ادریس سومرو نے کہا یہ دفعہ خلاف شریعت نہیں ہے۔ قرآن کریم میں معاملات سے متعلق آیت ''فاکتبوہ'' نکاح کی رجسٹریشن کے عمل کو بھی متضمن ہو سکتے ہیں۔ جسٹس (ر) میاں نذیر اختر نے رائے دی کہ ایسا کام جو صدیوں سے نہیں تھا اور مسلمانوں کے نکاح بغیر رجسٹریشن کے ہی ہوا کرتے تھے اس کو اس انداز سے لازم کرنا کہ اس پر عمل نہ کرنے کی صورت میں قید کی سزا درست معلوم نہیں ہوتی۔ تاہم اگر سزا مقرر کرنی ہی ہے تو جرمانہ کی صورت میں مقرر کی جائے، قید کی صورت میں نہ کی جائے۔ فیروز جمال شاہ کاکاخیل نے رائے دی کہ فیڈرل شریعت کورٹ کے فیصلے کے مطابق یہ دفعہ احکام اسلام سے متصادم نہیں ہے اس دفعہ کو برقرار رکھنا ہی بہتر ہے کیونکہ اس میں نقصانات کے مقابلہ میں فوائد زیادہ ہیں۔[57] درج بالا دلائل کی روشنی میں کونسل نے فیصلہ دیا۔

''دفعہ ۵ بیاہ شادیوں کا اندراج کو اس طرح برقرار رکھا جائے۔اس میں کسی قسم کی ترمیم کی ضرورت نہیں۔''[58]

نکاح کی رجسٹریشن کے حوالے سے مسلم عائلی قوانین ۱۹۶۱ء کی دفعہ ۵ کے حوالے سے کونسل کے مختلف ادوار میں غور وخوض کیا گیا۔ اسلامی مشاورتی کونسل نے نکاح کی رجسٹریشن کو مفید اور انتظامی قرار دیتے ہوئے شریعت کے مطابق قرار دیا۔ ڈاکٹر شیر محمد زمان کے دور میں کونسل نے نکاح رجسٹر نہ کروانے پر سزا کو انتظامی قرار دیا۔ مولانا محمد خان شیرانی کے دور میں کونسل نے مذکورہ قانون کی دفعہ ۵ کو قرآن وسنت کے مطابق قرار دے کر نکاح کی رجسٹریشن کی سفارش کی۔ راقم کی رائے میں نکاح شرعی طور پر بغیر رجسٹریشن کے بھی صحیح ہے مگر زمانے کی بدلتی ہوئی رفتار نے رجسٹریشن کی ضرورت واہمیت کو تسلیم کر لیا ہے۔ نکاح کی رجسٹریشن کے کئی معاشرتی فوائد ہیں مثلاً عورت کے نفقہ وسکنی، مہر ومیراث اور بچوں کے نسب کے ضیاع کا خدشہ رجسٹریشن سے ختم ہو جاتا ہے۔ نیز سرکاری ملازم ہونے کی صورت میں حکومت کی طرف سے ملازم کی بیوی اور بچوں کو میسر آنے والے فوائد کا تحفظ ہے۔ قرآن وسنت میں نکاح کی رجسٹریشن کے حوالے سے واضح نصوص نہیں ہیں۔ تاہم قرآن پاک میں مالی معاملات میں دستاویزات بنانے کی ہدایت کی ہے۔ جیسا کہ قرآن پاک میں ذکر ہے:

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا تَدَايَنْتُمْ بِدَيْنٍ إِلَى أَجَلٍ مُسَمًّى فَاكْتُبُوهُ﴾[59]

ترجمہ: اے ایمان والو! جب تم کسی مقررہ مدت تک کے لیے آپس میں قرض کا معاملہ کرو تو اسے لکھ لیا کرو۔

اس آیت مبارکہ میں اللہ تعالیٰ نے خرید وفروخت، لین دین اور معاہدات و معاملات کی دستاویزات تیار

---

(57) ایضاً، ص: ۱۱۵۔

(58) ایضاً، ص: ۱۱۷۔

(59) البقرۃ: ۲۸۲۔

کرنے کی ہدایت کی ہے۔اس کی حکمت یہی ہے کہ بعد میں کوئی تنازع پیدا نہ ہو اور نہ کسی فریق کو نقصان پہنچے۔لہٰذا اس آیت سے نکاح کی رجسٹریشن کا استشہاد کیا جاسکتا ہے۔تاکہ نکاح کی رجسٹریشن سے دونوں فریقوں کے حقوق کو قانونی تحفظ میسر ہوسکے۔ لہٰذا نکاح کی رجسٹریشن کے حوالے سے کونسل کی سفارشات انتہائی مفید اور شریعت کے مقاصد کے مطابق ہے۔

۶- جہیز وتحائف عروسی سے متعلق سفارشات

جہیز و تحائف عروسی سے متعلق مختلف ادوار میں کونسل میں غوروخوض کر کے سفارشات کی گئیں۔ جسٹس تنزیل الرحمٰن کے دور مسند نشینی میں کونسل کے اجلاس ۱۳، فروری ۱۹۸۳ء میں جہیز و تحائف دلہن (پابندی) ایکٹ ۱۹۷۶ء کی درج ذیل دفعات کو زیر بحث لایا گیا:

''قانون ہذا کی دفعہ ۳ کے تحت ۵ ہزار سے زائد جہیز اور تحائف دلہن پر پابندی عائد کی گئی اس طرح دفعہ ۴ کے تحت کوئی شخص نکاح پر کسی فریق کو ایسا تحفہ نہیں دے گا جس کی مالیت ایک سو سے زائد ہو۔دفعہ ۸ کے تحت جہیز وغیرہ کی فہرست رجسٹرار کو مہیا کرنے کا لزوم ہے۔دفعہ ۶ کے تحت شادی کے اخراجات ۵ سو سے تجاوز کرنے کی پابندی ہے۔''(60)

چیئرمین کونسل جسٹس تنزیل الرحمٰن نے اپنی تحریری رائے دی کہ یہ پورا قانون اپنے عملی اطلاق میں حکومت کی جگ ہنسائی کا موجب ہے، ایسی شادیوں کی تعداد ان گنت ہے جہاں خود حکومت کے اعلیٰ افسر موجود ہوتے ہیں اور وہ خود اپنی آنکھوں سے اس امر کا اندازہ لگا سکتے ہیں کہ کیا ایسی شادیوں پر اڑھائی ہزار روپے خرچ کیے گئے ہیں یا جہیز صرف پانچ ہزار کا دیا گیا ہے۔اس قانون کا بجائے فائدہ ہونے کے الٹا یہ نقصان ہو رہا ہے کہ والدین معاشرتی دباؤ کے تحت اپنی بچیوں کو پانچ ہزار سے کئی گنا زائد جہیز دیتے ہیں لیکن جو فہرست رجسٹرار کو دی جاتی ہے اس میں صرف پانچ ہزار روپے کی مالیت کا ذکر ہوتا ہے۔ یہ قانون کونسل کی نگاہ میں غیر حقیقت پسندانہ ہے اس لیے کونسل اس قانون کو منسوخ کرنے کی سفارش کرتی ہے، ہاں اگر حکومت اور اس کے ارکان اپنے اس قانون پر خود بھی عمل درآمد کر سکتے ہوں اور دوسروں سے بھی کرا سکتے ہوں تو پھر شاید اس قانون کے جاری رہنے کی گنجائش نکل آئے۔(61) رکن ڈاکٹر مسز خاور خان چشتی صاحبہ نے رائے دی کہ ''جہیز کا مسئلہ والدین کی صوابدید اور استطاعت پر دیا جانا چاہیے، چونکہ ہر شخص اپنے حالات اور استطاعت کے مطابق اپنی بیٹیوں کو جہیز دیتا ہے، اس پر پابندی لگانے سے کوئی فائدہ حاصل نہیں ہوگا جس نے جو کچھ دینا ہوتا ہے وہ تو دے کر ہی رہتا ہے، خواہ کتنی ہی پابندیاں عائد کر دی جائیں، پابندیوں کی صورت میں چور دروازے دیئے جاتے ہیں، لہٰذا یہ قانون بے اثر ہے

---

(60) دسویں رپورٹ، مسلم عائلی قوانین، ص:۷۰۔

(61) ایضاً، ص:۷۰-۷۱۔

اور اسے منسوخ کیا جائے۔(62) چنانچہ کونسل میں خاصی بحث و تمحیص کے ارکان کی اکثریت نے چیئرمین کونسل اور ڈاکٹر مسز خاور خان چشتی کی تجویز سے اتفاق کیا اور مذکورہ بالا تجویز کو بطور سفارش منظور کر لیا۔(63) مذکورہ سفارش میں جہیز کو والدین کی استطاعت پر چھوڑ دیا گیا اور مذکورہ قانون کو منسوخ کرنے کی سفارش کی۔

ڈاکٹر شیر زمان کے دور مسند نشینی میں سینیٹ میں پیش کیا گیا، جہیز شادی بیاہ کے تحائف پر پابندی عائد کرنے کا بل ۱۹۹۹ء کے حوالے سے کونسل نے از خود نوٹس لیتے ہوئے اپنے ۱۳۷ ویں اجلاس مؤرخہ ۱۹ تا ۲۱ جون ۱۹۹۹ء میں شق وار غور کیا۔(64) سینیٹ کے بل پر غور و خوض کے بعد محسوس کیا گیا کہ زیر غور بل کا جو اردو ترجمہ موصول ہوا وہ کئی مقامات پر نہ صرف ناقص بلکہ بدیہی طور پر غلط ہے۔اس بل پر شق وار غور کے بعد مندرجہ ذیل دفعات میں ترامیم منظور کی گئیں۔

دفعہ نمبر۳: جہیز پر پابندی

کوئی بھی شخص شادی یا رخصتی کے وقت دلہن یا کسی بھی زیر کفالت لڑکی کو ۲۰ ہزار روپے کی مالیت سے زائد کا جہیز نہ دے گا۔(65)

غور و خوض کے بعد اس دفعہ میں کسی ترمیم کی ضرورت محسوس نہیں کی گئی البتہ چیئرمین کونسل کی اس تجویز کے ساتھ اتفاق کیا گیا کہ اس کے انگریزی ڈرافٹ میں جہیز کے مستعمل لفظ Downy کے آگے قوسین میں لفظ جہیز بھی لکھ دیا جائے۔(66)

دفعہ نمبر۴: دلہن کے تحائف پر پابندی

کوئی بھی شخص یا دلہا کے والدین شادی کے موقع پر دلہن کو ۲۰ ہزار روپے کی مالیت سے زائد کے زیورات، تحائف، کپڑے یا دیگر جائیداد نہیں دیں گے مگر اس میں حق مہر شامل نہ ہوگا۔(67)

اس دفعہ پر غور و خوض کے بعد طے ہوا کہ اس کے ابتدائی الفاظ ''کوئی بھی شخص یا'' کو حذف کیا جائے۔ نیز کونسل نے ڈاکٹر محمود احمد غازی کی اس تجویز سے بھی اتفاق کیا کہ اس دفعہ کے الفاظ ''زیورات، تحائف، کپڑے یا دیگر جائیداد'' کے بعد قوسین میں لفظ ''بری'' کا اضافہ کیا جائے کیونکہ دلہن کو شادی کے موقع پر جو تحائف

---

(62) دسویں رپورٹ، مسلم عائلی قوانین، ص:۱۷۔

(63) ایضاً، ص:۱۷۔

(64) سالانہ رپورٹ ۹۹-۱۹۹۸، ص:۴۷۔

(65) ایضاً، ص:۴۸۔

(66) ایضاً، ص:۴۸۔

(67) سالانہ رپورٹ ۹۹-۱۹۹۸، ص:۴۷۔

دیئے جاتے ہیں انہیں بری کہتے ہیں۔[68]

دفعہ نمبر ۶ : (شق نمبر ۲)

صدر، وزیر اعظم، وفاقی وزیر، وزیر اعلیٰ، وزیر مملکت، سفیر، گورنر، قومی اسمبلی کا سپیکر سینیٹ کا چیئرمین یا ڈپٹی چیئرمین، پارلیمانی سیکرٹری، رکن پارلیمنٹ اور صوبائی اسمبلی، تنخواہ کے اسکیل ۱۷ اور بالائی سکیلوں کا سرکاری ملازم یا کسی کارپوریشن، صنعت یا اسٹیبلشمنٹ میں ملازم جس کا انتظام وانصرام حکومت کے پاس ہو، اپنے بیٹے یا بیٹی کی شادی میں کوئی تحفہ وصول نہیں کرے گا، ماسوائے اس کے رشتہ داروں، خاندان کی طرف سے۔[69]

اس شق پر غور وخوض کے بعد کونسل نے تجویز کیا کہ اس کے آخری الفاظ ''ماسوائے اس کے رشتہ دار خاندان کی طرف سے'' کو حذف کیا جائے اور آخر میں ان الفاظ کا اضافہ کیا جائے ''جس کی مالیت ایک ہزار روپے سے زیادہ نہ ہو۔'' علاوہ ازیں کونسل نے اس دفعہ میں مندرجہ ذیل ایک تیسری کے اضافے کی تجویز پیش کی:

شق نمبر ۳: جہیز اور بری کی نمائش ممنوع اور قابل تعزیر جرم ہوگا اور ایسی شادی میں شریک ہونے والے اہل منصب کو ان کے منصب سے برخاست کیا جائے گا۔[70]

درج بالا بل پر بحث کی روشنی میں کونسل نے جہیز اور تحائف عروسی کے حوالے سے ۲۰ ہزار سے زائد جہیز نہ دینے، دلہا کے والدین کا دلہن کو ۲۰ ہزار کی مالیت سے زیادہ بری کے نہ دینے، حکومتی اشخاص کا اپنے بیٹے/بیٹی کی شادی پر ایک ہزار روپے سے زیادہ تحفہ وصول نہ کرنے اور جہیز اور بری کی نمائش کی ممانعت اور قابل تعزیر جرم کی سفارشات کی ہیں۔

ڈاکٹر محمد خالد مسعود کے دور مسند نشینی میں کونسل نے اپنے ۱۶۸ ویں اجلاس میں شادی بیاہ کی رسومات سے متعلق اخباری تراشوں پر غور کرتے ہوئے جہیز کے متعلق درج ذیل سفارش کی:

جہیز چونکہ سوسائٹی کا رواج ہے لہٰذا رواج کے خلاف کوئی قانون سازی نتیجہ خیز نہیں ہو سکتی، جہیز سے متعلق قانون سازی کرنے سے صرف پولیس کے لیے رشوت کا دروازہ کھلے گا۔[71]

مذکورہ سفارش میں کونسل نے اپنے سے سابق کونسل سے اختلاف کرتے ہوئے ڈاکٹر تنزیل الرحمٰن کی کونسل کے فیصلے سے اتفاق کرتے ہوئے جہیز کو رواج قرار دیتے ہوئے معاشرے کی صوابدید پر چھوڑ دیا۔

---

(68) ایضاً، ص: ۴۹۔

(69) ایضاً، ص: ۴۹۔

(70) ایضاً، ص: ۴۹-۵۰۔

(71) سالانہ رپورٹ ۰۸-۲۰۰۷ء، ص: ۸۷۔

جہیز و تحائف عروسی کے حوالے سے کونسل نے ڈاکٹر تنزیل الرحمٰن، ڈاکٹر شیر محمد زمان اور ڈاکٹر محمد خالد مسعود کے دور میں سفارشات مرتب کیں، ڈاکٹر تنزیل الرحمٰن کے دور میں کونسل نے جہیز کو والدین کی استطاعت پر چھوڑنے کی سفارش کی اور جہیز و تحائف دلہن (پابندی) ایکٹ ۱۹۷۶ء کو ختم کرنے کی سفارش کی کیونکہ یہ ناقابل عمل قانون ہے۔ جبکہ ڈاکٹر شیر محمد زمان کے دور میں کونسل نے سابقہ کونسل سے اختلاف کرتے ہوئے جہیز اور تحائف عروسی کے حوالے سے ۲۰ ہزار سے زائد جہیز نہ دینے، دلہا کے والدین کا دلہن کو ۲۰ ہزار کی مالیت سے زیادہ بری کے نہ دینے، حکومتی اشخاص کا اپنے بیٹے/بیٹی کی شادی پر ایک ہزار سے زیادہ تحفہ وصول نہ کرنے اور جہیز اور بری کی نمائش کی ممانعت اور اس عمل کو قابل تعزیر جرم قرار دینے کی سفارشات کیں جبکہ ڈاکٹر محمد خالد مسعود کے دور میں کونسل نے ڈاکٹر تنزیل الرحمٰن دور کونسل کے فیصلے سے اتفاق کرتے ہوئے جہیز کو رواج قرار دیتے ہوئے معاشرے کی صوابدید پر چھوڑ دیا۔ راقم کی رائے میں جہیز کے حوالے سے ڈاکٹر تنزیل الرحمٰن اور ڈاکٹر محمد خالد مسعود کے دور کونسل کی سفارشات مناسب ہیں کہ جہیز کو معاشرے کی صوابدید پر چھوڑ دیا جائے کیونکہ جہیز ایک رواج ہے اور رواج وقت کے ساتھ تبدیل ہوتا رہتا ہے لہٰذا اس سلسلے میں قانون سازی مناسب نہیں۔

جہیز کے حوالے سے مولانا اشرف علی تھانوی لکھتے ہیں:

"سامان جہیز جو والدین اپنی بیٹی کو دیتے ہیں اس کا مدار دراصل عرف اور اشیاء کی نوعیت پر ہے۔"[72]

السید سابق بھی جہیز کو عرف قرار دیتے ہیں:

وھذا مجرد عرف جری علیه الناس [73]

یہ صرف ایک عرف ہے جو لوگوں میں جاری ہے۔

البتہ بری اور جہیز کی نمائش کی ممانعت اور اس کو قابل تعزیر قرار دینے کے حوالے سے ڈاکٹر شیر محمد زمان کے دور کونسل کی سفارش مناسب ہے۔ اس سے صاحب استطاعت اور سفید پوش اور غریب والدین کا بھرم بھی قائم رہے گا کہ وہ اپنی اپنی استطاعت کے مطابق اپنی بیٹوں کو جہیز اور بہوؤں کو بری دے سکیں۔

۷- تعدد ازدواج کے حوالے سے مسلم عائلی قوانین میں ترامیم

تعدد ازدواج سے متعلق اسلامی نظریاتی کونسل نے مختلف ادوار میں مسلم عائلی قوانین آرڈیننس ۱۹۶۱ء کی دفعہ ۶ پر غور وخوض کر کے سفارشات مرتب کی ہیں، مذکرہ قانون کی دفعہ ۶ تعدد ازدواج کا اردو متن

(72) مولانا اشرف علی صاحب تھانوی، **اشرف الاحکام**، (لاہور: ادارہ اسلامیات، ۱۴۲۴ھ)، ص ۱۵۹۔

(73) سید سابق، **فقه السنة**، (جدہ: شرکۃ دار القبلۃ للثقافۃ الاسلامیۃ)، ج ۲، ص ۳۰۲۔

درج ذیل ہے:

دفعہ ۶: تعدد ازدواج

۱) کوئی شادی شدہ شخص اس آرڈیننس کے تحت ثالثی کونسل سے پیشگی تحریری اجازت لیے بغیر دوسری شادی نہیں کرے گا اور نہ ہی مذکورہ منظوری حاصل کیے بغیر کی ہوئی کسی شادی کو اس آرڈیننس کے تحت رجسٹر کیا جائے گا۔

۲) ذیلی دفعہ (۱) کے تحت اجازت حاصل کرنے کے لیے درخواست مجوزہ طریق کار کے مطابق اور مقررہ فیس کے ہمراہ چیئرمین کو دی جائے گی اور اس میں مجوزہ شادی کی وجوہات بیان ہوں گی اور یہ کہ آیا اس کے لیے موجودہ بیوی یا بیویوں کی رضامندی حاصل کر لی گئی ہے۔

۳) ذیلی دفعہ (۲) کے تحت درخواست موصول ہونے پر چیئرمین درخواست دہندہ اور اس کی بیوی یا بیویوں سے کہے گا کہ ہر ایک اپنا نمائندہ نامزد کرے اور اس طرح تشکیل شدہ ثالثی کونسل اگر مطمئن ہو کہ مجوزہ شادی ضروری اور منصفانہ ہے تو وہ ایسی شرائط کے تحت جنہیں وہ مناسب خیال کرے مطلوبہ منظوری دے سکتا ہے۔

۴) درخواست کے فیصلے میں ثالثی کونسل اپنے فیصلے کی وجوہات قلمبند کرے گی اور کوئی بھی فریق مجوزہ طریق کار کے مطابق اور مقررہ مدت کے اندر اور مقررہ فیس کی ادائیگی پر نگرانی کی درخواست [متعلقہ کلکٹر کو] پیش کر سکتا ہے، اس کا فیصلہ قطعی ہوگا اور اس کے خلاف کسی عدالت میں چارہ جوئی نہیں کی جاسکے گی۔

۵) جو شخص ثالثی کونسل کی اجازت کے بغیر دوسری شادی کرے گا وہ:

اُ. مہر کی تمام واجب الادار قم موجودہ بیوی یا بیویوں کو ادا کرے گا خواہ وہ معجل ہو یا مؤجل جو عدم ادائیگی کی صورت میں بطور بقایا جات مالیہ وصولی کی جاسکے گی۔

ب. شکایت پر اثبات جرم کی صورت میں قید محض جس کی میعاد ایک سال تک ہو سکتی ہے یا جرمانہ جو پانچ ہزار روپے تک ہو سکتا ہے ہر دو سزاؤں کا مستوجب ہوگا۔[(74)]

مسلم عائلی قوانین کی مذکورہ دفعہ ۶ پر سب سے پہلے غور اسلامی مشاورتی کونسل نے اپنے اجلاس منعقدہ ۱۹؍ اکتوبر ۱۹۶۴ء کو کیا جس کی صدارت علامہ علاؤالدین صدیقی نے کی۔ رکن مولانا عبدالحمید بدایونی نے رائے دی کہ شریعت مطہرہ نے شوہر کو حق دی ہے کہ وہ عقد ثانی کر سکتا ہے بشرطیکہ وہ اپنی پہلی بیوی اور اس کے بچوں کے ساتھ عدل کر سکے، شوہر جس وقت عقد کرنا چاہے قاضی شرع کے سامنے ثبوت پیش کرے کہ میں پہلی بیوی اور اس کے بچوں کے حقوق ادا کرنے کا اہل ہوں، قاضی جب یہ ثبوت حاصل کرے تو عقد ثانی کی اجازت ہے، اگر ثبوت حاصل نہ ہو سکے تو عقد ثانی کا مجاز نہ ہوگا۔[(75)] مشاورتی کونسل نے بحث و تمحیص کے بعد مذکورہ قانون میں درج ذیل ترامیم تجویز کیں:

ا. دفعہ کے ابتدائیہ کی منفی صورت کو مثبت سے بدل دیا جائے؛

۲. پہلی بیوی کی اجازت کی شرط کو حذف کر دیا جائے؛

---

(74) رپورٹ مسلم عائلی قوانین آرڈیننس ۱۹۶۱ء، نظر ثانی سفارشات، ص: ۱۷۔

(75) دسویں رپورٹ مسلم عائلی قوانین، ص: ۱۷۔

۳. دوسری شادی کا درخواست گزار ایک عہد نامہ جمع کروائے گا کہ وہ اپنی بیوی بچوں کے ساتھ عدل کرنے کا متحمل ہے؛
۴. عدالتی چارہ جوئی صرف متاثرہ بیویوں کی شکایت پر شروع کی جائے گی۔(76)

تعدد ازدواج کے حوالے سے مسلم عائلی قانون کی دفعہ ۶ پر کونسل کے اجلاس منعقدہ مؤرخہ ۲۹، جنوری تا ۱۹، فروری ۱۹۷۹ء میں دوبارہ غور و خوض کیا گیا، اجلاس کی صدارت جسٹس محمد افضل چیمہ نے کی۔(77) اجلاس میں مذکورہ قانون کی دفعہ ۶ کو حذف کر کے مندرجہ ذیل دفعہ لکھنے کی سفارش کی گئی:

۱. جو شخص اپنا موجودہ نکاح برقرار رکھتے ہوئے کوئی دوسرا نکاح کرنا چاہتا ہے اس کے لیے ضروری ہو گا کہ متعلقہ سول جج کو مجوزہ نکاح کی اجازت کے لیے درخواست دے۔
۲. سول جج درخواست دہندہ کی درخواست کو صرف اس صورت میں مسترد کر سکے گا جبکہ وہ ضروری تحقیق و تفتیش کے بعد اس بات پر مطمئن ہو کہ:
اَ. درخواست دہندہ مالی طور پر اس لائق نہیں ہے کہ وہ اپنی موجودہ بیوی یا بیویوں کے ساتھ مجوزہ بیوی کے ضروری اخراجات مکمل مساوات کے ساتھ مناسب طور پر برداشت کر سکے۔
ب. درخواست دہندہ کے بارے میں اس کے ماضی کے حالات عام کردار اور اخلاقی معیار کے لحاظ سے اس بات کا گمان غالب ہے کہ وہ ایک سے زائد بیویوں کے درمیان عدل و مساوات نہیں رکھ سکتا اور اس کی طرف سے بے انصاف کا معقول خطرہ موجود ہے۔
ج. درخواست دہندہ نے اس عورت سے جس سے وہ نکاح کرنا چاہتا ہے یہ بات پوشیدہ رکھی ہے کہ اس کی کوئی بیوی موجود ہے۔
۳. جو مسلمان شخص سول جج سے اجازت حاصل کیے بغیر ایک نکاح کی موجودگی میں دوسرا نکاح کرے گا وہ قید محض کی سزا کا مستوجب ہو گا جو ایک سال تک ہو سکتی ہے۔
۴. جو شخص بھی ایک سے زائد بیویوں کے درمیان ناانصافی یا عدم مساوات کا مرتکب ہو گا اسے قید محض کی سزا دی جائے گی جو دو سال تک ہو سکتی ہے۔ نیز عدالت اپنی صوابدید پر عدل و مساوات قائم کرنے کے لیے احکام صادر کرے گی۔(78)

کونسل کی مذکورہ سفارش میں دوسری شادی کے لیے بیوی کی اجازت کے بجائے سول جج کی اجازت سے مشروط کیا گیا نیز عدل و انصاف اور خفیہ شادی سے متعلق جج کے اطمینان اور خلاف ورزی پر قید کی سزا کے نکات قابل ذکر ہیں۔ ڈاکٹر شیر زمان کے دور مسند نشینی میں مسلم عائلی قوانین کی دفعات پر دوبارہ غور و خوض کیا گیا اور مذکورہ قانون کی دفعہ ۶ میں درج ذیل ترمیم تجویز کی گئی:

''ایک یا ایک سے زیادہ بیویوں کی موجودگی میں جو شخص ایک اور نکاح کرنا چاہے وہ عدالت کے روبرو اقرار صالح کرے گا اور

(76) ایضاً، ص: ۱۷۔
(77) ایضاً، ص: ۲۹۔
(78) دسویں رپورٹ، مسلم عائلی قوانین، ص: ۳۰۔

یہ یقین دہانی کرائے گا کہ وہ نان ونفقہ عدل شرعی اور عدل بین الاقوامی جس کو فقہی اصطلاح میں "قسم" کہا جاتا ہے، کے تقاضوں کی پابندی کرے گا اور اس کا اہل بھی ہے۔"[79]

ڈاکٹر محمد خالد مسعود کے دور مسند نشینی میں مسلم عائلی قوانین ۱۹۶۱ء کو دوبارہ زیر غور لایا گیا اور تعدد ازدواج کے سلسلے میں مذکورہ قانون کی دفعہ ۷ کے متعلق درج ذیل فیصلہ کیا گیا:

تعدد ازدواج کے موجودہ قانون کے تحت بیان کردہ شرائط میں کوئی چیز قرآن وسنت کے خلاف نہیں ہے۔[80]

مذکورہ سفارش میں کونسل نے مذکورہ قانون کی دفعہ ۷ پر کوئی اعتراض نہیں کیا۔ مولانا محمد خان شیرانی کے دور مسند نشینی میں مسلم عائلی قوانین ۱۹۶۱ء کو دوبارہ زیر غور لایا گیا اور تعدد ازدواج کے سلسلے میں مذکورہ قانون کی دفعہ کو کونسل کے ۱۹۹ ویں اجلاس میں زیر بحث لایا گیا۔

رکن علامہ سید افتخار حسین نقوی نے رائے دی کہ سورۃ النساء کی آیت ۳ واضح کرتی ہے کہ تعدد ازدواج پر کوئی پابندی نہیں ہے محض عدل شریعت کا تقاضا ہے، شادی بغیر اجازت کر لینے پر دفعہ ہذا میں جو سزا درج ہے وہ صریحاً قرآن وسنت کے خلاف ہے۔[81] مولانا فضل علی نے تحریری رائے دی کہ سابقہ کونسل کی سفارش جس میں دوسری شادی کو سول جج سے مشروط کیا گیا ہے، میں اور عائلی قانون میں صرف الفاظ کا فرق ہے، لہٰذا عائلی قانون اور سابقہ سفارش دونوں کو مسترد کیا جائے، اور آیت کریمہ کے اطلاق کو مقید نہ کیا جائے اور تعدد ازدواج کو جرم شمار کر کے اس پر سزا مقرر نہ ہو۔[82] رکن علامہ محمد یوسف اعوان نے رائے دی کہ جب نص قطعی سے ثابت ہے تو پھر دوسری شادی کے لیے پہلی بیوی سے یا کسی جج سے اجازت لینا یہ غیر اسلامی و غیر شرعی ہے لہٰذا اسے حذف کر دینا چاہیے۔[83]

مفتی محمد ابراہیم قادری نے رائے دی کہ شرعی نصوص کی رو سے آرڈیننس کی تعداد ازدواج سے متعلق بنیادی دفعہ ۶ اور اس کی ذیلی دفعات ساری کی ساری غیر معقول اور غیر اسلامی ہیں لہٰذا اس دفعہ کو مسترد کر دینا چاہیے۔[84] ان آراء کی روشنی میں کونسل نے بالاتفاق قوانین کی دفعہ ۶ تعدد ازدواج کو خلاف اسلام قرار دیتے ہوئے حذف کرنے کی سفارش کی نیز کونسل کی سابقہ سفارش کو بھی مسترد کیا[85] اور درج ذیل فیصلہ دیا:

---

(79) سالانہ رپورٹ ۰۳-۲۰۰۲، ص: ۸۵۔

(80) سالانہ رپورٹ ۰۹-۲۰۰۸ء، ص: ۱۶۸۔

(81) سالانہ رپورٹ ۱۴-۲۰۱۳ء، ص: ۱۱۷۔

(82) ایضاً، ص: ۱۱۸۔

(83) سالانہ رپورٹ ۱۴-۲۰۱۳، ص: ۱۱۹۔

(84) ایضاً، ص: ۱۱۹۔

(85) ایضاً، ص: ۱۲۲۔

۱. عائلی قوانین کی دفعہ ٦ تعدد ازدواج نہ صرف اسلامی احکام کے خلاف ہے بلکہ بیش بہا قانونی خرابیوں پر مبنی ہے، قرآن مجید کی آیات کریمہ، نبی اکرمؐ کی احادیث اور اجماع امت سے ثابت ہوتا ہے کہ بیک وقت ایک سے زائد چار تک بیویوں کو نکاح میں رکھنا جائز ہے، نکاح کے شرعی یا قانونی انعقاد کے لیے شوہر کو ثالثی کونسل، سول جج یا پہلی بیوی سے اجازت لیناضروری نہیں۔

۲. نکاح ایک شرعی عمل ہے اور انبیاء کی سنت ہے ہمارے پیارے نبیؐ نے خود ایک سے زائد شادیاں کی تھیں، صحابہ کرام اور آج تک کے علمائے امت میں متعدد مقدس ہستیوں نے اس سنت کو عملی طور پر اپنایا ہے لہٰذا دوسرے نکاح کو جرم بنا کر نکاح کرنے والے کو سزا دینا نہایت نامناسب اور اسلامی تعلیمات سے متصادم ہے۔

۳. شرعی تعلیمات کے مطابق میاں بیوی پر ایک دوسرے کے حقوق ادا کرنا اور حسن معاشرت کے ساتھ زندگی گزارنا لازم ہے، شوہر کا شرعی واخلاقی فرض ہے کہ وہ ان تمام حقوق کو ادا کرنے کا اہتمام کرے جو شوہر ہونے کے ناطے شریعت نے اس پر لازم قرار دیئے ہیں خواہ اس کی ایک بیوی ہو یا ایک سے زائد بیویاں ہوں، اگر شوہر ایک سے زائد بیویوں کے درمیان اختیاری امور اور حقوق میں عدل نہ کر سکتا ہو تو ایک بیوی پر اکتفا کرے۔ اگر شوہر حقوق کی ادائیگی میں کوتاہی کا مرتکب ہوتا ہو تو بیوی/بیویوں کے حقوق کا مطالبہ کرنے اور عدالتی چارہ جوئی کا راستہ اختیار کرنے کی اجازت ہے۔ کونسل سمجھتی ہے کہ عائلی قانون کی دفعہ ٦ ایک ایسے قانون پر مبنی ہے جو اس وقت ختم ہو چکا ہے اور اس میں دیگر کئی قانونی خرابیاں موجود ہونے کے ساتھ ساتھ انسانی حقوق کی پامالی کا باعث بن سکتی ہے، یہ دفعہ بیک وقت شوہر بیوی اور بچوں کو کئی ایک شرعی و قانونی حقوق سے محروم کر سکتی ہے لہٰذا اس دفعہ کو حذف کر دیا جائے۔(86)

تعدد ازدواج کے حوالے سے علامہ علاؤالدین صدیقی، جسٹس محمد افضل چیمہ، ڈاکٹر شیر محمد زمان، ڈاکٹر محمد خالد مسعود اور مولانا محمد خان شیرانی کے دور کونسل میں مسلم عائلی قوانین کی دفعہ ۷ تعدد ازدواج میں ترامیم کی گئیں۔ علامہ علاؤالدین کے دور کونسل میں کونسل نے پہلی بیوی کی اجازت کو حذف کرنے اور دوسری شادی کے درخواست گزار کو بیوی بچوں کے ساتھ عدل کے متحمل ہونے کا عہد نامہ جمع کروانے کی سفارش کی جبکہ جسٹس محمد افضل چیمہ کے دور کونسل میں دوسری شادی کے لیے سول جج کی اجازت سے مشروط کیا گیا نیز عدل وانصاف اور خفیہ شادی سے متعلق جج کے اطمینان اور مذکورہ نکات پر خلاف ورزی پر دو سال کی قید کی سزا کی سفارشات کیں۔ ڈاکٹر شیر محمد زمان کے دور کونسل میں دوسری شادی کے حوالے سے عدالت کے روبرو نان ونفقہ اور عدل شرعی کے اقرار کی سفارش کی گئی۔ ڈاکٹر محمد خالد مسعود کے دور میں کونسل نے پچھلی کونسلوں سے اختلاف کرتے ہوئے مسلم عائلی قوانین کی دفعہ ۷ کو درست قرار دیا جس کے مطابق دوسری شادی کے لیے پہلی بیوی کی اجازت ضروری ہے۔ مولانا محمد خان شیرانی کے دور میں کونسل نے پچھلی تمام کونسلوں سے اختلاف کرتے ہوئے دفعہ ۷ کی تمام دفعات کو خلاف شریعت قرار دیا۔ نیز قرار دیا کہ پہلی بیوی یا سول جج سے دوسری شادی کی اجازت لینا کوئی ضروری نہیں ہے۔

(86) ایضاً، ص: ۱۷۷-۱۷۸۔

راقم کی میری رائے میں جسٹس محمد افضل چیمہ کے دور کونسل کی سفارش مناسب ہے کیونکہ اس طرح کوئی بھی شخص ضرورت کے تحت دوسری شادی کر سکے گا اور پہلی بیوی اور بچوں کے حقوق کا تحفظ ہو گا۔ اسلام میں تعدد ازدواج عدل کی شرط کے ساتھ جائز ہے اور عدل تبھی ممکن ہے کہ کسی بھی شخص کی پہلی بیوی اور بچوں کے نان ونفقہ اور عدل کے حقوق محفوظ ہوں۔ جیسا کہ قرآن پاک میں ارشاد ہے:

فَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا تَعْدِلُوا فَوَاحِدَةً[87] ترجمہ: ''اگر تمہیں خوف ہو کہ عدل نہ کر سکو گے تو ایک ہی بیوی کافی ہے۔''

اس سلسلے میں علامہ ابن الھمام رائے دیتے ہیں:

فاستفدنا أن حل الأربع مقيد بعدم خوف عدم العدل وثبوت المنع عن أكثر من واحدة عن خوفه[88]

چار شادیوں کی اجازت عدل کے ساتھ مشروط ہے اور ناانصافی کے خوف کی صورت میں ایک شادی سے زیادہ روکنا ثابت ہے۔

نتائج و خلاصہ بحث

1. پاکستان کے رائج الوقت قوانین مسلم عائلی قوانین ۱۹۶۱ء اور قانون پابندی صغار ۱۹۲۹ کے مطابق نا بالغ بچہ/بچی کا نکاح ممنوع ہے اور نکاح کے لیے لڑکے کی عمر کم از کم ۱۸ سال اور لڑکی عمر ۱۶ سال قرار دی گئی۔ اسلامی نظریاتی کونسل نے مختلف ادوار میں رائج الوقت قوانین پر نظر ثانی کرتے ہوئے مختلف سفارشات مرتب کیں۔ کونسل نے نکاح کے لیے شرعی بلوغت کو معیار ٹھہرایا البتہ رائج الوقت قانون کے مطابق عمر نہ ہونے کی صورت میں بلدیاتی کونسل کے چیئرمین کی اجازت کو مشروط قرار دیا گیا۔
2. مسلم عائلی قوانین آرڈیننس ۱۹۶۱ء کی دفعہ ۱۰ کے مطابق حق مہر کی ادائیگی کے سلسلہ میں اگر نکاح نامہ یا معاہدہ شادی میں کوئی تفصیل موجود نہ ہو تو حق مہر کی کل رقم کے بارے میں تصور ہو گا کہ وہ عند المطالبہ قابل ادا ہے۔ اسلامی نظریاتی کونسل نے مذکورہ دفعہ کو شریعت کے مطابق قرار دیا۔ اس نے اس سلسلہ میں فقہ حنفی میں موجود دلائل کو سامنے رکھا جس میں ایک کے مطابق تعجیل وتاجیل

---

(87) النساء: ۴: ۳

(88) کمال الدین عبدالواحد بن الھمام، **فتح القدير شرح الهداية**، (مکہ مکرمہ: المکتبۃ التجاریہ، سن اشاعت ندارد)، ج ۳، ص ۴۳۲۔

سے متعلق خاموشی کی صورت میں حکم معجل ہوگا۔ جبکہ دوسرے دلائل کے مطابق مذکورہ صورت میں عرف کا اعتبار ہوگا۔ لہذا کونسل کے مطابق مہر میں تعجیل وتاجیل سے متعلق خاموشی کی صورت کا حکم عند الطلب ادائیگی کا ہوگا۔

3. فیملی کورٹس ۱۹۹۴ء کی دفعہ ۱۰ کے تحت اگر زوجین میں مصالحت ناکام ہو جائے تو عائلی عدالت تنسیخ نکاح کے دعوی میں فی الفور تنسیخ نکاح کی ڈگری جاری کرے گی اور بیوی کی طرف سے نکاح کے موقع پر نکاح کے بدل میں وصول کی گیا حق مہر بھی خاوند کو واپس دلائے گی۔ اس پر لاء کمیٹی نے یہ فیصلہ دیا کہ مہر عورت کا حق ہے اسے کسی حالت میں بھی نہیں چھوڑا جاسکتا۔ تاہم عدالت اگر چاہیے تو تحائف اور فوائد کے سلسلہ میں مصالحت کرا سکتی ہے۔ اسلامی نظریاتی کونسل نے بحث کے بعد لاء کمیٹی کے فیصلہ سے اتفاق کیا۔

۴. مسلم عائلی قوانین آرڈیننس ۱۹۶۱ء کے حوالہ سے یہ تجویز پیش کی گئی کہ ملک میں ہیپاٹائٹس اور ایچ آئی وی ایڈز جیسی مہلک بیماریوں سے محفوظ رہنے کے لیے نکاح نامہ میں ایک شق یہ شامل کی جائے کہ لڑکا اور لڑکی شادی سے پہلے اپنے خون کا ٹیسٹ کرائیں اور اس شق پر پابندی فریقین کے لیے لازم ہو۔ کونسل کے اجلاس میں مہلک بیماریوں سے متعلق معلوماتی کالم کے اضافہ کی سفارش کی گئی۔ تاہم ان معلومات کو اختیاری قرار دیا گیا۔ اور بیماری کی صورت میں نکاح کو قانوناً منع قرار نہیں دیا گیا۔

۵. کونسل کے تمام ادوار میں نکاح کی رجسٹریشن کے حوالے سے مسلم عائلی قوانین ۱۹۶۱ء کی دفعہ ۵ کو شریعت کے مطابق قرار دیا گیا۔

۶. ڈاکٹر تنزیل الرحمٰن اور ڈاکٹر محمد خالد مسعود کے دور میں کونسل نے جہیز کو رواج قرار دے کر جہیز و تحائف دلہن ایکٹ ۱۹۷۶ء کو ختم کرنے کی سفارش کی جبکہ ڈاکٹر ایس ایم زمان کے دور میں جہیز و تحائف دلہن ایکٹ ۱۹۷۶ء میں ضروری ترامیم پیش کی گئیں۔

۷. تعدد ازدواج کے حوالے سے ڈاکٹر محمد خالد مسعود کے دور میں کونسل نے تعدد ازدواج سے متعلق مسلم عائلی قوانین کی دفعہ ۶ کو درست قرار دیا جبکہ مولانا محمد خان شیرانی کے دور میں کونسل نے مذکورہ دفعہ کو خلاف اسلام قرار دیا۔

☆☆☆

قوانین کواسلامیانے میں علماے کرام کی ذمہ داری اور کردار: ماضی کے آئینے میں مستقبل کے لیے لائحہ عمل

The Responsibility and Role of 'Ulamā' for Islamization of laws: A framework for Future in the light of Past

محمد یحییٰ*

Abstract

"Islamic Republic of Pakistan" is the ideological state. The two-nation theory was the founding theory of Pakistan movement. Islam is the state religion of Pakistan. Therefor the islamization of laws according to Qur'ān and sunnah *is among the the main objectives. Ulema, Scholars, Lawyers, Jurists and Parliamentarians are accountable and answerable to perform this responsibility. This paper attempts to investigate the responsibility and role of Ulema in the islimization of laws, there contribution in past 73 years, some of the examples of there struggles, and few suggestions for ulema and madaris to achive this goal.*

Keywords: Qur'ān and *Sunna, 'Ulamā', Islimization, Twenty two points of 'Ulamā'.*

طویل جدوجہد کے بعد ہندوستان کوانگریزوں کے ناجائز قبضے سے جو آزادی حاصل ہوئی اس میں علماے کرام کا کردار تاریخ کی اٹل حقیقت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے مسلمانانِ ہند کو جدوجہدِ آزادی کے نتیجے میں "اسلامی جمہوریہ پاکستان" کی صورت میں ایک عظیم نعمت سے نوازا جس کی اساس "کلمہ طیبہ" ہے، حاکمیتِ اعلیٰ "اللہ تعالیٰ" کے لیے اور آئین و قانون کا قرآن وسنت کے مطابق ہونا باتفاق طے ہوا ہے۔ جو بلاشبہ بہت مضبوط، مبارک اور پاکیزہ بنیاد ہے۔

اس بنیاد کی فراہمی کے بعد اس پر تعمیر کے لیے موجودہ قوانین کو قرآن وسنت کے سانچے میں ڈھالنے، اور نئے بننے والے قوانین کو قرآن وسنت کے ترازو پر پرکھنے کی ذمہ داری یقیناً اُن علماے دین ہی کے کندھوں

* پی ایچ ڈی اسکالر، اسلامیہ کالج یونیورسٹی پشاور۔ مدرس ومفتی جامعہ عثمانیہ پشاور۔ yahyausmani@gmail.com

پر پڑتی ہے، جنہیں قرآن وسنت کی صحیح سمجھ اور روحِ شریعت کا صحیح ادراک حاصل ہو۔ ساتھ ہی وہ زمانہ کے نشیب وفراز سے واقف اور عُرف ومعاشرہ کے نبض پر ہاتھ رکھ کر فیصلہ کرنے کی صلاحیت بھی رکھتے ہوں۔ پاکستان بننے کے بعد اس فرض سے عہدہ برآ ہونے میں کئی ایک علماے کرام نے حصہ لیا، اُن کی کئی کوششیں کامیاب ہوئیں، کچھ کامیاب نہ ہو سکیں اور کچھ مساعی ابھی تک زیرِ التوا بھی ہیں۔ تاہم کیا علماے کرام کی طرف سے اس فرض سے عہدہ برآ ہونے کے لیے اب تک کی گئی کوششیں "کافی" شمار کی جاسکتی ہیں؟ اور کیا ماضی میں علماے کرام کا جو کردار رہا اُس کا تسلسل اب اسی طرح برقرار ہے یا اس میں کچھ فرق نظر آرہا ہے؟ مستقبل میں کیا لائحہ عمل طے کرنا چاہیے؟ اس سلسلے میں دینی مدارس اور ان کے نمائندہ بورڈ کیا کردار ادا کر سکتے ہیں؟

اس مقالہ میں اِن سوالات کے جوابات تلاش کیے جائیں گے۔ مقالہ اس مختصر تمہید کے علاوہ دو حصوں اور خاتمہ پر مشتمل ہے۔ پہلے حصے کا عنوان ہے: "قوانین کو اسلامیانے کے سلسلے میں، ماضی میں علماے کرام کا کردار" اور دوسرے حصے کا عنوان ہے: "مستقبل میں ذمہ داری" جب کہ خاتمہ میں نتائج اور سفارشات درج کیے گئے ہیں۔

حصہ اول: "قوانین کو اسلامیانے کے سلسلے میں، ماضی میں علماے کرام کا کردار"

مملکتِ خداداد پاکستان کے معرضِ وجود میں آنے کے بعد اولین مسئلہ دستور سازی کا درپیش تھا، جو اگرچہ فسادات کی وجہ سے بروقت پایہ تکمیل تک نہ پہنچ سکا اور کئی رُکاوٹوں کی وجہ سے اس میں حد سے زیادہ تاخیر ہوئی تاہم علماے کرام نے اِس موقع پر اپنا فرض بخوبی نبھایا۔ چنانچہ علامہ شبیر احمد عثمانیؒ نے کتاب وسنت کے مطابق دستور کا خاکہ مرتب کرنے کے لیے چار علماے کرام کے نام تجویز کیے: مولانا سید سلیمان ندویؒ، مولانا مفتی محمد شفیعؒ، مولانا سید مناظر احسن گیلانیؒ، اور ڈاکٹر محمد حمیداللہؒ۔ اِن میں سے سید سلیمان ندویؒ چند اعذار کی بنا پر ہندوستان سے تشریف نہ لا سکے، جب کہ باقی تینوں حضرات نے دستوری خاکہ مرتب کرنا شروع کیا اور تین ماہ کے عرصے میں ایک خاکہ مرتب کر کے وسط ۱۹۴۸ء میں علامہ عثمانیؒ کے حوالے کر دیا۔(1)

(1) منشی عبدالرحمن خان، **تعمیرِ پاکستان اور علماے ربانی** (لاہور: ادارہ اسلامیات، ط: دوم، ۱۹۹۲ء)، ص ۱۵۰۔

یہ سفارشات مرتب ہونے کے بعد جلد ہی قائداعظمؒ دُنیا سے رخصت ہوئے اور دستور سازی کا کام دھرا رہ گیا۔ اس دوران کچھ لوگوں نے یہ پروپیگنڈا شروع کیا کہ: اسلام کا سرے سے کوئی دستورِ مملکت نہیں، اس کی عملی شکل کہیں بھی نظر نہیں آتی، اور اسلام کے مبینہ اصولوں پر تمام علما متفق نہیں ہیں۔

اس پروپیگنڈے کے جواب میں مختلف مکاتبِ فکر کے ۳۱ علمائے کرام کا ایک اجتماع بتاریخ ۱۲، ۱۳، ۱۴، اور ۱۵ ربیع الثانی ۱۳۷۰ھ مطابق ۲۳، ۲۲، ۲۱ اور ۲۴ جنوری ۱۹۵۱ء بصدارت مولانا سید سلیمان ندوی کراچی میں منعقد ہوا۔ اس اجتماع میں اسلامی دستور کے جو بنیادی اصول بالاتفاق طے ہوئے، وہ درج ذیل ہیں:

۳۱ علمائے کرام کی کمیٹی کے طے کردہ اسلامی مملکت کے 22 بنیادی اصول

اسلامی مملکت کے دستور میں حسبِ ذیل اصول کی تصریح لازمی ہے:

1. اصل حاکم تشریعی و تکوینی حیثیت سے اللہ رب العالمین ہے۔
2. ملک کا قانون کتاب و سنت پر مبنی ہوگا اور کوئی ایسا قانون نہ بنایا جاسکے گا، نہ کوئی ایسا انتظامی حکم دیا جاسکے گا، جو کتاب و سنت کے خلاف ہو۔

(تشریحی نوٹ): اگر ملک میں پہلے سے کچھ ایسے قوانین جاری ہوں، جو کتاب و سنت کے خلاف ہوں تو اس کی تصریح بھی ضروری ہے کہ وہ بتدریج ایک معینہ مدت کے اندر منسوخ یا شریعت کے مطابق تبدیل کر دیے جائیں گے۔

3. مملکت کسی جغرافیائی، نسلی، لسانی یا کسی اور تصور پر نہیں بلکہ ان اصولوں و مقاصد پر مبنی ہوگی جن کی اساس اسلام کا پیش کیا ہوا ضابطۂ حیات ہے۔
4. اسلامی مملکت کا یہ فرض ہوگا کہ قرآن و سنت کے بتائے ہوئے معروفات کو قائم کرے، منکرات کو مٹائے اور شعائر اسلامی کے احیا و اعلا اور مسلمہ اسلامی فرقوں کے لیے ان کے اپنے مذہب کے مطابق ضروری اسلامی تعلیم کا انتظام کرے۔
5. اسلامی مملکت کا یہ فرض ہوگا کہ وہ مسلمانانِ عالم کے رشتہ واتحاد واخوت کو قوی سے قوی تر کرنے اور ریاست کے مسلم باشندوں کے درمیان عصبیت جاہلیہ کی بنیادوں پر نسلی، لسانی، علاقائی یا دیگر مادی امتیازات کے ابھرنے کی راہیں مسدود کر کے ملتِ اسلامیہ کی وحدت کے تحفظ و استحکام کا انتظام کرے۔
6. مملکت بلاامتیاز مذہب و نسل وغیرہ تمام ایسے لوگوں کی لابدی انسانی ضروریات یعنی غذا، لباس، مسکن، معالجہ اور تعلیم کی کفیل ہوگی، جو اکتساب رزق کے قابل نہ ہوں، یا نہ رہے ہوں یا عارضی طور پر بے روزگاری، بیماری یا دوسری وجوہ سے فی الحال سعیِ اکتساب پر قادر نہ ہوں۔

7. باشندگانِ ملک کو وہ تمام حقوق حاصل ہوں گے جو شریعت اسلامیہ نے ان کو عطا کیے ہیں۔یعنی حدودِ قانون کے اندر تحفظ جان و مال وآبرو، آزادئ مذہب و مسلک، آزادئ عبادت، آزادئ اظہارِ رائے، آزادئ نقل و حرکت، آزادئ اکتسابِ رزق، ترقی کے مواقع میں یکسانی اور رفاہی ادارات سے استفادہ کا حق۔

8. مذکورہ بالا حقوق میں سے کسی شہری کا کوئی حق اسلامی قانون کی سندِ جواز کے بغیر کسی وقت سلب نہ کیا جائے گا اور کسی جرم کے الزام میں کسی کو بغیر فراہمی موقعہ صفائی و فیصلہ عدالت کوئی سزا نہ دی جائے گی۔

9. مسلمہ اسلامی فرقوں کو حدودِ قانون کے اندر پوری مذہبی آزادی حاصل ہو گی۔انہیں اپنے پیروؤں کو اپنے مذہب کی تعلیم دینے کا حق حاصل ہو گا۔وہ اپنے خیالات کی آزادی کے ساتھ اشاعت کر سکیں گے۔ان کے شخصی معاملات کے فیصلے ان کے اپنے فقہی مذہب کے مطابق ہوں گے اور ایسا انتظام کرنا مناسب ہو گا کہ انہی کے قاضی یہ فیصلہ کریں۔

10. غیر مسلم باشندگانِ مملکت کو حدودِ قانون کے اندر مذہب و عبادت، تہذیب و ثقافت اور مذہبی تعلیم کی پوری آزادی حاصل ہو گی اور انہیں اپنے شخصی معاملات کا فیصلہ اپنے مذہبی قانون یا رسم و رواج کے مطابق کرانے کا حق حاصل ہو گا۔

11. غیر مسلم باشندگانِ مملکت سے حدودِ شریعہ کے اندر جو معاہدات کیے گئے ہوں، ان کی پابندی لازمی ہو گی اور جن حقوق شہری کا ذکر دفعہ نمبر ے میں کیا گیا ہے ان میں غیر مسلم باشندگانِ ملک اور مسلم باشندگانِ ملک، سب برابر کے شریک ہوں گے۔

12. رئیسِ مملکت کا مسلمان مرد ہونا ضروری ہے، جس کے تدین، صلاحیت اور اصابتِ رائے پر جمہور کے منتخب نمائندوں کو اعتماد ہو۔

13. رئیسِ مملکت ہی نظمِ مملکت کا اصل ذمہ دار ہو گا۔البتہ وہ اپنے خیالات کا کوئی جزو کسی فرد یا جماعت کو تفویض کر سکتا ہے۔

14. رئیس مملکت کی حکومت مستبدانہ نہیں بلکہ شورائی ہو گی۔یعنی وہ ارکانِ حکومت اور منتخب نمائندگانِ جمہور سے مشورہ لے کر اپنے فرائض انجام دے گا۔

15. رئیس مملکت کو یہ حق حاصل نہ ہو گا کہ وہ دستور کو کلاً یا جزواً معطل کر کے شوریٰ کے بغیر حکومت کرنے لگے۔

16. جو جماعت رئیس مملکت کے انتخاب کی مجاز ہو گی وہی کثرتِ آرا سے اسے معزول کرنے کی بھی مجاز ہو گی۔

17. رئیس مملکت شہری حقوق میں عامۃ المسلمین کے برابر ہو گا اور قانونی مواخذہ سے بالاتر نہ ہو گا۔

18. ارکان وعمالِ حکومت اور عام شہریوں کے لیے ایک ہی قانون وضابطہ ہو گا اور دونوں پر عام عدالتیں ہی اس کو نافذ کریں گی۔

19. محکمۂ عدلیہ، محکمۂ انتظامیہ سے علیحدہ اور آزاد ہو گا، تاکہ عدلیہ اپنے فرائض کی انجام دہی میں ہیئت انتظامیہ سے اثر پذیر نہ ہو۔

20. ایسے افکار و نظریات کی تبلیغ واشاعت ممنوع ہو گی جو مملکتِ اسلامیہ کے اساسی اصول و مبادی کے انہدام کا باعث ہوں۔

21. ملک کے مختلف ولایات واقطاع مملکت واحدہ کے اجزا انتظامی متصور ہوں گے۔ان کی حیثیت نسلی، لسانی، یا قبائلی واحدہ جات کی نہیں محض انتظامی علاقوں کی ہو گی، جنہیں انتظامی سہولتوں کے پیش نظر مرکز کی سیادت کے تابع انتظامی اختیارات سپرد کرنا جائز ہو گا، مگر انہیں مرکز سے علیحدگی کا حق حاصل نہ ہو گا۔

22. دستور کی کوئی ایسی تعبیر معتبر نہ ہوگی جو کتاب و سنت کے خلاف ہو۔[2]

اس اجلاس میں علامہ سلیمان ندویؒ کے علاوہ مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی، مولانا شمس الحق افغانی، مولانا محمد بدر عالم، مولانا احتشام الحق تھانوی، مولانا محمد عبدالحامد قادری بدایونی، مفتی محمد شفیعؒ، مولانا خیر محمد جالندھریؒ، مولانا مفتی محمد حسن امرتسریؒ، پیر محمد امین الحسنات مانکی شریف، مولانا محمد یوسف بنوری، الحاج خادم الاسلام محمد امین، قاضی عبدالصمد سربازیؒ، مولانا اطہر علی، مولانا ابو جعفر اور دیگر سرکردہ علمانے شرکت کی۔

"دستورِ قرآنی" کی تیاری واشاعت

اے کے بروہی مرحوم نے اعلان کیا تھا کہ:

"قرآن میں دستورِ مملکت کے متعلق ایک لفظ بھی موجود نہیں"[3]

اس کے جواب میں مفتی اعظم مفتی محمد شفیعؒ نے دستورِ قرآنی کے نام سے تحریر فرمایا جس میں حکومت کے اغراض و مقاصد، طرزِ حکومت، فرائضِ حکومت، اوصافِ صدرِ مملکت وغیرہ کے متعلق 18 دستوری دفعات قرآن کریم سے بالاجمال پیش کر کے ثابت کر دیا کہ جس دستورِ اسلامی کا مطالبہ مسلمانانِ پاکستان کی طرف سے کیا جا رہا ہے وہ کتاب اللہ میں موجود ہے۔[4]

قراردادِ مقاصد

قراردادِ مقاصد جو دیباچہ کے طور پر ہر آئین میں شامل رہا اور ابھی 1973ء کے موجودہ آئین میں بھی شامل ہے، یہ وہ اہم قومی دستاویز ہے جس میں مملکتِ خداداد پاکستان کے مقاصد اور قومی جہد و عمل کی سمت قرآن و سنت کی روشنی میں مقرر کی گئی ہے۔ اور ان بنیادی حدود کا تعین کیا گیا ہے جن پر دستور سازی کے تمام مراحل انجام پانے تھے، اور جن کی پابندی دستور ساز اسمبلی کو پاکستان کے ہر آئین میں کرنی تھی، یہ تاریخی دستاویز پاکستان میں اسلامی نظام کے نفاذ کے لیے سب سے پہلا ٹھوس قدم تھا، اس قرارداد کا مسودہ شیخ الاسلام علامہ شبیر احمد عثمانیؒ اور مفتی اعظم پاکستان مفتی محمد شفیعؒ نے طویل غور و خوض کے بعد مرتب فرمایا تھا۔ اس کی تیاری اور اسے اسمبلی

---

(2) ڈاکٹر محمد امین، **ماہنامہ البرہان لاہور**، فروری ۲۰۱۴ء ص ۱۳۔

(3) **ماہنامہ البلاغ کراچی، اشاعت خصوصی بیاد فقیہ ملت**، مرتبہ مفتی محمد تقی عثمانی، ص ۸۳۲۔

(4) ایضا۔

میں منظور کرانے میں شیخ الاسلام علامہ عثمانیؒ کو طویل علمی وسیاسی جدوجہد کرنی پڑی اور بالآخر قائدِ ملت لیاقت علی خان مرحوم نے 12 مارچ 1949ء کو قراردادِ مقاصد کا مسودہ خود اسمبلی میں پیش کر کے اسے منظور کرایا۔[5]

خلافِ شریعت قوانین پر علمائے کرام کے نقد وتبصرے

رسول اللہ ﷺ کا ارشاد مبارک ہے:

عن أبي سعيد الخدري رضي الله عنه قال : سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: «مَنْ رَأَى مِنْكُمْ مُنْكَرًا فَلْيُغَيِّرْهُ بِيَدِهِ، فَإِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِهِ، فَإِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِهِ، وَذَلِكَ أَضْعَفُ الْإِيمَانِ».[6]

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سُنا: تم میں سے جو شخص کوئی منکر دیکھے تو اُسے اپنے ہاتھ سے روکے، اگر اس کی استطاعت نہ رکھے تو اپنی زبان سے روکے، اگر اس کی استطاعت بھی نہ ہو تو اپنے دِل سے (بُرا سمجھے) اور یہ ایمان کا سب سے کمزور درجہ ہے۔

اس حدیث کی رُو سے خلافِ شریعت منکرات کی روک تھام ہر مسلمان کا مذہبی فریضہ ہے۔ البتہ یہ فریضہ ہر شخص پر اس کی استطاعت کے بقدر لازم ہوتا ہے۔ چنانچہ جو ہاتھ کی طاقت رکھے وہ ہاتھ سے، جو اس کی طاقت نہ رکھے وہ زبان سے اور جو اس کی بھی طاقت نہ رکھے وہ دِل سے بُرا سمجھنے پر اکتفا کرے گا۔ پاکستان کے جید ومقتدر علمائے کرام ومفتیانِ عظام نے اس حدیث کے مطابق اولین درجہ کا فرض نبھاتے ہوئے اپنے ہاتھ کی تحریروں سے بھی ہمیشہ خلافِ شریعت قوانین پر نقد وتبصرہ کا فریضہ سرانجام دیا ہے۔ ذیل میں اس طرح کے چند تبصروں کا محض خاکہ ایک جدول کی صورت میں پیش کیا جاتا ہے:

نمبر شمار	عنوان	مضمون نگار	سن اشاعت	ماخذ	تعداد صفحات
1	عائلی قوانین پر مختصر تبصرہ	مفتی محمد شفیعؒ	1381ھ	جواہر الفقہ ج4، ص229	53
2	زمیندارہ بل پر شرعی تنقید	مفتی محمد شفیعؒ	//	جواہر الفقہ ج5، ص31	25

(5) منشی عبدالرحمن خان، **تعمیرِ پاکستان اور علمائے ربانی** (لاہور: ادارہ اسلامیات، ط: دوم 1992ء)، ص ۱۵۶۔

(6) مسلم بن الحجاج، (متوفی ۲۶۱ھ)، **صحيح مسلم** (بیروت: داراحیاء التراث العربی، ۱۴۲۲ھ)، ۱: ۶۹، رقم: ۴۹۔

3	القول السدید فی تحقیق میراث الحفید	مفتی محمد شفیعؒ	1374ھ	جواہر الفقہ ج7، ص526	17
4	عائلی قوانین کی روشنی میں یتیم پوتے کی وراثت	مفتی ولی حسن ٹونکیؒ	1382ھ	فتاویٰ بینات ج4، ص613	21
5	یتیم پوتے کی وراثت	مولانا محمد طاسین	1385ھ	فتاویٰ بینات، ج4، ص634	22
6	زکوٰۃ وعشر آرڈیننس کا فقہی جائزہ وترامیم وتجاویز	آٹھ علما کرام کی کمیٹی	1400ھ	فتاویٰ حقانیہ ج4، ص86	20
7	مسودہ آرڈیننس نفاذِ قصاص ودیت اور دار العلوم حقانیہ کی سفارشات وترامیم	مولانا مفتی محمد فریدؒ، مولانا مفتی غلام الرحمن	1980ء	فتاویٰ حقانیہ، ج5 ص233	5
8	مسودہ قانونِ شہادت میں مولانا سمیع الحق کی بعض ترامیم وتقاریر	مولانا سمیع الحقؒ	درج نہیں	فتاویٰ حقانیہ ج5 ص518	7
9	مسودہ شفعہ آرڈیننس اور دار العلوم حقانیہ کی سفارشات وترامیم	مولانا مفتی محمد فریدؒ، مولانا مفتی غلام الرحمن	1980ء	فتاویٰ حقانیہ ج6 ص314	7
10	ارغام العنید فی میراث الحفید	مفتی رشید احمد لدھیانویؒ	1373ھ	احسن الفتاویٰ ج1 ص155	32
11	قانون میعادِ سماعت کی شرعی حیثیت	مفتی محمد تقی عثمانی	1977ء	فقہی مقالات ج2، ص304	10
12	حدود ترمیمی بل کیا ہے؟ تحفظ حقوق نسواں بل کی حقیقت	مفتی محمد تقی عثمانی	2006ء	فقہی مقالات ج6 ص277	24
13	زکوٰۃ وعشر آرڈیننس مجریہ ۱۹۸۰ء پر تبصرہ	مولانا گوہر رحمنؒ	1992ء	تفہیم المسائل ج5 ص19	9
14	نفاذِ شریعت اور پندرہویں ترمیم	مولانا گوہر رحمنؒ	1998ء	تفہیم المسائل ج5 ص515	18
15	پوتے کی میراث پر عدالتی بیان	مولانا گوہر رحمنؒ	1998ء	تفہیم المسائل ج5 ص451	65

16	پریس اینڈ پبلی کیشنز آرڈیننس کی دفعہ 23(1) پر تبصرہ و تجاویز	مولانا گوہر رحمنؒ	1989ء	تفہیم المسائل ج1 ص445	4
17	وفاقی شرعی عدالت کے سوال نامے بابت مالی قوانین کے جوابات	مولانا گوہر رحمنؒ	1991ء	تفہیم المسائل ج1 ص299	76
18	ٹیکس کے متعلق وفاقی شرعی عدالت کے سوال نامے کا جواب	مولانا گوہر رحمنؒ	1991ء	تفہیم المسائل ج1 ص238	50

جنرل ضیاء الحق کے دور میں خود اُن کی ذاتی دلچسپی اور علماے کرام کی مساعی، جدوجہد اور راہنمائی سے اسلامائزیشن کے عمل میں کافی تیزی آئی اور حدود آرڈیننس، امتناعِ شراب آرڈیننس اور زکوۃ آرڈیننس لاگو کیے۔ علاوہ ازیں وفاقی شرعی عدالت اور قاضی عدالتیں انہی کے دور میں قائم ہوئیں۔

اسمبلی فلور پر نفاذِ شریعت کے لیے کاوشیں

اسمبلی کے فلور پر علماے کرام نے آئین سازی اور قانون سازی میں قرآن وسنت کی بالادستی اور اسلامی اقدار وروایات کی ترویج کے لیے ہمیشہ جرات کے ساتھ اپنا فریضہ سرانجام دیا۔ان علما میں مولانا مفتی محمود، مولانا عبدالحق، مولانا غلام غوث ہزاروی، مولانا شاہ احمد نورانی، مولانا سمیع الحق شہیدؒ، مولانا قاضی عبداللطیف کے نام خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔

مولانا سمیع الحق اور مولانا قاضی عبداللطیف نے سینٹ میں ''شریعت بل'' کے نام سے ایک جامع اور بہترین مسودہ 13 جولائی 1985ء کو پیش کیا۔ مختلف کمیٹیوں نے اس پر کام کیا۔ سینٹ سیکرٹریٹ کی طرف سے عوام کی رائے معلوم کرنے کے لیے اسے مشتہر بھی کیا گیا۔ بل میں مختلف حلقوں کی طرف سے متعدد ترامیم بھی

پیش کی گئیں بالآخر پانچ سال کی طویل بحث و تمحیص کے بعد 13 مئی 1990ء کو متفقہ طور پر ''نفاذِ شریعت ایکٹ 1990ء'' کے عنوان سے منظور ہوا۔[7]

اسلامی نظریاتی کونسل کے پلیٹ فارم سے مولانا محمد یوسف بنوری، مولانا شمس الحق افغانی، مولانا مفتی تقی عثمانی، مولانا حسن جان شہیدؒ اور ڈاکٹر محمود احمد غازیؒ نے قوانین کو اسلامیانے میں اپنا بھرپور حصہ ڈالا۔ اسی طرح وفاقی شرعی عدالت اور شریعت اپلیٹ بنچ میں بھی مولانا مفتی محمد تقی عثمانی، مولانا پیر کرم شاہ الازہری، ڈاکٹر محمود احمد غازیؒ نے اپنے تاریخی فیصلوں سے علما کی نمائندگی کی۔ ۲۰۰۳ میں بننے والی کے پی کے گورنمنٹ نے مولانا مفتی غلام الرحمن کی نگرانی میں علما اور ماہرین قانون کا ایک کونسل نفاذ شریعت کونسل کے نام سے تشکیل دیا جس نے مختصر وقت میں نہایت جامع، مؤثر اور قابل عمل سفارشات مرتب کیں تاہم صوبائی دائرہ اختیار کے محدود ہونے اور مرکزی حکومت کے ہم خیال نہ ہونے کی بنا پر ان سفارشات کی تنفیذ نہ ہو سکی۔ علمائے کرام قوانین کے اسلامائزیشن کے لیے رائے عامہ ہموار کرنے اور شخصی زندگی کو اسلامائز کرنے کے لیے قلم وقرطاس سے، اور منبر و محراب سے گرانقدر خدمات سرانجام دیتے چلے آرہے ہیں۔

حصہ دوم: مستقبل میں ذمہ داریاں

اگرچہ ستر سال سے زائد عرصہ گزرنے کے باوجود ہم بدقسمتی سے ملکِ عزیز کے قوانین کو اسلامیانے کی سنگِ میل کو حاصل کرنے میں ناکام رہے ہیں لیکن یہ امر بہرحال خوش آئند ہے کہ اس سنگِ میل کو حاصل کرنے کا جذبہ ایک بڑی حد تک اب بھی موجود ہے اور اس کے لیے مختلف سطحوں پر جدوجہد کسی نہ کسی شکل میں اب بھی جاری ہے۔ ماضی سے سبق سیکھتے ہوئے علمائے کرام کو اس حوالہ سے جن اقدامات کی ضرورت ہے، اُسے ذیل میں چند عنوانات کے تحت بیان کیا جاتا ہے:

1. علمائے کرام میں احساسِ ذمہ داری اُجاگر کرنے کی ضرورت

علمائے کرام پر ایک بڑا فرض یہ عائد ہوتا ہے کہ پاکستان میں قوانین کی اسلامائزیشن کے عمل کے حوالے سے اپنی صفوں میں احساسِ ذمہ داری کو اُجاگر کیا جائے۔ اور جس سطح کے علما جس شکل میں اس محنت میں حصہ لے

(7) مولانا عبدالقیوم حقانی، مولانا سمیع الحق: **حیات وخدمات** (نوشہرہ: القاسم اکیڈمی، جامعہ ابوھریرہ، ط: اول، فروری ۲۰۱۵)، ا: ۳۵۸۔

سکتے ہیں اُن کو اُن کی ذمہ داری سے آگاہ کر دیا جائے۔ خطابت و امامت، تعلیم و تدریس، تصنیف و صحافت، سیاست وسیادت، افتا و قضا وغیرہ مختلف شعبہ ہائے زندگی میں مصروفِ عمل علماے کرام کو اس حوالہ سے اپنے اپنے دائرہ کے اندر رہتے ہوئے اس فرض کی تکمیل میں حصہ ڈالنے کے طریقوں سے آگاہ کر دیا جائے کیونکہ مشین میں ہر پُرزہ اپنی جگہ اہمیت رکھتا ہے اور سب کے مل کر کام کرنے سے مشین درست کام کر سکتا ہے۔

اس احساسِ ذمہ داری کو اُجاگر کرنے کے لیے سب سے پہلے تو چند اربابِ فکر و نظر علماے کرام کی کمیٹی کو یہ طے کرنے کی ضرورت ہے کہ کونسے شعبے میں کیا کام ہو سکتا ہے اور پھر اُن کو آگاہ کرنے کے لیے ملک کے طول وعرض میں مختلف مقامات پر ورکشاپس، سیمینارز اور کنونشنز کا اہتمام کرنا چاہیے تاکہ ہر ایک کو اپنے فرض سے آگاہی ہو اور اسے پورا کرنے کے لیے سرگرمِ عمل ہو سکے۔ کیونکہ جب تک آگاہی نہ ہو سرگرمی ناممکن ہے۔

2. اسلامائزیشن کے قانونی طریقہ کار سے آگاہی مہم

ہمارے آئین میں بحمد اللہ اسلامائزیشن کا ایک دستوری طریقہ موجود ہے۔ آئین کا باب ۳۔الف وفاقی شرعی عدالت سے متعلق ہے جو تقریباً گیارہ صفحات پر مشتمل ہے[8] جب کہ ''حصہ نہم اسلامی احکام'' میں دفعہ ۲۲۷ سے دفعہ ۲۳۱ تک اس کے علاوہ ہیں۔ علما کی ایک غالب اکثریت اس سے ناواقف ہے۔ ضروری ہے کہ اِس سے آگاہی کے لیے بھی مختلف شہروں کے بڑے مدارس میں سیمینارز کا انعقاد ہو؛ تاکہ ذی استعداد علما قوانین کا مطالعہ کر کے اُن کی خلافِ شریعت دفعات کو قانونی طریقہ سے تبدیل کرنے کی مہم کا حصہ بن سکیں۔

3. منہج مجددی سے اصلاحِ حکومت کی کوشش

شیخ احمد سرہندیؒ جنہیں آج دنیا'' مجدد الف ثانی'' کے نام سے جانتی ہے۔ ان کی زندگی ہر دور کے صاحبِ بصیرت علماے کرام کے لیے ایک مشعلِ راہ ہے۔ آپؒ نے ہندوستانی تاریخ کے سب سے خطرناک دور میں، جب کہ اسلام کی جڑیں کھوکھلی کرنے میں بادشاہ اور علماے سُوء نے کوئی کسر باقی نہ چھوڑی تھی، ''دینِ اکبری'' کا راستہ روکنے اور اسلام کا علَم بُلند کرنے کے لیے ایک کامیاب تحریک چلائی۔ آپؒ نے جو راستہ اپنایا وہ نہ مُداہنت

(8) دیکھیے: اسلامی جمہوریہ پاکستان کی دستور دفعہ ۲۰۳-الف ومابعد۔

کاراستہ تھا اور نہ ہی مخاصمت کا۔ بلکہ آپ نے انتہائی حکمت و بصیرت کے ساتھ جہانگیر کے ارکانِ سلطنت کے ساتھ اصلاحی مراسلت کا سلسلہ شروع کیا اور بقول علی میاںؒ:

''صفحہ قرطاس پر اپنے دِل کے ٹکڑے اُتار کر رکھ دیے۔ یہ خطوط اپنے درد و اخلاص، جوش و تاثیر، زورِ قلم اور قوتِ انشاء کے لحاظ سے ان خطوط و مکاتیب کے مجموعہ میں جو دنیا کی کسی زبان میں اور کسی دینی اصلاح و تحریک کی تاریخ میں سپرد قلم کیے گئے ہیں، خاص امتیاز رکھتے ہیں۔ اور سینکڑوں برس گزر جانے کے بعد بھی آج اُن میں اثر و دلآویزی پائی جاتی ہے، اندازہ ہوتا ہے کہ انہوں نے اپنے مکتوب الیہم کے دلوں پر کیا اثر ڈالا ہو گا۔۔۔۔ دسویں صدی میں ہندوستان کی عظیم سلطنت مغلیہ میں جو عظیم انقلاب رُونما ہوا اس میں ان کا بنیادی حصہ اور سب سے بڑا دخل ہے۔''[(9)]

اِن مکتوبات و مراسلات اور اصلاح کی دیگر مساعی کا نتیجہ یہ ہوا کہ جہانگیر کے دور میں احکامِ اسلام کے ساتھ کھلواڑ اور بگاڑ کا عمل رُک گیا اور اصلاح کا عمل رفتہ رفتہ شروع ہوا جس کے نتیجے میں صرف چند سال بعد اورنگزیب عالمگیر جیسا نیک فرمانروا سلطنتِ مغلیہ کو نصیب ہوا۔

علماے کرام کے لیے حضرت مجدد الف ثانیؒ کا یہ منہج مشعلِ راہ ہے کہ حکمران جماعت خواہ جو بھی ہو، اُن کے ساتھ تعلق قائم کر کے اُن کی اِصلاح اور پھر اُن کے ذریعے قوانین کی اصلاح کی سعی کی جائے۔ البتہ اس کے لیے ایسے اخلاص، تقویٰ اور حکمت و بصیرت والے علما کی ضرورت ہے جو طوفان میں بہہ جانے کی بجائے طوفان کا رُخ موڑنے کی صلاحیت رکھتے ہوں۔ تا کہ کہیں لینے کے دینے نہ پڑ جائیں۔ حالیہ ایام میں بھی کچھ علما اس منہج پر عمل کرتے نظر آ رہے ہیں۔ جن کے بارے میں اُمید ہے کہ وہ کچھ نہ کچھ حد تک اپنے ارادہ خیر میں کامیاب ہو سکیں گے۔

4. دینی مدارس کے نصاب میں آئین اور اہم قوانین کو جگہ دینا

اس وقت پاکستان میں دینی مدارس کے پانچ وفاق / بورڈ موجود ہیں، جن سے منسلکہ مدارس کی تعداد ہزاروں میں اور زیر تعلیم طلبہ و طالبات کی تعداد لاکھوں میں ہے۔ اِن مدارس کے طلبہ جو کل معاشرہ میں ایک عالمِ دین کی حیثیت سے اُبھرنے والے ہیں اُن کی تعلیم میں ایسا مواد ہونا ضروری ہے جس کو پڑھ کر وہ ملک میں اسلامائزیشن

---

(9) ندوی، ابوالحسن علی، **تاریخ دعوت و عزیمت**، (کراچی، مجلسِ نشریاتِ اسلام سن طباعت ندارد)، ۴: ۳۰۳۔

کے عمل میں خدمات انجام دے سکتے ہوں۔ اس کا ایک درجہ تو عمومی نوعیت کا ہونا چاہیے اور دوسرا اختصاصی نوعیت کا۔

عمومی سطح پر یہ ضروری ہے کہ مدرسوں سے پڑھنے والے ہر فاضل کو ملک کی نظریاتی اساس کا علم ہو۔ اُسے قراردادِ مقاصد اور دستورِ پاکستان کے اہم دفعات سے پوری واقفیت حاصل ہو۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ آئینِ پاکستان کو نصاب کا حصہ بنادیا جائے۔ مدارس کے نصابِ تعلیم میں ملکی دستور کو شامل کرنے کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ مولانا سید حسین احمد مدنیؒ نے 1933ء میں آسام اور بنگال کے مدارس کے لیے ایک نصابِ تعلیم مرتب کیا تھا اس میں دستورِ برطانیہ کو بھی شامل کیا تھا، کیونکہ اس وقت متحدہ ہندوستان پر برطانیہ ہی کا دستور لاگو تھا۔ [10] حضرت مدنیؒ نے انگریز کی مخالفت اور اس سے حد درجہ نفرت کے باجود ضرورت کی بناپر اُن کے دستور کو شامل نصاب کیا تھا۔ اس سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ مملکتِ خداداد پاکستان کا آئین پڑھانا کتنا اہم ہوگا۔ صرف حضرت مدنی ہی نہیں بلکہ مولانا اشرف علی تھانویؒ نے تعزیراتِ ہند اور ریلوے، ڈاک وغیرہ کے قوانین پڑھانے کی تمنا کا اظہار فرمایا تھا۔ [11]

مقالہ نگار کی رائے میں دستورِ پاکستان کی تعلیم کے لیے عالیہ (سالِ دوم) کی کلاس زیادہ مناسب ہے۔ کیونکہ اس کلاس کے طلبہ سنجیدہ، سمجھ دار اور بالغ الفہم ہوتے ہیں۔ علاوہ ازیں پاکستان کے قانونی نظام اور عدالتی ڈھانچے کا مختصر تعارف بھی سب طلبہ کو کروانا ضروری ہے تاکہ کوئی عالم اس غلط فہمی کا شکار نہ رہے کہ پاکستان کا دستور اور قوانین مکمل غیر اسلامی ہیں۔

5. ملکی و بین الاقوامی قانون میں تخصصات کا اجرا

اور دوسرا درجہ تخصصات کا ہے، جس میں باقاعدہ اصولِ فقہ کے ساتھ اُصولِ قانون، بین الاقوامی قوانین، دستورِ پاکستان، تعزیراتِ پاکستان اور ضابطہ دیوانی وضابطہ فوجداری، قانونِ معاہدہ، عائلی قوانین، قانونِ شفعہ، قانونِ شہادت اور دیگر اہم قوانین تفصیل سے پڑھائے جائیں اور اُن کے اندر موجود غیر شرعی اُمور کی نشاندہی کرکے اُن میں مجوزہ ترامیم کی مشق کروائی جائے۔ یہاں سے ایسے علما تیار ہوسکیں گے جو ملکی قوانین کا شریعت کی

---

(10) مولانا خالد سیف اللہ رحمانی، کالم: **دینی مدارس میں عصری تعلیم۔۔ مثبت و منفی پہلو قسط 2**، بصیرت آن لائن ۲۰ جولائی ۲۰۱۸ء۔

(11) ڈاکٹر محمود احمد غازی، **محاضراتِ تعلیم** (کراچی: دار العلم والتحقیق، ط: سوم، ۲۰۱۶)، ص ۱۳۷۔

نظر میں تقابلی مطالعہ کر کے اُن کو اسلامیانے میں قابلِ قدر خدمات انجام دے سکتے ہوں۔ ورنہ اگر قانون کے ابجد سے بھی واقفیت نہ ہو تو اُس میں ترمیم اور اصلاح کا عمل کیسے ممکن ہوگا؟ ڈاکٹر محمود احمد غازیؒ فرماتے ہیں:

جن تخصصات کی ضرورت ہے وہ قانون، معاشیات اور اجتماعی علوم کا ایک عمومی مطالعہ ہے۔ ملکی قانون سے جب تک واقفیت نہ ہو، جس پر پورے ملک کا نظام چل رہا ہے، اس وقت تک اس نظام کو بدل کر شریعت کے مطابق بنانا آسان کام نہیں۔[12]

نیز لکھتے ہیں:

فقہ میں تخصص کے طلبہ کے لیے انگریزی، اصولِ فقہ، ضابطہ فوجداری و دیوانی، تعزیراتِ پاکستان، اور پاکستان کے آئین اور دو ایک منتخب قوانین کا مطالعہ ناگزیر ہے۔ ان قوانین کے مطالعے کا مقصد طلبہ کو وکیل یا انگریزی قانون کا ماہر بنانا نہیں بلکہ اس طرزِ فکر سے واقف کرانا ہے جس کی بنیاد پر انگریزی قوانین مرتب ہوئے ہیں۔ اگر تخصص فی الفقہ کا مقصد اور ہدف ملک میں اسلامی شریعت کے نفاذ کے عمل میں حصہ لینا اور اس مقصد کو آگے بڑھانا ہے تو ملک کے قانون، عدالتی نظام اور دستوری نظام سے واقفیت انتہائی ضروری ہے۔[13]

6. عملی سیاست سے وابستہ رہ کر قوانین کو اسلامیانے کی مساعی

برصغیر پاک وہند کی تاریخ گواہ ہے کہ علمائے حق صرف مساجد و مدارس کے منتظم ہی نہیں رہے بلکہ شاہراہِ سیاست کے راہی بھی رہے۔ اگرچہ اس وقت کچھ لوگوں کا یہ مطالبہ اور خواہش ہے کہ علما کو عملی سیاست میں حصہ نہیں لینا چاہیے لیکن حقیقت یہ ہے کہ ایک مسلمان ریاست کی عملی سیاست میں قوم کی راہنمائی کرنا علمائے کرام کی ویسے ہی ذمہ داری ہے جیسے دینی علوم اور عقائد وعبادات کے امور میں قوم کی باگ ڈور سنبھالنا ان کا فرض ہے۔ کیونکہ سیاست میں حصہ لینا علما کو انبیائے کرام سے ورثہ میں ملا ہے۔ چنانچہ بخاری شریف میں روایت ہے:

عن أبي هريرة رضي الله عنه عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: «كَانَتْ بَنُو إِسْرَائِيلَ تَسُوسُهُمُ الأَنْبِيَاءُ، كُلَّمَا هَلَكَ نَبِيٌّ خَلَفَهُ نَبِيٌّ، وَإِنَّهُ لاَ نَبِيَّ بَعْدِي، وَسَيَكُونُ خُلَفَاءُ فَيَكْثُرُونَ»[14]

---

(12) ایضاً: ص ۱۳۶۔

(13) ایضاً: ص ۳۳۹۔

(14) محمد بن اسماعیل البخاری، **صحیح البخاری** (بیروت: دار طوق النجاۃ، ۱۴۲۲ھ)، ۳: ۱۴۷۱، رقم: ۱۸۴۲۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: بنی اسرائیل کی سیاست اُن کے انبیائے کرام کیا کرتے تھے، جب بھی کوئی نبی فوت ہوتے تو دوسرے اُن کے خلیفہ بنتے، اور میرے بعد کوئی نبی نہیں، البتہ خلفا بہت سارے ہوں گے۔

اور دوسری روایت کے مطابق علما انبیائے کرام کے وارث ہیں۔ ارشاد نبوی ہے:

وإن العلما ورثة الأنبياء...[15] اور یقیناً علما انبیائے کرام کے وارث ہیں۔

اِن دونوں احادیث سے معلوم ہوا کہ سیاست علمائے کرام کو ورثہ نبوت میں ملا ہے اور یہ بھی ایک ناقابل انکار حقیقت ہے کہ پاکستان میں قانون سازی کا اختیار جس ادارے کے پاس ہے وہاں تک عملی سیاست میں حصہ لیے بغیر پہنچنا ممکن بھی نہیں اس لیے علما کے لیے سیاست میں حصہ لے کر پارلیمنٹ اور صوبائی اسمبلیوں کے فلور سے مروجہ قوانین کو اسلامیانے کے لیے ضروری ترامیم اور نئے بننے والے قوانین کی شریعت کی روشنی میں سکریننگ کے عمل میں حصہ لینا فرضِ کفایہ ہے۔ پاکستان میں شروع ہی سے دینی جماعتوں کے پلیٹ فارم سے علمائے کرام نے انتخابات میں حصہ لے کر اس مقصد کو حاصل کرنے کی مساعی کی ہیں اور ماضی میں کافی حد تک اپنے مقاصد میں کامیاب بھی ہوئے ہیں لیکن کئی غلطیوں اور کوتاہیوں کی بِنا پر جن نتائج کی توقع ہے، وہ بدقسمتی سے پوری طرح حاصل نہیں ہوسکے ہیں۔ جس کے لیے اپنی صفوں اور کارکردگی میں اصلاحی عمل ناگزیر ہے۔ فرقہ پرستی، انانیت، کھوکھلے نعروں اور دیگر پارٹیوں کی طرح محض روایتی سیاست سے ہٹ کر اپنے اکابر واسلاف کے نقشِ قدم پر چلنے سے ہی کچھ اُمید وتوقع کی جاسکتی ہے۔

7. علمائے کرام کے لیے قانون آگاہی کورسز کا اجرا

شریعہ اکیڈمی پچھلے چند سالوں سے علمائے کرام کے لیے قانون آگاہی کورسز منعقد کروارہی ہے۔ دینی مدارس کے وفاقوں کو چاہیے کہ بڑے بڑے شہروں میں شریعہ اکیڈمی کے تعاون سے اور یا پھر اپنے تیئں قانون آگاہی کورسز کا اجرا کریں جس میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں علما و مفتیانِ کرام کو دستورِ پاکستان اور اہم قوانین، نیز عدالتی و قانونی نظام کا تعارف کرایا جائے۔

---

(15) ابوداود سلیمان بن الأشعث سجستانی، **السنن** (بیروت: المکتبۃ العصریۃ، ت: محمد محیي الدین عبد الحمید)، ۳: ۳۱۷، رقم: ۳۶۴۱۔

8. فرقہ واریت کے خول سے نکل کر ملک و قوم کی خدمت

پاکستان اہل السنۃ والجماعۃ کی غالب اکثریت کا ملک ہے اور اہل السنۃ والجماعۃ کے تینوں مکاتب فکر: دیوبندی، بریلوی اور اہل حدیث کے اکابر علمانے تحریک پاکستان میں حصہ لیا اور ایک پلیٹ فارم پر تشکیلِ پاکستان کے لیے جدوجہد کی ہے۔ اگر یہ تینوں مکاتبِ فکر قیام پاکستان کے بعد بھی اجتماعیت اور اشتراکِ عمل کے جذبہ کو برقرار رکھتے ہوئے مشترکہ سیاسی دباؤ منظم کر کے نفاذِ اسلام کی راہ میں حائل طبقوں کا جرأت کے ساتھ سامنا کرتے، دینی درسگاہوں میں اسلام کو ایک اجتماعی نظام کی حیثیت سے پڑھا کر نفاذِ اسلام کے لیے افرادِ کار کی کھیپ تیار کرتے، اور اسلام دشمن لابیوں کی طرف سے اسلامی نظام کے بارے میں پھیلائے جانے والے شکوک و شبہات کے ازالہ کے لیے مشترکہ جدوجہد کرتے، نیز اور باہمی اعتماد و اشتراک اور تعاون کے ساتھ قوم کو ایک مشترکہ نظریاتی قیادت فراہم کرتے تو ملک کو اسلامی خطوط پر استوار کرنے میں کوئی رُکاوٹ سامنے ٹھہر نہ سکتی لیکن بدقسمتی سے دینی حلقے ایسا نہیں کر سکے بلکہ انہیں منصوبہ اور سازش کے تحت باہمی اختلافات و تعصبات کی جنگ میں الجھا دیا گیا۔ پاکستان کو ایک اسلامی نظریاتی ریاست بنانے کے لیے ضروری ہے کہ اہل السنۃ والجماعۃ کے تینوں مکاتب فکر کے علمائے کرام گروہی تشخصات اور تعصبات کے دائرہ سے نکل کر باہمی اشتراکِ عمل کو فروغ دیں اور ایک ایسا فکری، علمی اور دینی پلیٹ فارم قائم کریں جو ان مسائل کے ادراک اور تجزیہ کے ساتھ ساتھ اجتماعی فکری راہنمائی اور مذہبی و عوامی حلقوں کی ذہن سازی کا کردار ادا کر سکے۔

9. علماو ماہرینِ قانون کے مابین خلیج کا خاتمہ

علما بالعموم شریعتِ مطہرہ اور دینی علوم کا علم رکھتے ہیں مگر مروجہ اصولِ قانون، رائج الوقت قوانین اور قانونی نظام کا علم اُن کے پاس نہیں ہوتا جب کہ وکلا حضرات بالعموم اصولِ قانون، مروجہ قوانین اور قانونی نظام کا علم و تجربہ تو رکھتے ہے لیکن اُصولِ فقہ اور فقہی قوانین و احکام سے ناواقف ہوتے ہیں۔ اور زمینی حقیقت یہ ہے کہ اِن دونوں کے مل بیٹھ کر ایک دوسرے سے استفادہ کیے بغیر قوانین کو اسلامیانے کا عمل ناممکن ہے۔ لیکن بدقسمتی سے ہمارے ہاں اِن دونوں طبقوں کے مابین ایک بڑی خلیج حائل ہے، جو ملک میں دستور و قانون اور شریعت کی حکمرانی کے قیام میں ایک بڑی رکاوٹ ہے۔ اس خلیج کو پاٹنے کی ضرورت ہے کیونکہ اس کے بغیر ملک و قوم کو شریعت اور قانون کی عملداری کے ٹریک پر نہیں لایا جا سکتا۔ مولانا زاہد الراشدی لکھتے ہیں:

جب پاکستان قائم ہوا تھا اور یہ طے پایا تھا کہ مروجہ دستوری اور قانونی نظام کو قائم رکھتے ہوئے اس میں ضروری اصلاحات کے ساتھ ملک میں شرعی احکام و قوانین کی عملداری کا اہتمام کیا جائے گا اور ملک کے تمام طبقات نے اس سے اتفاق کر لیا تھا تو یہ بات ناگزیر ضرورت کا درجہ اختیار کر گئی تھی کہ مولوی اور وکیل مل بیٹھیں اور باہمی مشورہ و مفاہمت کے ساتھ اس قومی خواہش اور ایجنڈے کی تکمیل کی کوئی عملی صورت نکالیں۔۔۔ یہ ضروری ہو گیا تھا کہ مولوی اور وکیل دونوں مل کر اس ذمہ داری کو قبول کریں اور اس کے لیے کام کریں لیکن ایسا نہیں ہوا۔ جس کی وجہ سے ملک میں دستور اور قانون و شریعت میں سے کسی کی حکمرانی ابھی تک عملاً قائم نہیں ہو سکی۔[16]

اب اس خلیج کو ختم کرنے کی ذمہ داری دونوں طبقوں پر یکساں طور پر عائد ہوتی ہے اور دونوں کو اس کا احساس کر کے ایک دوسرے کی طرف آگے بڑھنا ناگزیر ہو چکا ہے۔ اور علمائے کرام کو چاہیے کہ وہ اس میں پہل کریں۔

10. سول سروسز کے لیے رجالِ کار کی تیاری

اس امر میں کوئی شک نہیں کہ قانون سازی کے بعد قانون کو صحیح صورت میں نافذ کرنے کی ذمہ داری جن اداروں پر عائد ہوتی ہے اُن کے تعاون اور ذہنی ہم آہنگی کے بغیر قانون مؤثر نہیں رہتا۔ ہمارے ہاں ایک مسئلہ یہ بھی درپیش ہے کہ بیوروکریسی، پولیس اور عدلیہ کی ذہن سازی نہ ہونے کی وجہ سے بہت سارے قوانین جو شریعت کے موافق ہیں اُن پر صحیح معنوں میں عملدرآمد نہیں ہوتا اور عملی طور پر یہ قوانین تعطل کا شکار رہتے ہیں۔ اس حوالہ سے مولانا زاہد الراشدی اپنے تجربے کا ایک واقعہ یوں نقل کرتے ہیں:

جن دنوں مولانا سمیع الحق اور مولانا قاضی عبد اللطیف کی طرف سے سینٹ میں پیش کردہ شریعت بل زیر بحث تھا اور پورے ملک میں جدوجہد ہو رہی تھی، گوجرانوالہ ڈویژن کے کمشنر غلام مرتضیٰ پراچہ نے، جو پرانے اور تجربہ کار بیوروکریٹ تھے، مجھ سے ایک ملاقات میں پوچھا کہ یہ آپ حضرات کیا کر رہے ہیں؟ میں نے بتایا کہ ہم شریعت بل کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں۔ یہ بل منظور ہو گا اور قرآن و سنت کو ملک کا سپریم لاء تسلیم کیا جائے گا تو ملک میں تمام قوانین کی اسلام کے مطابق تعبیر و تشریح ضروری ہو جائے گی اور بتدریج ملک کا نظام اسلامی ہو جائے گا۔ یہ سن کر پراچہ صاحب نے ہلکی سی مسکراہٹ کے ساتھ کہا کہ مولوی صاحب! آپ بڑے بھولے ہیں۔ آپ ملک میں شریعت نافذ کرنا چاہتے ہیں لیکن یہ نہیں دیکھ رہے کہ یہ کام آپ کونسی مشینری کے ذریعے کرنا چاہ رہے ہیں۔ ارے بھائی! عملدرآمد تو ہم لوگوں نے کرانا ہے، یہاں تو ہم لوگ بیٹھے ہیں، آپ اگر خود بھی اقتدار میں آجائیں تو آپ کے احکامات کا نفاذ تو ہمارے ذریعہ سے ہونا ہے۔ اگر آپ ہم سے اس سلسلہ میں کوئی توقع

---

(16) زاہد الراشدی، **روزنامہ اسلام لاہور**، اشاعت ۸ مئی ۲۰۱۶ء، کالم بعنوان: ''نفاذ شریعت کے لیے علماء اور وکلاء کی مشترکہ جدوجہد کی ضرورت''۔

رکھتے ہیں تو یہ آپ کی خوش فہمی ہے۔ پہلے ہماری جگہ اپنا آدمی بٹھانے کی کوئی صورت نکالیں اس کے بعد اسلام کے نفاذ کی بات کریں۔[17]

اس واقعہ سے یہ امر بخوبی واضح ہے کہ جب تک بیوروکریسی میں ہم فکر رجالِ کار نہ ہوں قوانین کو اسلامیانے کے بعد بھی نتائج کماحقہ حاصل نہ ہو سکیں گے اس لیے یہ ضروری ہے کہ اہلِ علم و دانش سول سروسز کے لیے اپنے قابل و ذی استعداد فضلاء کو تیار کریں۔ سی ایس ایس اور پی ایم ایس کے امتحانات کے لیے اُن کو تیار کروائیں اور ایک پورا کھیپ اس مقصد کے لیے میدانِ عمل میں لائیں تاکہ علما و فضلا کی وہ کھیپ ملک میں نفاذِ اسلام اور شریعت مطہرہ کی بالادستی کے لیے عملی اقدامات کر سکیں۔

11. یونیورسٹیوں کے شعبہ علومِ اسلامیہ سے وابستہ علمائے کرام کی ذمہ داریاں

یہ بات بھی بڑی وضاحت سے کرنی ضروری ہے کہ ملکِ پاکستان کی اسلامائزیشن کے لیے خدمات سرانجام دینے کی ذمہ داری صرف مدارس سے وابستہ علمائے کرام پر لازم نہیں بلکہ یونیورسٹیوں کے شعبہ علومِ اسلامیہ یا شعبہ شریعہ و قانون سے وابستہ سکالر حضرات بھی اس ذمہ داری میں یکساں شریک ہیں اور ماضی میں کئی ایک شخصیات نے اس فرض کو نبھایا بھی جن میں ڈاکٹر محمود احمد غازیؒ کا اسمِ گرامی خاص طور پر قابلِ ذکر ہے کہ آپ نے دو مرتبہ اسلامی نظریاتی کونسل کے رُکن کی حیثیت سے اور پھر وفاق شرعی عدالت کے فاضل جج کی حیثیت سے گراں قدر اور انتھک خدمات انجام دیں۔ اُن کی خدمات ہمارے لیے مشعلِ راہ کی حیثیت رکھتی ہیں۔

نتائج و سفارشات

1. علمائے کرام نے ملکِ عزیز بننے کے بعد روزِ اول سے ہی اسے صحیح معنوں میں ''اسلامی جمہوریہ پاکستان'' بنانے کی انتھک کوششیں کی ہیں جو کسی نہ کسی شکل میں اب تک جاری ہیں؛
2. قوانین کو اسلامیانے کے عمل میں علمائے کرام نے اپنی تحریروں، تقریروں، تحریکوں اور عملی سیاست کے ذریعے علمی و عملی حصہ ڈالا ہے؛

(17) زاہد الراشدی، روزنامہ اسلام لاہور، اشاعت ۳۰ مارچ ۲۰۰۳ء، کالم بعنوان: ''صوبہ سرحد میں شرعی قوانین کے نفاذ میں درپیش مشکلات''۔

3. علماے کرام کی مزید ذمہ داری ہے کہ وہ باقاعدہ منظم انداز سے خلافِ شریعت قوانین کا جائزہ لے کر اُن میں اصلاح وترمیم کی تجاویز مرتب کرکے، دستوری طریقہ کار کے مطابق قوانین کو اسلامیانے کے عمل میں دلچسپی کا مظاہرہ کریں؛

4. نئے فضلاء کو ملک کے دستور و قانون سے آگاہ کرنے کے لیے مدارس کے نصاب میں دستور، اہم قوانین اور عدالتی نظام کا تعارف داخل کیا جائے؛

5. مدارس میں ایسے تخصصات کا اجرا کیا جائے جس کے متخصصین ملکی قوانین پر شریعت کی روشنی میں گہری نظر رکھ کر اُن کی اصلاح کی اہلیت رکھتے ہوں؛

6. علماے کرام اپنے طور پر ماہرین کا ایسا کونسل تیار کریں جو ملک میں کسی بھی اسمبلی سے پاس ہونے والے تمام قوانین کا بروقت جائزہ لے کر اُن میں پائی جانے والی شرعی خامیوں کی نشاندہی کریں اور اُن کو دور کرنے کی سعی کریں؛

7. عوام میں نفاذِ شریعت اور اسلامائزیشن کی اہمیت اُجاگر کرنے کے لیے تحریر و تقریر اور دستور کے دائرہ میں رہتے ہوئے پُرامن تحریکات چلائیں؛

8. پارلیمانی سیاست سے وابستہ رہ کر نفاذِ شریعت اور قوانین کے اسلامیانے کے عمل کو ترجیح دی جائے؛

9. مدارس کے باصلاحیت فضلا کی ایک کھیپ سول سروسز کے لیے تیار کی جائے؛

۱۰. مدارس ہی کے باصلاحیت فضلا کو قانون کی باقاعدہ تعلیم دِلوا کر عدالتوں کے جج بنانے کی طرف توجہ دی جائے؛

۱۱. اسلامی نظریاتی کونسل، وفاقی شرعی عدالت اور عدالتِ عظمیٰ کی شریعہ اپیلیٹ بنچ کو متحرک و فعال بنانے کے لیے ممکنہ لائحہ عمل اپنا کر جدوجہد کی جائے۔

☆☆☆

اسلام کے عائلی قوانین کے نفاذ میں اسلامی نظریاتی کونسل کے کردار کا جائزہ

Islamization of Family laws: An Anlaysis of the Role of the Council of Islamic Idealogy

ڈاکٹر اسماء علی*

Abstract

This paper aims to investigate the recommendations given by the Council of Islamic Ideology, Islamabad to the Parliament throughout different times. The scope of the paper is confined to the recommendations that are relating to personal laws. Fulfilling its Constitutional responsibility, the Council objects the validity of certain laws/clauses with the injunctions of Islam as laid down by the Qur'ān and the Sunnah *where as it recommends the insertion of some other clauses to ensure the compatibility thereof with the Qur'ān and the* Sunnah. *In order to fulfill the arguments, the work touches upon the fiqh manuals as well.*

Keywords: Council of Islamic Idealogy, Family laws, Islamization of law, The Qur'ān and the *Sunnah*

اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات اور دستور زندگی ہے۔اسلام نے ہمیں زندگی کے تمام شعبوں کے بارے میں مکمل راہنمائی فراہم کی ہے۔یہی وجہ ہے کہ اسلام جس قدر تیزی سے دنیا میں پھیلا دوسرا کوئی مذہب اس قدر سرعت کے ساتھ نہیں پھیل سکا۔اسلام کی تعلیمات نہ صرف آخرت میں سکھ اور چین کی راہیں کھولتی ہیں بلکہ دنیا کی زندگی میں بھی سکون، اطمینان اور ترقی کی ضامن ہیں۔ اسلام انسان کو فرائض کے ساتھ ساتھ حقوق بھی دیتا ہے اور انسان کو اجتماعی زندگی میں باہمی مخاصمات سے بچانے کے لیے قوانین بھی فراہم کرتا ہے جو مدنی الطبع انسان کے لیے ناگزیر ہیں۔ قوانین میں نازک اور سب سے اہم عائلی قانون ہے۔کیونکہ یہ قانون اندرون خانہ کی اصلاح کرتا ہے اور تدبیر منزل کا ضامن ہے۔ایک کامیاب معاشرے کا تصور افراد کی اصلاح کے بغیر ناممکن ہے اور افراد کا مجموعہ ہی معاشرہ کہلاتا ہے۔اگر افراد کی عائلی زندگی میں سکون نہ ہو تو ترقی کی شاہراہ ویران ہو جاتی ہے۔

* وزٹنگ لیکچرر شیخ زاید اسلامک سنٹر، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، (Umemuhammad3@gmail.com)

اور گھریلو زندگی بھی ظلم اور زیادتی کا شکار رہتی ہے۔ لہذا یہ بات واضح ہے کہ عائلی زندگی کی حد بندی کے لیے کچھ قوانین ناگزیر ہیں۔ اور شارع نے اس ضرورت کا پورا اہتمام فرمایا ہے۔

عبادات کے بعد اسلام کا سب سے اہم شعبہ عائلی قوانین کا ہے۔ عائلی قوانین (Personal Law) دین اسلام کا ایک اہم جز ہے اور مسلمانوں کی شناخت کی ایک واضح علامت بھی۔ اسلام کے عائلی قوانین قرآن و سنت اور فقہ سے اخذ کیے گئے ہیں۔ نکاح، طلاق، خلع، مہر، میراث کے بارے میں اسلام کے تفصیلی احکام موجود ہیں۔ ڈاکٹر گستاؤلی بان[1] اپنی کتاب **تمدن عرب** میں رقم طراز ہیں:

''منکوحہ عورتوں کے قانونی حقوق جو از روئے احکام قرآنی اور کتب فقہ مقرر ہوئے ہیں یورپ کی عورتوں کے حقوق سے بمدارج زیادہ ہیں۔ مسلمان عورت کو نہ صرف فقط مہر ملتا ہے بلکہ اسے اپنی ذاتی املاک پر پورا قبضہ حاصل ہے۔ اور جس وقت اسے طلاق دی جائے تو نان نفقہ ملتا ہے، اور جب بیوہ ہو جائے تو ایک سال تک شوہر کے مال میں سے نفقہ اور ارث میں ایک مخصوص حصہ دیا جاتا ہے۔''[2]

زیر نظر مقالہ میں اسلام کے عائلی قوانین کو بیان کرتے ہوئے اسلامی نظریاتی کونسل کے کردار کا جائزہ لیا جائے گا۔ اسلامی نظریاتی کونسل جو کہ ایک آئینی ادارہ ہے۔ اس کے بنانے کا مقصد بھی یہ تھا کہ پاکستان میں کوئی بھی قانون قرآن و سنت کے مخالف نہیں ہونا چاہیے۔ اور اس ادارے کا کام صدر، گورنر یا اسمبلی کی اکثریت کی طرف سے بھیجے جانے والے معاملات کا اسلامی حیثیت سے جائزہ لینا اور رپورٹ پیش کرنا ہے۔ مقالہ ھذا میں اسلامی نظریاتی کونسل کی کوششوں کا ایک مختصر جائزہ پیش کیا جائے گا جو اس نے عائلی قوانین کے نفاذ کے لیے کی ہیں یا کر رہی ہے۔

---

(1) ڈاکٹر گستاؤلی بان (Gustave Le Bon) جو ڈاکٹر لی بان کے نام سے مشہور ہیں، ایک فرانسیسی مصنف اور دانشور تھے۔ ۱۸۴۱ء کو فرانس میں پیدا ہوئے۔ اپنی پہلی کتاب **"انسان اور انسانی معاشرتیں، ان کی ابتداء اور تاریخ"** کی تصنیف سے مشہور ہو گئے۔ آپ نے سوشیالوجی اور سیاسیات پر کئی کتابیں تصنیف کی ہیں۔ دیکھیے: Gustave Le Bon Biography- Infos-Art Market, http//www.gustave-le-bon. Com/ (Retrieved March 17, 2018).

(2) لی بان، گستاؤلی، ڈاکٹر، تمدن عرب، مترجم سید علی بلگرامی، الفیصل ناشران وتاجران کتب، غزنی سٹریٹ اردو بازار، لاہور ص: ۲۳۷۔

پاکستان چونکہ ایک نظریاتی مملکت ہے، اس کا وجود اسلام کے نام پر ہی ممکن ہوا۔ قائد اعظم محمد علی جناح نے ایک یورپی صحافی کے سوال کے جواب میں کہا تھا کہ : پاکستان کی بنیاد اس وقت رکھی گئی تھی جب ہندوستان کا پہلا شہری مسلمان ہوا" پاکستان کی دستور ساز اسمبلی نے ۱۹۴۹ء میں قرارداد مقاصد منظور کی۔ قوانین کو اسلامی سانچے میں ڈھالنے کے لیے پہلے اس قرارداد کو ۱۹۵۶ء کے دستور میں تمہید کے طور پر شامل کیا گیا بعد ازاں ۱۹۸۵ء میں اسے باقاعدہ طور پر دستور کا حصہ بنا دیا گیا۔ پاکستان کا پہلا دستور ۱۹۵۶ء میں بنایا گیا تو قرارداد مقاصد کی روشنی میں یہ بات واضح کی گئی کہ ایسا کوئی قانون وضع نہیں کیا جائے گا جو قرآن و سنت کے منافی ہو اور موجودہ قوانین کو اسلامی سانچے میں ڈھالہ جائے گا۔ پاکستان کا دوسرا دستور ۱۹۶۲ء میں بنایا گیا اور اس کے مطابق اسلامی نظریہ کی مشاورتی کونسل کا قیام عمل میں آیا۔ ۱۹۷۳ء کے آئین میں اسلام کو ریاست کا دین قرار دیا گیا اور آرٹیکل ۲۲۸ پر عمل کرتے ہوئے اسلامی نظریاتی کونسل کی تشکیل کی گئی۔

لہذا یہ کہنا درست ہوگا کہ اسلامی نظریاتی کونسل ایک آئینی ادارہ ہے جس کا بنیادی فرض قوانین کو اسلامی سانچے میں ڈھالنے کے لیے پارلیمنٹ اور صوبائی اسمبلیوں کو اپنی سفارشات پیش کرنا ہے۔ یہ کام ملک و ملت کی اہم ترین ضرورت ہے۔ آرٹیکل ۲۲۹ کے تحت صدر پاکستان، صوبائی اسمبلی یا گورنر کسی بھی معاملے میں یہ سوال کہ : "آیا کوئی مروجہ قانون احکام اسلام کے منافی ہے یا نہیں" کونسل کو بھیجتے ہیں اور کونسل اس معاملے کا اسلام کی روشنی میں جائزہ لے کر سفارشات بھیجنے کی پابند ہے۔ آرٹیکل ۲۳۰ میں اس بات کو واضح کیا گیا ہے کہ کونسل پارلیمنٹ اور صوبائی اسمبلیوں سے ایسے ذرائع اور وسائل کی سفارش کرے گی جن سے پاکستان کے مسلمانوں کو اپنی زندگیاں اسلامی اصولوں کے مطابق ڈھالنے کی ترغیب ملے۔ اور ایسی تدابیر کی سفارش کرے جن سے نافذ العمل قوانین کو اسلامی احکام کے مطاقب بنایا جائے۔ اسلامی نظریاتی کونسل اپنے فرائض منصبی کو سنبھالے ہوئے اپنا کام کر رہی ہے۔ اب تک کونسل کے تقریبا ۲۰۰ سے زائد اجلاس ہو چکے ہیں جن میں قانونی، معاشی، معاشرتی اور سیاسی نظاموں کا جائزہ لے کر سفارشات مرتب کی گئیں اور قریبا ۹۰ سے زائد رپورٹس پارلیمنٹ اور صوبائی اسمبلیوں کو پیش کی گئیں اور بہت سے اہم قوانین کونسل کی سفارش پر نافذ کیے گئے ہیں۔ مثلا قانون شہادت، قانون توہین رسالت، نفاذ شریعت ایکٹ ۱۹۹۱ء اور ترمیمی نکاح نامہ فارم وغیرہ وغیرہ۔ کونسل کی سفارش پر کچھ اہم ادارے تشکیل دیئے گئے ہیں۔ مثلا وزارت مذہبی امور، وفاقی شرعی عدالت، شریعہ اکیڈمی اور بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی وغیرہ وغیرہ۔

اسلامی نظریاتی کونسل نے جہاں اور بہت سے امور سرانجام دیے ہیں وہاں عائلی قوانین پر بھی خاطر خواہ کام کیا ہے۔اس سلسلے میں کونسل کا ایک بڑا کارنامہ مسلم عائلی قوانین آرڈیننس ۱۹۶۱ء پر نظر ثانی ہے۔ کونسل نے ان قوانین کی قرآن و سنت کی روشنی میں اصلاح کی ضرورت کو محسوس کیا۔ اور اصلاح کے لیے سفارشات پیش کی ہیں۔ یہ سفارشات ان کے بارے میں کونسل کا اصولی استدلال اور اراکین کی مفصل آراء اس رپورٹ کا موضوع ہیں۔[(3)] مسلم عائلی قوانین آرڈیننس ۱۹۶۱ء کے تحت پاکستان میں طلاق کے قوانین بیان ہوئے ہیں لیکن طلاق کے بارے میں تفصیلی قوانین اس آرڈیننس میں نہیں لائے گئے۔ یہ اپنی نوعیت کے لحاظ سے ایک ترمیمی قانون ہے جس میں پہلے سے موجود دو بڑے قوانین میں ترمیم و اصلاح کی گئی ہے، ان میں سے ایک ۱۹۲۹ء کا صغر سنی کی شادی کی تجدید کا قانون ہے اور دوسرا ۱۹۳۹ء کا تنسیخ نکاح مسلمانان کا قانون ہے۔ برصغیر میں طلاق کے قوانین پر فقہ سے زیادہ برطانوی ججوں کے ذاتی، معاشرتی اور مذہبی تعصبات کا اثر ہے۔ برطانوی ججوں کے قانونی طرز فکر سے مسلم خواتین کے طلاق کے حقوق محدود ہو گئے۔ عورت تنسیخ نکاح کے لیے عدالت میں درخواست بھی دیتی تو قرآن و سنت کے احکام کی بجائے اس پر عدالتی تنسیخ نکاح کا طریق کار لاگو کیا جاتا جس کی رو سے یہ ضروری ہو گیا کہ جج جرح و تفتیش کے ذریعے اپنی پوری تسلی کے بعد ہی خواتین کی درخواست قبول کرے گا۔ البتہ اس اصول کا اطلاق مردوں کی جانب سے دی گئی یکطرفہ طلاق پر نہیں ہوتا تھا۔ نتیجے کے طور پر مسلم خواتین نے عدالتوں میں حاضر ہو کر ارتداد کی بنیاد پر تنسیخ نکاح کا مطالبہ کیا۔ سب سے پہلے علامہ محمد اقبالؒ نے اس پر احتجاج کیا اور مسلمان علماء سے اپیل کی کہ اس مسئلے کا حل نکالیں۔ مولانا مودودیؒ نے حقوق زوجین اور مولانا اشرف علی تھانویؒ نے **الحلیة الناجزة للحلیة العاجزة** اس مسئلے کے حل کے لیے تحریر کیں۔ عورت کو عدالت کے ذریعے تنسیخ نکاح کا حق دلانے کے لیے انہوں نے مالکی فقہ سے مدد لی جس میں خاوند کی بدسلوکی، نان نفقہ کی عدم ادائیگی وغیرہ کی شکایات کی بنا پر بیوی کو عدالت سے رجوع کرنے اور شکایت کا ثبوت فراہم کرنے پر عدالت کی طرف سے نکاح منسوخ کرنے کو جائز قرار دیا۔ ۱۹۳۹ء کا قانون انفساخ نکاح انہی مطالبات، فتاوی اور بحث و تمحیص کے نتیجے میں نافذ ہوا۔ چونکہ اس قانون کا موضوع عدالتی تنسیخ نکاح تھا اس لیے اس میں خلع شامل نہیں تھا تاہم پاکستان کی عدالتوں میں خلع کو اسی قانون کا حصہ سمجھا گیا۔

---

(3) اکرام الحق یسین، **اسلامی نظریاتی کونسل: ادارہ جاتی پس منظر اور کارکردگی**، (اسلام آباد، اسلامی نظریاتی کونسل، ۲۰۱۶)، ص ۲۵۷۔

عرصہ دراز سے مختلف حلقوں کی جانب سے ان قوانین میں اصلاحات کا مطالبہ کیا جارہا تھا۔ان مطالبات میں مذہبی جماعتیں بھی شامل تھیں قانون دان اور خواتین کے حقوق کی تنظیمیں بھی۔ مختلف عدالتی فیصلے بھی اس خلا کی طرف اشارہ کر رہے تھے اور ملک میں گھریلو تشدد کے واقعات میں بھی اضافہ ہورہا تھا۔گھریلو تشدد کے واقعات کے تجزیوں میں عموما اس کی وجہ گھریلو کشیدگیاں، زبردستی کی شادی اور خواتین کے قوانین میں عدم مساوات بیان کی جاتی تھی۔ان قوانین میں خواتین کے حق طلاق کا خاص طور پر ذکر ہوتا تھا۔ یہ صورت حال عائلی قوانین پر نظرثانی کی متقاضی تھی۔ لہذا کونسل نے ۲۰۰۵ء میں عائلی قوانین پر نظرثانی کا کام شروع کیا۔ عائلی قوانین پر غور کرنے کے لیے کونسل نے فیصلہ کیا کہ ان قوانین کا ایک تجزیاتی مطالعہ کیا جائے۔اس ضمن میں مختلف عدالتوں میں ان کے مقدمات کے فیصلوں میں درج ملاحظات اور سفارشات کو بھی سامنے رکھا جائے۔ اسلامی ممالک میں حالیہ قانون سازی کا مطالعہ بھی کیا جائے اور ان تمام اعتراضات اور سفارشات پر غور کیا جائے جنہیں مختلف تنظیموں کی طرف سے پیش کیا جاتا رہا ہے۔ ان قوانین پر غور وخوض کے لیے ۳۰ اگست ۲۰۰۶ء میں مندرجہ ذیل ارکان پر مشتمل ایک لاء کمیٹی مقرر کی گئی تھی۔

۱. جناب جاوید احمد غامدی (کنویز)
۲. جناب جسٹس ڈاکٹر رشید احمد جالندھری
۳. جناب جسٹس (ر) منیر احمد مغل
۴. جناب ڈاکٹر منظور احمد
۵. جناب جسٹس افضل حیدر
۶. جناب ڈاکٹر محسن مظفر نقوی۔

کونسل کی لاء کمیٹی نے مندرجہ ذیل اہم موضوعات کا انتخاب کیا:

۱. نکاح نامہ کی اصلاح/ نظرثانی
۲. تعدد ازدواج کی شرائط
۳. طلاق ثلاثہ کا مسئلہ، معیاری طلاق نامہ کی ترتیب، طلاق دینے کا طریقہ کار
۴. بچوں کی حضانت
۵. بچپن کی شادی کا مسئلہ
۶. فسخ نکاح اور خلع کے مسائل

۷. نفقہ کے مسائل

۸. عدت کے دوران نان نفقہ کا مسئلہ

۹. بیوہ کا مسائل

۱۰. یتیم پوتے کی وراثت کا مسئلہ

۱۱. کلالہ کی میراث کا مسئلہ

۱۲. عول کا طریقہ

۱۳. رد کا طریقہ۔

لاء کمیٹی نے دو سال میں ان مسائل پر غور وخوض کے بعد اپنی سفارشات مرتب کیں۔ یہ سفارشات کونسل کے مختلف اجلاسوں میں منظوری کے لیے پیش کی جاتی رہیں۔ ان میں مندرجہ ذیل اتفاق رائے یا کثرت رائے سے منظور کی گئیں۔

اسلامی نظریاتی کونسل کی سفارشات

۱. مسلم عائلی قوانین ۱۹۶۱ء دفعہ ۶ (تعدد ازواج)[4]

کونسل کی رائے میں تعدد ازواج کے موجودہ قانون کے تحت بیان کردہ شرائط میں کوئی چیز قرآن وسنت کے خلاف نہیں ہے۔[5]

۲. مسلم عائلی قوانین ۱۹۶۱ء، دفعہ ۷ (طلاق)[6] میں اضافے کی سفارش

الف-بیوی کا حق طلاق

کونسل نے سفارش کی کہ یہ قانون بنادیا جائے کہ بیوی اگر کبھی تحریر طور پر طلاق کا مطالبہ کرے گی، تو شوہر ۹۰ دن کے اندر اسے طلاق دینے کا پابند ہوگا۔ وہ اگر ایسا نہیں کرے گا تو یہ مدت گزر جانے کے بعد طلاق واقع ہو جائے گی۔ الا یہ کہ بیوی اپنا مطالبہ واپس لے لے۔ اس کے بعد شوہر کے لیے رجوع کا حق نہیں ہوگا اور بیوی پابند

(4) دیکھیے: انعام الحق میاں، **مسلم عائلی قوانین**، (لاہور: منصور بک ہاؤس، س۔ن)، ص ۱۱۔

(5) **سالانہ رپورٹ ۲۰۰۸ء- ۲۰۰۹ء**، اسلامی نظریاتی کونسل اسلام آباد، ص ۱۶۸۔

(6) **مسلم عائلی قوانین**، ص ۱۳، ۱۴۔

ہو گی کہ مہر اور نان نفقہ کے علاوہ اگر کوئی اموال و املاک شوہر نے دے رکھی ہیں اور اس موقع پر واپس لیناچاہتا ہے، تو فصل نزاع کے لیے عدالت سے رجوع کرے یا اس کا مال اسے واپس کر دے۔[7]

کونسل کی پیش کردہ سفارشات میں مندرجہ ذیل سوالات زیرِ غور رہے: کیا خاوند کی طرح بیوی کو بھی طلاق کا حق حاصل ہے؟ اگر بیوی طلاق چاہتی ہے تو طلاق کا مطالبہ کس سے کرے۔ خاوند سے یا عدالت سے؟ کیا یہ مطالبہ تحریری ہونا ضروری ہے؟ کیا اس مطالبے کے جواب کے لیے کوئی مدت مقرر کی جاسکتی ہے؟ کیا اس مدت کے گزرنے پر طلاق موثر ہو گی؟ کیسے؟ کیا خاوند کی رضامندی ضروری ہے؟ کیا خاوند کو رجوع کا حق ہے؟ کیا بیوی کا مطالبہ طلاق خلع ہے؟ کیا بیوی کی طرف سے زرِ خلع کی پیش کش لازمی ہے؟ کیا خلع کے لیے عدالت سے رجوع ضروری ہے؟

عورت کے حق طلاق کا مسئلہ بے حد پیچیدہ ہے۔ قرآن کریم میں نکاح کے معاہدے کو حدود اللہ کے قیام کی شرط سے وابستہ کیا ہے اور اس معاہدے کو ختم کرنے کی اجازت صرف اس صورت میں دی ہے۔ جب دونوں فریق اس بات سے ڈرتے ہوں کہ اللہ کی حدود قائم نہ رکھ سکیں گے۔ فرمانِ ربی ہے:

﴿فَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا يُقِيمَا حُدُودَ اللهِ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيمَا افْتَدَتْ بِهِ تِلْكَ حُدُودُ اللهِ فَلَا تَعْتَدُوهَا﴾[8]

پاکستان کے عائلی قوانین میں معاہدہ نکاح کے خاتمے کے لیے عام طور پر طلاق کی اصطلاح استعمال ہوتی ہے قرآن کریم میں معاہدہ نکاح کے خاتمے کے لیے طلاق کے علاوہ تفریق فَارِقُوهُنَّ[9]، اور تسریح سَرِّحُوهُنَّ[10] کے الفاظ بھی آئے ہیں۔ اسی طرح فقہانے بھی عقد زوجیت سے باہر آنے کی مختلف صورتیں بیان کی ہیں۔

---

(7) **سالانہ رپورٹ ۲۰۰۸ء– ۲۰۰۹ء** اسلامی نظریاتی کونسل اسلام آباد، ص ۱۷۰۔

(8) البقرۃ، ۲۲۹۔

(9) الطلاق، ۲۔

(10) البقرۃ، ۲۳۱۔

انحلال الزّواج هو انهاءه باختيار الزوج أو بحكم القاضي، والفرقة هي انحلال رابطة الزواج وانقطاع العلاقة بين الزّوجين بسبب من الأسباب(11)

یعنی عقد زوجیت ختم ہونے سے مراد یہ ہے کہ شادی کا معاہدہ شوہر کی مرضی یا قاضی کے فیصلے کی بنیاد پر انتہا تک پہنچے یعنی فسخ یا طلاق۔

فقہ اسلامی میں معاہدہ نکاح کے خاتمے کی ایک قانونی شکل خلع ہے۔ عورت کے اس حق خلع کے بارے میں علامہ زحیلی نے فقہاء کی آراء میں اختلاف کی تفصیل اس طرح دی ہے: فقہ حنفی میں خلع کے حوالے سے کافی ابہام پایا جاتا ہے۔ ہدایۃ میں تو خلع کو معاہدہ قرار دیا گیا ہے لیکن الدر المختار، فتاوی ہندیۃ اور فتاوی قاضی خان میں معاہدہ کی بجائے عورت کی طرف سے بدل مال کے عوض اسقاط عقد کے طور پر بیان کیا گیا ہے۔ امام ابو حنیفہ کے مطابق خلع مرد کے حوالے سے ایک مشروط معاہدہ ہے اور عورت کے حوالے سے بدل مال ہے۔(12)

کونسل نے تحقیقی ابحاث کی روشنی میں یہ سفارش کی ہے کہ دور حاضر میں قرآن وسنت کی منشا بھی یہی ہے کہ عورت کو بھی طلاق کا اسی طرح حق ہونا چاہیے جس طرح مرد کو یہ حق حاصل ہے۔ ایسی صورت میں اگر عورت طلاق کا مطالبہ کرتی ہے تو وہ خلع کے طور پر نہیں بلکہ اس اعتبار سے کہ وہ بھی مساوی طور پر طلاق لینے کا حق رکھتی ہے۔ تاہم کونسل نے اس فیصلے میں عورت کی طرف سے طلاق دینے کا لفظ استعمال کرنے کی بجائے طلاق کا مطالبہ کرنے کا لفظ استعمال کیا ہے جو موجودہ فقہی فہم کے نزدیک تر ہے۔

پاکستان کے عائلی قوانین ۱۹۶۱ء میں دفعات ۷ اور ۸ کا موضوع طلاق اور عدالتی تنسیخ نکاح ہے۔(13) طلاق اور عدالتی تنسیخ کو الگ الگ دفعات میں ضرور درج کیا گیا ہے لیکن ان میں فرق کی وضاحت نہیں کی گئی۔ دفعہ ۸ میں تنسیخ نکاح کی صرف دو صورتیں بیان کی گئی ہیں۔ ایک تفویض طلاق یعنی جب بیوی کو طلاق کا حق تفویض کیا گیا ہو اور وہ اس کو استعمال کرتے ہوئے تنسیخ نکاح کا دعوی کرے۔ اور دوسرا جب خاوند یا بیوی میں سے کوئی طلاق کے علاوہ کسی اور طریقے سے تنسیخ نکاح چاہتے ہوں تو دفعہ ۷ کے احکامات مناسب ردوبدل سے اطلاق پذیر ہوں

(11) وھبہ زحیلی، **الفقه الإسلامي وأدلّته**، (دمشق: دار الفکر، ۱۹۸۹)، ۷: ۳۴۷۔

(12)- ایضا، ۷: ۳۵۱۔

(13) دیکھیے: **مسلم عائلی قوانین**، ص ۱۳- ۱۸۔

گے۔[14] اس دفعہ میں طلاق کے علاوہ دوسرے طریقوں کی تفصیل نہیں دی گئی۔ کونسل نے سفارش کی ہے کہ عائلی قوانین میں طلاق کی مختلف اقسام (طلاق، تفویض طلاق، خیار بلوغ[15]، خیار عیب[16]، خلع، فسخ اور تنسیخ نکاح) کو واضح کیا جائے اور ان کا عدالتی طریق کار متعین کیا جائے۔

کونسل کی یہ سفارش کہ ۹۰ روز مفاہمت کا وقت ہے قرآن کا حکم بھی یہ ہے کہ بیویوں کو تذبذب میں (معلق) نہ رکھو۔ فرمان الٰہی ہے:

﴿وَإِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَبَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَأَمْسِكُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ أَوْ سَرِّحُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ وَلَا تُمْسِكُوهُنَّ ضِرَارًا لِتَعْتَدُوا وَمَنْ يَفْعَلْ ذَلِكَ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهُ وَلَا تَتَّخِذُوا آيَاتِ اللَّهِ هُزُوًا وَاذْكُرُوا نِعْمَتَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَمَا أَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِنَ الْكِتَابِ وَالْحِكْمَةِ يَعِظُكُمْ بِهِ وَاتَّقُوا اللَّهَ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ﴾[17]

ٹکا کر رکھنا جاہلیت کا طریقہ ہے اسلام اس کی مذمت کرتا ہے۔ کونسل نے بیوی کے مطالبہ طلاق پر بھی اسی مدت کی سفارش کی ہے کہنا یہ ہے کہ اگر اس مدت میں شوہر کوئی قدم نہیں اٹھاتا تو اس کا صاف اور سیدھا مطلب یہی ہے کہ اسے عورت کے مطالبے پر کوئی اعتراض نہیں۔ اس مقصد کے لیے کونسل نے قانون میں مندرجہ ذیل ترمیم کی سفارش کی ہے۔

Family Laws Ordinance, 1961(7) after Section 7, the following new section 7- A shall be added:

Section 7-A. Where a wife demands talaq from her husband she may serve a notice upon him setting out the grounds and reasons for her demands of talaq. A copy of that notice shall be served upon Chairman union council. A period of ninety days may be given to the parties for reconciliation, during which period if the wife does not withdraw her demand or the husband remains silent and does not respond, the talaq shall become effective from

(14) **مسلم عائلی قوانین**، ص۱۸.

(15) رخصتی سے پہلے تنسیخ نکاح کا حق، اسے خیار بلوغ کہتے ہیں۔

(16) شوہر نامرد ہو جائے یا ذہنی توازن کھو بیٹھے یا شدید مرض میں مبتلا ہو جائے۔

(17) البقرۃ، ۲۳۱۔

the date of the expiry of ninety days and the Chairman shall issue a certificate to that effect. However, in case of dispute, the parties shall approach the court for settlement of dues arising from the divorce.[18]

مصالحتی کونسل کی تشکیل کا مقصد فریقین کے مابین مصالحت کی کوشش کرنا ہے۔ مسلم عائلی قوانین ۱۹۶۱ء کے کے تحت یہ طے پایا کہ مصالحت کی کوششیں ناکام ہونے کی صورت میں نوٹس کے وصول ہونے کے ۹۰ دن کے بعد خود بخود طلاق واقع ہو جائے گی۔

ب-عدت کی مدت

کونسل نے تجویز کیا کہ متنازعہ صورت حال میں طبّی تحقیقات کی بنیاد پر عدت کی مدت مقرر کی جاسکتی ہے۔[19]

لفظ عدت عد یعد سے ماخوذ ہے جس مطلب ہے شمار کرنا۔ اصطلاح میں اس سے مراد وہ دورانیہ ہے جو خاوند کی موت یا طلاق کی صورت میں عورت کے لیے مقرر کیا گیا ہے۔ قرآن کریم کی متعدد آیات میں عدت کی مختلف صورتوں کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔ اصل مقصد مرد کو اولاد کے سلسلے میں ذمہ دار بنانا اور نسب کے مسئلے میں ہر قسم کے ابہام کو دور کرنا ہے۔ قرآن کریم میں ارشاد ہے:

﴿يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَطَلِّقُوهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ وَأَحْصُوا الْعِدَّةَ وَاتَّقُوا اللهَ رَبَّكُمْ لَا تُخْرِجُوهُنَّ مِنْ بُيُوتِهِنَّ وَلَا يَخْرُجْنَ إِلَّا أَنْ يَأْتِينَ بِفَاحِشَةٍ مُبَيِّنَةٍ وَتِلْكَ حُدُودُ اللهِ وَمَنْ يَتَعَدَّ حُدُودَ اللهِ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهُ لَا تَدْرِي لَعَلَّ اللهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذَلِكَ أَمْرًا﴾ [20]

تمام فقہا کا اس بات پر اتفاق ہے کہ قرآن سنت کی روشنی میں عدت کے دوران بیوی کی رہائش، نان نفقہ اور دیگر اخراجات کی ذمہ داری شوہر پر ہے۔ البتہ عدت پوری ہونے کے بعد شوہر پر سے یہ ذمہ داری ساقط ہو جاتی ہے۔ طلاق رجعی یا طلاق بائن کی صورت میں عدت تین حیض ہو گی۔ جیسا کہ اس آیت مبارکہ سے واضح ہو رہا ہے:

---

(18) مسلم عائلی قوانین آرڈیننس ۱۹۶۱ء نظر ثانی اور سفارشات، ص ۵۵۔

(19) سالانہ رپورٹ ۲۰۰۶ء – ۲۰۰۷ء اسلامی نظریاتی مونسل اسلام آباد، ص ۲۶۴۔

(20) الطلاق، ۱۔

﴿وَالْمُطَلَّقَاتُ يَتَرَبَّصْنَ بِأَنْفُسِهِنَّ ثَلَاثَةَ قُرُوءٍ وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ أَنْ يَكْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللَّهُ فِي أَرْحَامِهِنَّ إِنْ كُنَّ يُؤْمِنَّ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَبُعُولَتُهُنَّ أَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ فِي ذَلِكَ إِنْ أَرَادُوا إِصْلَاحًا﴾[21]

اس آیت میں عدت کا مقصد واضح کیا گیا ہے کہ ان کے رحم میں اگر اللہ نے کچھ تخلیق کیا ہے تو وہ واضح ہو جائے۔ بیوہ کی عدت چار ماہ اور دس دن ہے۔ ارشادِ ربانی ہے:

﴿وَالَّذِينَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُونَ أَزْوَاجًا يَتَرَبَّصْنَ بِأَنْفُسِهِنَّ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا فَإِذَا بَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيمَا فَعَلْنَ فِي أَنْفُسِهِنَّ بِالْمَعْرُوفِ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ﴾[22]

حیض کی مدت گزر جانے کی صورت میں عدت کی مدت تین ماہ ہے اور حمل کی صورت میں عدو ضع حمل تک ہے وہ ایک دن بھی ہو سکتی ہے اور کئی ماہ بھی۔

﴿وَاللَّائِي يَئِسْنَ مِنَ الْمَحِيضِ مِنْ نِسَائِكُمْ إِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلَاثَةُ أَشْهُرٍ وَاللَّائِي لَمْ يَحِضْنَ وَأُولَاتُ الْأَحْمَالِ أَجَلُهُنَّ أَنْ يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ وَمَنْ يَتَّقِ اللَّهَ يَجْعَلْ لَهُ مِنْ أَمْرِهِ يُسْرًا﴾[23]

اگر نکاح ہوا اور ہور خصتی نہ ہوئی ہو تو عدت کو ضروری قرار نہیں دیا گیا کیونکہ عدت کا مقصد ہی نسب کی حفاظت ہے۔ ایسی صورت میں جہاں فریقین میں نزاع ہو جائے وہاں فقہا نے قاضی کو اختیار دیا ہے کہ طبّی تحقیقات کی بنیاد پر عدت مقرر کرے۔ لہذا کونسل نے بھی علم طب سے مدد لینے کی سفارش کی ہے۔

مسلم عائلی قوانین ۱۹۶۱ء، دفعہ ۸ (طلاق کے علاوہ کسی اور طریق سے نکاح کی تنسیخ)[24] وضاحت کے اضافے کی سفارش

الف۔ خلع کی قانونی حیثیت

کونسل کی رائے میں خلع سے متعلق موجودہ قانون میں کوئی چیز قرآن و سنت کے خلاف نہیں، اتنی بات واضح رہنی چاہیے کہ کوئی عدالت اگر میاں بیوی میں علیحدگی کا فیصلہ دیتی ہے تو اسے خلع کی بجائے فسخ نکاح سے

(21) البقرۃ، ۲۲۸۔
(22) البقرۃ، ۲۳۴۔
(23) الطلاق، ۴۔
(24) دیکھیے: **مسلم عائلی قوانین**، ص ۱۸۔

تعبیر کیا جائے۔(25) عائلی قوانین میں خلع اور فسخ نکاح کا فرق واضح کرنے کے لیے کونسل یہ تجویز کرتی ہے کہ دفعہ ۸ کے تحت مندرجہ ذیل وضاحت کا اضافہ کر دیا جائے۔ بیوی کے مطالبہ طلاق پر عدالت شوہر کو طلاق دینے کے لیے کہے اور وہ طلاق دے دے تو یہ خلع ہے، لیکن شوہر طلاق نہ دے یا عدالت میں حاضر نہ ہو یا مفقود الخبر ہو جائے اور عدالت یکطرفہ کاروائی کے ذریعے سے نکاح ختم کر دے تو یہ فسخ نکاح ہوگا۔(26)

عورت کو مرد سے جدائی اور نکاح ختم کرنے کے مطالبے کے حق کو فقہی اصطلاح میں خلع کہا جاتا ہے۔ گویا خلع ایک قسم کی طلاق ہے، لیکن اس میں مرد کے اختیارات کی بجائے عورت کا مطالبہ پایا جاتا ہے۔(27) خلع کی صورت میں عورت اپنا مہر شوہر کو واپس کرے گی یعنی حق مہر کے بدلے میں عقد نکاح سے آزاد ہوگی۔ حق مہر وہ رقم ہے جو عورت کو شادی کے عوض دی جاتی ہے۔ مگر عائلی قوانین کے مطابق خلع کی صورت میں بیوی کے لیے لازم ہے کہ شوہر کو وہ رقم لوٹادے جو شادی کے موقع پر اس نے دی تھی یا اگر خلع کے وقت تک وہ رقم ادا نہیں کی جو نکاح کے وقت طے کی تھی اسے شوہر کے حق میں چھوڑ دے۔ تاہم تمام فقہا کا اس بات پر اتفاق ہے کہ بیوی اگر حق مہر ادا نہ بھی کرے تو بھی خلع باطل نہیں ہوتا۔ اس ضمن میں کونسل نے سفارش کی ہے کہ اس قانون میں مجوزہ ترمیم یوں کی جائے کہ خلع کی صورت میں حق مہر کی بجائے تحائف اور فوائد کے الفاظ استعمال کیے جائیں۔ قرآن کریم میں اس ضمن میں مندرجہ ذیل آیت آئی ہے:

﴿الطَّلَاقُ مَرَّتَانِ فَإِمْسَاكٌ بِمَعْرُوفٍ أَوْ تَسْرِيحٌ بِإِحْسَانٍ وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ أَنْ تَأْخُذُوا مِمَّا آتَيْتُمُوهُنَّ شَيْئًا إِلَّا أَنْ يَخَافَا أَلَّا يُقِيمَا حُدُودَ اللَّهِ فَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا يُقِيمَا حُدُودَ اللَّهِ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيمَا افْتَدَتْ بِهِ تِلْكَ حُدُودُ اللَّهِ فَلَا تَعْتَدُوهَا وَمَنْ يَتَعَدَّ حُدُودَ اللَّهِ فَأُولَئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ﴾(28)

ب۔ مسلم عائلی قوانین ۱۹۶۱ء کے تحت وضع کردہ قاعدہ نمبر ۸ کے تحت نکاح نامہ فارم میں ترمیم کی تجویز

کونسل نے سفارش کی کہ نکاح کا معاہدہ کرتے وقت کوئی فریق ایسی بات پوشیدہ نہ رکھے جس کے افشاء ہونے پر ازدواجی زندگی تباہ ہو جائے۔ اس اصولی فیصلے کے مطابق نکاح نامہ کے کالم نمبر ۵ (آیا دلہن کنواری ہے یا بیوہ ہے یا

(25) **سالانہ رپورٹ ۲۰۰۷ء – ۲۰۰۸ء** اسلامی نظریاتی کونسل اسلام آباد، ص ۸۴۔

(26) **سالانہ رپورٹ ۲۰۰۸ء – ۲۰۰۹ء** اسلامی نظریاتی کونسل اسلام آباد، ص ۱۶۷۔

(27) خالد علوی، **اسلام کا معاشرتی نظام**، (لاہور: المکتبہ العلمیہ، ۱۹۹۸ء)، ص ۱۶۶۔

(28) البقرۃ، ۲۲۹۔

مطلقہ ہے) پر حسب ذیل اضافے کے لیے سفارش کی: "بیوہ یا مطلقہ ہونے کی صورت میں سابقہ/مرحوم خاوند/خاوندوں سے بچوں کی تعداد کتنی ہے؟" اور دلہا سے متعلق کالم نمبر ۲۱ میں ایک نئی شق کا اضافہ کیا جائے۔ ''(الف) آیا دلہا طلاق دہندہ/طلاق یافتہ یا رنڈوہ ہے، اگر جواب ہاں میں ہے تو سابقہ/مرحوم بیوی/بیویوں سے بچوں کی تعداد کتنی ہے؟ مزید برآں کالم نمبر ۲۱ میں پہلے سے موجود عبارت کو شق ب شمار کیا جائے۔''(29)

ج۔ مسلم عائلی قوانین ۱۹۶۱ء کے تحت وضع کردہ قاعدہ نمبر ۸ (الف) کے تحت نکاح نامہ کے طرز پر طلاق نامہ فارم کی تجویز

طلاق کی رجسٹریشن: کونسل نے سفارش کی کہ طلاق کی رجسٹریشن کے نظام کو مؤثر بنایا جائے اور اسکی رجسٹریشن بھی اسی طرح ہونی چاہیے، جس طرح نکاح کی رجسٹریشن ہوتی ہے اور رجسٹریشن کے لیے کونسل کا منظور کردہ طلاق نامہ استعمال کیا جائے۔(30) اسلام میں تحریری طلاق لازمی نہیں ہے لیکن کسی جھگڑے کی صورت میں یہ بہت مفید ہے۔ عقد نکاح زبانی طور پر بھی ختم ہو جاتا ہے تاہم تحریر میں لانا بہتر ہے۔ اس بارے میں فقہاء کا موقف یہ ہے کہ تحریر طلاق ہو جاتی ہے البتہ تحریر واضح ہونی چاہیے۔ اگر تحریر بیوی کے نام ہو تو طلاق صریح کے حکم میں ہے بغیر نیت کے بھی واقع ہو جاتی ہے۔ اور اگر بیوی کے نام نہ ہو تو طلاق کنایہ کے حکم میں ہے، نیت کے بغیر واقع نہیں ہوتی۔(31)

طلاق کے موثر ہونے کے لیے تحریری طلاق نامہ زبانی طلاق کا ثبوت ہوتا ہے۔ اسے قاضی، عورت کے باپ یا دیگر گواہوں کی موجودگی میں قانونی بنایا جا سکتا ہے۔ لیکن زبانی طلاق میں مہر اور نفقہ کے سلسلے میں اطلاع ضروری ہے۔ نکاح اور طلاق دونوں زبانی طور پر ہو جاتے ہیں لیکن رجسٹریشن فریقین کو بہت سے ممکنہ تنازعات سے بچا لیتی ہے۔ طلاق کی رجسٹریشن کا کوئی مؤثر نظام پاکستان میں نہیں تاہم مسلم عائلی قوانین آرڈیننس ۱۹۶۱ء کی دفعہ ۷ (۱، ۲) کے تحت خاوند طلاق دینے کے فوراً بعد اس کی اطلاع یونین کونسل کو کرتا ہے جس میں مصالحتی کمیٹی تشکیل دی جاتی ہے۔ ۹۰ روز کے بعد مصالحت ناکام ہونے پر فریقین کو مؤثر طلاق کا سرٹیفکیٹ جاری کیا جاتا

(29) سالانہ رپورٹ ۲۰۰۴ء-۲۰۰۵ء اسلامی نظریاتی کونسل اسلام آباد، ص ۲۶۰، بحوالہ پنجاب اسمبلی نوٹ نمبر پی اے پی/لیجس-۴(۸۱)/۲۰۰۳ء، مورخہ ۰۵-۰۴-۲۶۔

(30) سالانہ رپورٹ ۲۰۰۸ء-۲۰۰۹ء اسلامی نظریاتی کونسل اسلام آباد، ص ۱۷۰۔

(31) وھبہ زحیلی، الفقہ الإسلامي وأدلته، ۷: ۳۸۲-۳۸۳۔

ہے۔یہی طریقہ کار عدالتی طلاق کا بھی ہے۔طلاق کی رجسٹریشن نہ ہونے کے باعث بہت سارے ممکنہ تنازعات کو بحسن وخوبی نمٹانے کے لیے کونسل نے طلاق نامے کے فارم کی سفارش کی ہے اور یہ تجویز دی ہے کہ ایک معیاری طلاق نامہ مرتب کیا جائے جس سے اس کی رجسٹریشن لازمی ہو جائے گی۔

۴۔ مسلم عائلی قوانین ۱۹۶۱ء دفعہ ۹ (نان نفقہ)[32] میں اضافے اور وضاحت کی سفارش

مطلقہ کا حق متاع: کونسل نے سفارش کی کہ طلاق کے موثر ہو جانے کے بعد مطلقہ عورتیں اگر چاہیں تو عدالت شوہر کے معاشی حالات کو پیش نظر رکھتے ہوئے ان کے لیے قرآن کے مطابق عطا کردہ حق متاع کی مقدار متعین کرنے کا حکم صادر کر سکتی ہے، جو یکمشت بھی ہو سکتی ہے اور ماہ بہ ماہ بھی، جب تک مطلقہ عورت کی اگلی شادی نہ ہو جائے۔[33] متاع مطلقہ عورت کا حق ہے خالق کائنات نے حق متاع کو واجب قرار دیا ہے۔ارشاد ربانی ہے:

﴿لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ مَا لَمْ تَمَسُّوهُنَّ أَوْ تَفْرِضُوا لَهُنَّ فَرِيضَةً وَمَتِّعُوهُنَّ عَلَى الْمُوسِعِ قَدَرُهُ وَعَلَى الْمُقْتِرِ قَدَرُهُ مَتَاعًا بِالْمَعْرُوفِ حَقًّا عَلَى الْمُحْسِنِينَ﴾[34]

آیت مبارکہ میں وَمَتِّعُوهُنَّ (اور متاع دو انہیں) امر کا صیغہ استعمال ہوا ہے اور امر واجب ہوتا ہے لہذا متعلقہ عورتوں کو متاع دینا واجب ہے۔اس کی ایک اور دلیل سورۃ احزاب میں بھی موجود ہے فرمان الٰہی ہے:

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنَاتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوهُنَّ مِنْ قَبْلِ أَنْ تَمَسُّوهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّونَهَا فَمَتِّعُوهُنَّ وَسَرِّحُوهُنَّ سَرَاحًا جَمِيلًا﴾[35]

اسی طرح ایک اور آیت مبارکہ میں یوں بیان ہوتا ہے:

﴿وَلِلْمُطَلَّقَاتِ مَتَاعٌ بِالْمَعْرُوفِ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِينَ﴾[36]

---

(32) دیکھیے: **مسلم عائلی قوانین**، ص ۲۰۔

(33) **سالانہ رپورٹ ۲۰۰۸ء – ۲۰۰۹ء** اسلامی نظریاتی کونسل اسلام آباد، ص ۱۶۸۔

(34) البقرۃ، ۲۳۶۔

(35) الاحزاب، ۴۹۔

اسی طرح احادیث مبارکہ سے بھی پتا چلتا ہے کہ مطلقہ کے لیے متاع لازمی ہے۔ مثلا:

مَالِكٌ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ؛ أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ: لِكُلِّ مُطَلَّقَةٍ مُتْعَةٌ[37]

وَحَدَّثَنِي عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَنَّهُ قَالَ: لِكُلِّ مُطَلَّقَةٍ مُتْعَةٌ، قَالَ مَالِكٌ: وَبَلَغَنِي عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ مِثْلُ ذَلِكَ قَالَ مَالِكٌ: لَيْسَ لِلْمُتْعَةِ عِنْدَنَا حَدٌّ مَعْرُوفٌ فِي قَلِيلِهَا وَلَا كَثِيرِهَا[38]

مندرجہ آیات اور احادیث سے واضح ہوتا ہے کہ ہر مطلقہ عورت کے لیے متاع واجب ہے، اویک قول اس معاملے میں یہ ہے کہ صرف ان عورتوں کے لیے متاع ہے جن سے ازدواجی تعلق قائم کیا گیا ہو جبکہ ان عورتوں کے لیے واجب نہیں ہے جن سے یہ تعلق قائم نہ کیا گیا ہو، اسی طرح ایک قول یہ بھی ہے کہ متاع کا یہ حکم تمام مطلقہ عورتوں کے لیے مستحب ہے واجب نہیں، اور متاع سے مراد نان نفقہ ہے[39] کونسل نے اپنی سفارشات میں یہ تجویز پیش کی ہے کہ مطلقہ عورتوں کے لیے عدالت متاع حیات تجویز کرے۔ مسلم عائلی قوانین 1961ء میں مطلقہ عورتوں کے لیے عدت کے دوران تک نان نفقہکی گنجائش رکھی گئی ہے۔ اور کونسل نے اس میں ترمیم کی سفارش کی ہے اور متاع کو نان نفقہ اور مہر سے الگ کر کے یہ تجویز پیش کی ہے کہ مطلقہ کی دوبارہ شادی ہونے تک اسے متاع دینا چاہیے۔

اسلامی نظریاتی کونسل کو لاء کمیشن پاکستان کی طرف سے مطلقہ کے لیے خاوند کی طرف سے متاع کی موجودہ حالات میں وسعت، مقدار اور حیثیت وغیرہ پر غور کرنے کے لیے ایک مراسلہ 20 دسمبر 1993ء کو بھیجا گیا کونسل نے اس مسئلے پر کئی بار غور کیا۔[40] کونس نے یہ مسئلہ مزید غور کے لیے معیشت کمیٹی کے حوالے کیا۔ کمیٹی نے اس مسئلہ پر غور کے بعد اپنی رپورٹ کونسل کو پیش کر دی۔ کونسل نے اپنے 134 ویں اجلاس

---

(36) البقرۃ، ۲۴۱۔

(37) مالک بن انس، **الموطا**، (ابوظبی، موسسۃ زاید بن سلطان آل نھیان للاعمال الخیریۃ والانسانیۃ، ۲۰۰۴ء، تحقیق: محمد مصطفی الاعظمی)، ۴: ۸۲۵، رقم الحدیث: ۲۱۲۱۔

(38) مالک بن انس، **الموطا**، (بیروت: احیاء التراث العربی، ۱۹۸۵ء، تحقیق: محمد فواد عبدالباقی)، ۲: ۵۷۳، رقم الحدیث: ۴۶۔

(39) دیکھیے: محمد صدیق خان بن حسن، **حسن الأسوة بما ثبت من الله ورسوله في النسوة**، (بیروت: مؤسسہ الرسالہ، ۱۹۸۱ء، ص ۵۰-۵۴۔

(40) دیکھیے: **سالانہ رپورٹس ۱۹۹۷ء— ۱۹۹۸ء** اسلامی نظریاتی کونسل اسلام آباد۔

منعقدہ ۲۴تا۲۶نومبر ۱۹۹۸ء میں معیشت کمیٹی کی رپورٹ پر غور کرنے کے بعد حسب ذیل فیصلہ کیا: متعۃالطلاق سے مراد اگر مطلقہ کے تاحیات نان ونفقہ کی ذمہ داری ہے، تواس سلسلے میں شریعت کا موقف بڑا واضح ہے کہ شوہر طلاق کے بعد مطلقہ کے نان ونفقہ اور رہائش کا ذمہ دار صرف مدت عدت تک ہے۔ عدت کے بعد یہ ذمہ داری اس عورت کے قرابت داروں کی طرف منتقل ہو جاتی ہے، لہذا ایسی کوئی تجویز، جس کی روسے کسی سابق سوہر کو عدت کے بعد مطلقہ کے نان ونفقہ کا ذمہ دار ٹھہرایا جانا مطلوب ہو، اسلامی شریعت سے متعارض ہوگی۔ اگر مطلقہ بے وسیلہ اور بے سہارا ہو تو شریعت کے مطابق اس کے قرابت دار شرعی ترتیب سے اس کے نان ونفقہ کے ذمہ دار ہوں گے، جس کی تفصیل اسلامی فقہ میں باب النفقات میں بیان کی گئی ہے اور کونسل اپنے ایک سابق اجلاس میں اس کے لیے ایک آرڈیننس " نفقہ برائے نادار اقرباء" کا مسودہ منظور کرچکی ہے۔ اور اگر وہ بھی اس کی استطاعت نہ رکھتے ہوں تو شریعت کے مطابق بیت المال اس کے نان ونفقہ کا ذمہ دار ہوگا۔(41)

۵۔ مسلمان شادیوں کی تنسیخ کا قانون ۱۹۳۹ء، دفعہ ۲(۱) (42)میں ترمیم کی سفارش

مفقود الخبر خاوند کی بیوی: کونسل نے سفارش کی کہ بغرض طلاق مفقود الخبر خاوند کے لاپتہ رہنے کی مدت دو سال مقرر ہے، چنانچہ مفقود الخبر خاوند کی بیوی دو سال انتظار کے بعد عدالت سے بغرض طلاق رجوع کرسکتی ہے۔ اس سفارش کی روشنی میں متعلقہ دفعہ کو حسب ذیل الفاظ میں ڈرافٹ کیا جائے:

> **Section 2 (1): Groups for decree for dissolution of marriage**. A woman married under Muslim law shall be entitled to obtain a decree for the dissolution of her marriage on anyone or more of the following groups, namely: that the whereabouts of the husband have not been known for a period of two years.(43)

---

(41) سالانہ رپورٹس ۱۹۹۷ء– ۱۹۹۸ء اسلامی نظریاتی کونسل اسلام آباد، ص ص ۶۵- ۶۶۔

(42) مسلم عائلی قوانین، ص ۲۵۔

(43) سالانہ رپورٹ ۲۰۰۸ء– ۲۰۰۹ء اسلامی نظریاتی کونسل اسلام آباد، ص ۱۶۷۔

یہ قانون برطانوی مجلس قانون ساز نے پاس کیا اور گورنر جنرل نے ۱۷ مارچ ۱۹۳۹ء کو منظوری دی۔ اس قانون میں ان تمام وجوہات کو جمع کیا گیا جن کی بنیاد پر عورت فسخ نکاح کی ڈگری حاصل کر سکتی ہے۔ جس میں ایک وجہ شوہر کا لاپتہ ہونا ہے۔

۶۔ عائلی عدالتوں کا قانون مجریہ ۱۹۶۴ء، دفعہ ۱۰ (۴) میں اضافے کی سفارش

کونسل نے سفارش کی کہ مہر عورت کا حق ہے، اسے کسی حالت میں بھی چھوڑا نہیں جاسکتا۔ تاہم عدالت اگر چاہے تو تحائف اور فوائد کے سلسلے میں مصالحت کرا سکتی ہے۔ نیز عائلی عدالتوں کے قانون مجریہ ۱۹۶۴ء کی دفعہ ۱۰ ذیلی دفعہ ۴ میں لفظ حق مہر کو شادی کے عوض دیے گئے تحائف اور فوائد سے تبدیل کر کے حسب ذیل الفاظ میں قانون کا حصہ بنایا جائے:

10. Pre-trial proceeding.

(4) If no compromise or reconciliation is possible the Court shall frame the issues in the case and fix a date for the recording of the evidence.

Provided that notwithstanding any decision or judgment or any Court of tribunal, the family Court in a suit for dissolution of marriage, if reconciliation fails, shall pass decree for dissolution of marriage forthwith and also restore the husband the gifts and benefits received by the wife in consideration of marriage at the time of marriage.(44)

۷۔ گارڈین اینڈ وارڈ ایکٹ ۱۸۹۰ء، دفعات ۱۹(ب) اور ۴۱(ج) میں ترمیم کی سفارش

کونسل کی لاء کمیٹی نے ایک سوالنامہ مرتب کیا جس میں موضوع بچوں کی حضانت تھا۔ کونسل کے ۱۷۱ ویں اجلاس میں اس مسئلہ پر غور و خوض کیا گیا۔ کونسل نے ہدایت کی کہ حضانت کے شرعی و فقہی پہلو پر مشتمل ریسرچ نوٹ کے ساتھ یہ مسئلہ اگلے اجلاس میں پیش کیا جائے۔ اگلے اجلاس میں بحث و تمحیص کے بعد کونسل نے

(44) سالانہ رپورٹ ۲۰۰۸ء — ۲۰۰۹ء اسلامی نظریاتی کونسل اسلام آباد، ص ۱۷۹۔

فیصلہ کیا کہ اس موضوع پر شعبہ لاء میں سفارش کا ڈرافٹ تیار کیا جائے۔ یہ ڈرافٹ اراکین کونسل کی توثیق کے بعد روداد میں شامل کر لی جائے گی۔ اس فیصلے کی روشنی میں ڈرافٹ تیار کر کے توثیق کے لیے ارکان کی خدمت میں ارسال کیا گیا۔ توثیق کے بعد اسے روداد میں شامل کیا گیا۔[45]

ماں کا حق حضانت: کونسل نے سفارش کی کہ بچوں کی حضانت کے حوالے سے جہاں قانون کے تحت باپ کو یہ مطلق حق دیا گیا ہے کہ وہ بچے یا اس کی جائیداد کا ولی بن سکتا ہے وہیں ماں کے حق حضانت کو بھی مطلق بنا دیا جائے جو شریعت کا عین تقاضا ہے۔ اس سلسلے میں گارڈین اینڈ وارڈ ایکٹ مجریہ ۱۸۹۰ء کی دفعات ۱۹(ب) اور ۴۱(ج) میں ترامیم کی جائیں۔[46] اسلامی نظریاتی کونسل کی یہ سفارشات جو مسلم عائلی قوانین ۱۹۶۱ء پر نظر ثانی کے بعد پیش کی گئیں، ان کے بارے میں ہر مکتب فکر کے علما نے شدید احتجاج کیا اور انہیں شریعت میں کھلم کھلا تحریف قرار دیا۔ ڈاکٹر سرفراز نعیمی کا کہنا ہے کہ اسلام نے خانگی زندگی گزارنے اور زوجین کے باہمی تعلقات کو قائم رکھنے میں شوہر کو طلاق کا حق دیا ہے۔ لیکن نظریاتی کونسل کی یہ سفارش کہ شوہر کو بیوی کے طلاق طلب کرنے کے ۹۰ روز بعد طلاق دینے کا پابند کیا جائے ورنہ عدالت خو بخود فیصلہ کر دے گی، یہ اختیار نہ بیوی کو حاصل ہے اور نہ نام نہاد جج یا قاضی کو، زوجین میں محبت والفت اور بچوں کے مستقبل کے تحفظ میں عدالت کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے نہ یہ کہ خاندان کو توڑنے میں قاضی خود حریف بن جائے۔ جس طرح یورپ کے اندر معاشی اعتبار سے خاندانوں کو دولخت کر دیا گیا وہی کچھ مغرب پاکستان میں کرانا چاہتا ہے۔ یہ ذمہ داری پاکستان کے تمام علما کرام پر عائد ہوتی ہے کہ وہ اسلامی احکامات کے تحفظ میں اپنا کردار ادا کریں۔[47]

مفتی منیب الرحمن سے اس بارے میں سوال کیا گیا تو انہوں کہا کہ یہ اسلامی نظریاتی کونسل کا از خود فیصلہ و سفارش ہے۔ شریعت کا اس سے دور کا واسطہ بھی نہیں ہے، قرآن کا قانون بالکل واضح ہے کہ زوجین ازدواجی زندگی ایک ساتھ نہیں گزار سکتے تو اس صورت میں اگر عورت طلاق کا مطالبہ کرے تو شریعت نے اسے اجازت دی ہے کہ وہ مہر چھوڑ دے۔ اس صورت میں بھی مرد کی رضامندی سے عورت کو طلاق ملے گی بصورت دیگر وہ عدالت سے رجوع کرے گی۔ اب جو فیصلہ سامنے آیا ہے، وہ از خود عورت کو طلاق کا حق دے رہا ہے، گویا اگر شوہر

---

(45) سالانہ رپورٹ ۲۰۰۸ء– ۲۰۰۹ اسلامی نظریاتی کونسل اسلام آباد، ص ۹۷۔

(46) سالانہ رپورٹ ۲۰۰۸ء– ۲۰۰۹ء اسلامی نظریاتی کونسل اسلام آباد، ص ۱۷۲۔

(47) روزنامہ امت کراچی، ۷ انومبر ۲۰۰۸ء، ص ۳۔

نے طلاق دینے میں ۹۰ روز سے زاید دن لگائے تو یہ طلاق از خود واقع ہو جائے گی۔ اس بارے میں دنیا میں کوئی قانون نہیں۔ شریعت مطہرہ تو دور کی بات ہے، خود مغربی قوانین میں بھی طلاق کے حصول کا ایک بڑا نظام ہے۔ اسلامی نظریاتی کونسل نے اسلام تو دور کی بات مغربی نظام کو بھی پیچھے چھوڑ دیا ہے، اس کی کوئی شرعی حیثیت نہیں ہے۔(48)

مولانا عبد المالک سے جب اس بارے میں سوال کیا گیا تو انہوں نے جواب دیا کہ اسلامی نظریاتی کونسل کا یہ مطالبہ سراسر غیر اسلامی ہے، اس لیے کہ طلاق دینا شوہر کے اختیار میں ہے، عورت طلاق کا مطالبہ کر سکتی ہے اور اس کے مطالبے کی جائز اور شرعی وجوہات کی صورت میں عدالت شوہر کے خلاف مقدمہ کرے گی۔ عدالت از خود طلاق نافذ نہیں کر سکتی۔(49)

آصف فاروقی نے عائلی قوانین میں تبدیلی پر اختلافات کے بارے میں لکھا ہے کہ:

پاکستان کی حکومت نے اسلامی نظریاتی کونسل کی ان سفارشات سے لاتعلقی کا اظہار کیا ہے جن عورت کو تنسیخ نکاح سمیت کئی طرح کے حقوق دیے جانے کی باتیں کی گئی ہیں۔ ملک کے مختلف مکاتب فکر کے علما نے کونسل کی ان سفارشات کو متنازع قرار دیا جس کے بعد حکومت نے اسلامی نظریاتی کونسل کو عائلی قوانین میں بعض اہم تبدیلیوں کی طرف توجہ دلائی ہے جس میں سرفہرست عورت کی جانب سے تین ماہ میں طلاق کا مطالبہ نہ ماننے کی صورت میں ان کے درمیان نکاح منسوخ تصور کیے جانے کی شق ہے۔۔۔ قومی اسمبلی میں پاکستان مسلم لیگ کے رکن حاجی فضل کریم نے یہ معاملہ ایوان میں اٹھاتے ہوئے کہا کہ اسلامی نظریاتی کونسل کے سربراہ نے نکاح اور طلاق کے بارے میں نئے نظریات کا پرچار کیا ہے، جو اسلام اور شرع کے منافی ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ نکاح اور طلاق کے طریقہ تبدیلی کی کوشش پر ڈاکٹر خالد مسعود کو ان کے عہدے سے برطرف کیا جائے۔ جمعیت علماء اسلام کے رکن عطاء الرحمن نے بھی اسی طرح کے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اسلامی نظریاتی کونسل کو ان معاملات میں رائے زنی کا حق نہیں۔ مذہبی امور کے وزیر حامد سعید کاظمی نے صورت حال کی وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ نکاح اور طلاق کے معاملات پر اسلامی نظریاتی کونسک کی سفارشات کا حکومت سے کوئی تعلق نہیں۔ انہوں نے کہ اس وقت کونسل کے ارکان کی تعداد آٹھ ہے جبکہ استعداد بیس ہونی چاہیے اس وجہ سے کونسل ملک کے تمام مکاتب فکر کی

(48) **مسلم عائلی قوانین آرڈیننس ۱۹۶۱ء** (نظر ثانی اور سفارشات)، اسلامی نظریاتی کونسل اسلام آباد، ۲۰۰۹ء، ص ۱۵۱۔
(49) ایضاً ص ۱۴۹- ۱۵۰۔

نمائندگی نہیں کرتی۔ انہوں نے اعلان کیا کہ حکومت کونسل کے ارکان کی تعداد پوری کر کے اس معاملے کو از سر نو غور کے لیے کونسل کو بھجوائے گی۔(50)

اسلامی نظریاتی کونسل ریاست پاکستان کا ایک آئینی ادارہ ہے۔ اس کا بنیادی فریضہ پارلیمنٹ اور صوبائی اسمبلیوں کو اسلامی قانون کی تدوین کے لیے سفارشات پیش کرنا ہے اس میں شبہ نہیں کہ یہ ملک و ملت کی اہم ترین ضرورت ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اسلام کے بارے میں جو شکوک و شبہات اس وقت دنیا میں پیدا ہو رہے ہیں ان میں سے بیشتر کا تعلق فقہ و شریعت سے ہے۔ کونسل کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ تمام مسائل کا قرآن و سنت میں جائزہ لے اور اس کی روشنی میں اپنی سفارشات پارلیمنٹ کو پیش کرے۔ پارلیمنٹ اور تمام حکام بالا کی ذمہ داری ہے کہ وہ ان سفارشات کو محض کاغذوں میں ہی نہ رہنے دیں بلکہ بحث و تمحیص کے بعد ان کو نافذ کریں۔ اسلامی نظریاتی کونسل اپنی طرز کا وہ واحد ادارہ ہے جو مقاصد پاکستان کی یاد دہانی کرواتا رہتا ہے۔ تاہم ۱۵ نومبر ۲۰۰۸ء کو منظور کی گئی کونسل کی سفارشات پر مذہبی حلقوں میں شدید رد عمل سامنے آیا اور یہ مطالبہ شدت سے دہرایا جانے لگا کہ نظریاتی کونسل کو از سر نو تشکیل دیا جائے۔ اور تمام مکاتب فکر کو نمائندگی دی جائے۔

بعد ازاں کونسل نے اپنے ۱۸۶ ویں اجلاس منعقدہ ۲۶ مارچ ۲۰۱۲ء میں ان سفارشات از سر نو غور کیا۔ کمیٹی کی طرف سے بیوی کی طرف سے طلاق کے مطالبے والی سفارش پر تجزیہ یہ سامنے آیا کہ یہ سفارش واضح طور پر قرآن و سنت کے احکام کے منافی ہے اور شریعت اسلامیہ میں ایک نئی بات داخل کر کے بیوی کو حق طلاق دینے مترادف ہے۔ عہد نبوی ﷺ سے لے کر تا حال اس کی کوئی نذیر نہیں ملتی لہذا اس سفارش کو مکمل طور پر حذف کیا جائے۔ اس پر کونسل نے کمیٹی کے رائے سے اتفاق کرتے ہوئے قرار دیا کہ یہ سفارش حذف کر دی جائے۔(51) رکن کونسل جناب سید افتخار حسین نقوی نے اپنے مراسلہ ۴ نومبر ۲۰۱۱ء بنام چیئرمین کونسل میں مسلم عائلی قوانین کے بارے میں چند تجاویز دی تھیں اور استدعا کی تھی کہ فیملی قوانین میں تبدیلی لانے اور اسے قرآن و سنت کے مطابق بنانے کے عمل کو اولیت دی جائے۔ انہوں نے خط کے ساتھ مسلم عائلی قوانین پر اعتراضات اور ان کے بارے میں تجاویز پر مشتمل ایک گوشوارہ مرتب کر کے ارسال فرمایا۔ کونسل نے ان تمام تفاصیل کی روشنی میں معزز رکن کی تجاویز سے اتفاق کرتے ہوئے ہدایت کی کہ مسلم عائلی قوانین کا موضوع

---

(50) http-ps://www.bbc.com/.../081118-family-law-marriage-sz.shtml, 12: 20 G|MT 17: 20 PST.

(51) سالانہ رپورٹ ۲۰۱۱ء – ۲۰۱۲ء اسلامی نظریاتی کونسل اسلام آباد، ص ۹۱۔

نہایت اہم ہے اور لوگوں کی اکثریت خلع وغیرہ کے مسائل کے سلسلے میں مشکلات کا شکار ہے۔ عائلی قوانین کے بارے میں کونسل کی گزشتہ سفارشات بھی جمع کی جائیں اور اس موضوع پر ایک مستقل اجلاس منعقد کیا جائے۔[52]

کونسل نے مسلم عائلی قوانین ۱۹۶۱ء پر نظرثانی کے علاوہ بھی عائلی قوانین پر کام کیا ہے۔ مثلا: کونسل نے قانون پابندی نکاح صغار ۱۹۲۹ء پر اپنے اجلاس منعقدہ ۱۳ فروری ۱۹۸۳ء بصدارت چیئر مین کونسل جسٹس ڈاکٹر تنزیل الرحمن میں غور کیا۔ عائلی قوانین مجریہ ۱۹۶۱ء کے بارے میں کونسل کی سابقہ ترامیم بھی زیر غور آئیں اس ضمن میں قانونی اور شرعی سن بلوغ پر بھی بحث ہوئی۔ کونسل نے اتفاق رائے سے حسب ذیل سفارش منظور کی: اگر لڑکا اور لڑکی شرعا بالغ ہو جائیں تو قانون کے تحت مقرر کردہ عمر کو پہنچنے سے پہلے ان کو بلدیاتی کونسل کے چیئر مین سے اجازت حاصل کر کے نکاح کی اجازت ہونی چاہیے۔[53]

لاء کمیشن نے ظالمانہ طلاق، اس پر تعزیر اور متعہ طلاق کے بارے میں استفسار کے لیے بذریعہ مراسلہ نمبر 1/87/Plc/Le مورخہ ۲۰ دسمبر ۱۹۹۳ء کونسل کو بھیجا تھا۔ اور اس میں یہ تجویز دی کہ ۱۹۶۱ء کے مسلم عائلی قوانین اور مغربی پاکستان کی عائلی عدالت کے قانون ۱۹۶۴ء میں ترمیم کی جائے۔[54] اس سلسلے میں سابق چیئر مین کونسل مولانا کوثر نیازی (مرحوم) نے کمیشن کی میٹنگ منعقدہ ۱۶ فروری ۱۹۶۴ء میں شرکت کی اور اس پر جو ملاحظات پیش کیں اس کا خلاصہ یوں ہے کہ: آیا مرد کے طلاق دینے کے حق پر پابندیاں عائد کی جاسکتی ہیں، اس بارے میں اسلامی احکام بالکل واضح ہیں خاوند کے حق طلاق پر کوئی شرائط لاگو نہیں کی جاسکتیں۔ متعہ طلاق پر اسلامی مکاتب فکر میں اخلاف رائے موجود ہے۔ حتمی نقطہ نظر یہ ہے کہ اگر ازدواجی تعلق قائمنہ ہوا ہو تو نصف مہر مع متاع دینے کا پابند ہے بصورت دیگر لازمی نہیں۔ لہذا موجودہ قوانین میں ترمیم سے متعلقہ کو فائدہ نہیں پہنچے گا۔ البتہ ریاست کو ذمہ دار ٹھہرایا جانا چاہیے کہ وہ مطلقہ بے سہارا عورت کو نان ونفقہ مہیا کرے۔[55] یہ استفسار کونسل کے ۱۳۳ ویں اجلاس منعقدہ ۲۲ جون ۱۹۹۸ء میں دوبارہ زیر غور آیا اور یہ طے پایا کہ جب شوہر ظلما طلاق دے تو طلاق واقع ہو جائے گی مگر شوہر تعزیرا سزا کا مستوجب ہوگا۔ تعزیر کی صورت پر یہ طے پایا کہ مولانا ارشاد

(52) سالانہ رپورٹ ۲۰۱۲ء-۲۰۱۳ء اسلامی نظریاتی کونسل اسلام آباد، ص ۶۳۔
(53) سالانہ رپورٹ ۱۹۸۲ء- ۱۹۸۳ء اسلامی نظریاتی کونسل اسلام آباد۔
(54) دیکھیے متن: سالانہ رپورٹ ۱۹۹۷ء- ۱۹۹۸ء اسلامی نظریاتی کونسل اسلام آباد، ص ۸۳ - ۸۶۔
(55) ایضاص ۸۶-۸۷۔

الحق اثری صاحب، مولانا غلام رسول سعیدی صاحب اور مولانا عبد المالک صاحب غور و خوض فرما کر مدلل آراء دفتر کو بھیجیں گے۔ کونسل میں اس مسئلے پر دو آراء تھیں ایک یہ کہ تعزیری سزا ہونی چاہیے اور دوسری یہ کہ نہیں ہونی چاہیے۔

بعد ازاں ۲۹ ستمبر ۱۹۹۸ء مذکورہ محترم اراکین کی خدکت میں دوبارہ مراسلہ ارسال کیا گیا جس میں یہ تجویز دی گئی کہ عورت کو طلاق دینے کی صورت میں مطلقہ کے لیے سورہ بقرہ کی آیت ۲۴۱ ﴿وَلِلْمُطَلَّقَاتِ مَتَاعٌ بِالْمَعْرُوفِ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِينَ﴾ کی اراکین کی طرف سے مدلل آراء پیش کی گئیں۔ مولانا عبد المالک کی رائے میں عدالت عدل کا حکم دیتی ہے اگر شوہر عدل نہیں کرتا تو تعزیری سزا کا مستحق ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ طلاق دینا مرد کا حق ہے اس پر کوئی پابندی عائد نہیں کی جاسکتی۔ لیکن اگر طلاق عورت کو کسی حق سے محروم کرنے کے لیے ہو تو وہ مستحق تعزیر ہوگا۔ متعہ طلاق کے بارے میں ان کا کہنا ہے کہ قرآن کریم میں متعہ الطلاق سے مراد مطلقہ کو عدت کے بعد نان نفقہ نہیں ہے۔ عدت کے بعد تو اس کی حیثیت تو اجنبی کی ہے۔ شوہر کی بجائے ذمہ داری اس کے ماں باپ اور دیگر اور دیگر اقرباء یا پھر حکومت پر ہے۔ مولانا غلام رسول سعیدی صاحب نے کہا کہ مالی جرمانے کے صورت میں تعزیری سزا دینا جائز ہے۔ اور متعہ الطلاق کے بارے میں انہوں نے کہا کہ عمل زوجیت کے بعد طلاق دی گئی تو متاع واجب ہے اور باقی صورتوں میں مستحب ہے۔ اسی طرح مولانا اعشاد الحق اثری صاحب کا کہنا ہے کہ طلاق دینے پر خاوند کو تعزیری سزا کا مستوجب قرار نہیں دیا جاسکتا۔ اور متعہ کے بارے میں ان کی رائے یہ ہے کہ اسے وجوب کا درجہ دے کر قانون سازی کی ضرورت ہے تاکہ عورت کی دادرسی ہو سکے۔ کونسل میں اس موضوع پر بحث مکمل نہ ہو سکی، لہذا کونسل کی طرف حتمی فیصلہ آئندہ اجلاس تک ملتوی کر دیا گیا۔ (56)

روزنامہ ڈیلی پاکستان، کراچی کے جائنٹ ایڈیٹر جناب مبشر میر نے اپنے مراسلہ ۱۲ دسمبر ۲۰۰۶ء بنام چیئرمین کونسل کو عدت کی مدت میں اپنی آراء کا اظہار کرتے ہوئے تجویز کیا کہ عموماً عدت کی مدت ۹۰ دن ہے۔ اس کا میڈیکل سائنسز کی جدید روشنی میں مطالعہ کیا جائے اور اس مدت کو ختم کر کے عورت کو معاشرے میں فعال کردار ادا کرنے کا حق دیا جائے۔ بحث و تمحیص کے بعد کونسل کے شعبہ تحقیق نے یہ رپورٹ تیار کی ا

---

(56) سالانہ رپورٹ ۱۹۹۷ء — ۱۹۹۸ء اسلامی نظریاتی کونسل اسلام آباد، ص ۱۱۶۔

ور تین اراکین کے اختلاف کے ساتھ کثرت رائے سے یہ فیصلہ کیا کہ طبّی تحقیقات کی بنیاد پر عدت کی مدت مقرر کی جاسکتی ہے جبکہ جناب جسٹس (ر)ڈاکٹر منیر احمد مغل، جناب مولانا سید ذاکر حسین شاہ سیالوی اور جناب مولانا عبداللہ خلجی کی اخلافی رائے یہ کہ: عدت کی مدت منصوص ہے لہذا طبّی تحقیقات کی بنیاد پر عدت مقرر نہیں کی جاسکتی۔[57]

وزارت مذہبی امور کی تحریک پر جب یہ تجویز سامنے آئی کہ ایک سہ ماہی/سالنامہ رسالہ "اجتہاد" کے نام سے شائع کیا جائے تاکہ تحقیقات کو سامنے لایا جاسکے۔ کونسل نے اس تجویز سے اتفاق کیا اور فیصلہ کیا کہ یہ رسالہ سہ ماہی ہو گا۔ بعد میں کونسل نے اپنے ۱۵۶ ویں اجلاس منعقدہ ۲۲- ۲۳ نومبر ۲۰۰۴ء میں فیصلہ کیا کہ رسالہ اجتہاد سالنامہ کے طور پر شائع کیا جائے گا۔[58] دسمبر ۲۰۱۲ء میں آٹھواں شمارہ عائلی مسائل، شریعت اسلامیہ اور معاشرتی و تہذیبی مسائل پر شائع کیا گیا۔

مولانا محمد صدیق ہزاروی نے تجویز دی کہ طلاق ثلاثہ کو قابل تعزیر بنانے کے لیے قانون سازی کی جائے تاکہ بیک وقت تین طلاقیں دینے کا راستہ مسدود ہو جائے۔ کونسل نے اس موضوع کو زیر غور لانے کی منظوری دے دی۔[59] کونسل کے ۱۷۵ ویں اجلاس کے فیصلے کے مطابق کونسل نے ان امور پر غور خوض کے لیے ایک لیگل کمیٹی قائم کی جو زیر بحث معاملے کے تفصیلی پیپرز تیار کر کے دلائل دے گی۔[60]

اس کے بعد لیگل کمیٹی نے یہ تجویز پیش کی کہ عائلی قوانین کی دفعات ۴،۵،۶،۷،۸ کا فیصلہ شریعت کورٹ نے کر دیا ہے جو کہ چھپ چکا ہے، وفاقی شریعت کورٹ کا یہ فیصلہ سپریم کورٹ میں ابھی زیر سماعت ہے۔ اصولی طور پر عدالت میں جو فیصلے زیر بحث ہوتے ہیں، ان پر کوئی رائے نہیں دی جاسکتی اور ادب کا بھی یہی تقاضا ہے۔ کونسل نے اس تجویز سے اتفاق کرتے ہوئے سپریم کورٹ کا فیصلہ آنے تک اس مسئلے پر غور ملتوی کر دیا۔[61]

---

(57) سالانہ رپورٹ ۲۰۰۶ء- ۲۰۰۷ء اسلامی نظریاتی کونسل اسلام آباد، ص ۱۱۸۔
(58) سالانہ رپورٹ ۲۰۰۴ء- ۲۰۰۵ء اسلامی نظریاتی کونسل اسلام آباد، ص ۲۶۸۔
(59) سالانہ رپورٹ ۲۰۰۹ء- ۲۰۱۰ء اسلامی نظریاتی کونسل اسلام آباد، ص ۲۵۔
(60) ایضاً، ص ۱۲۲۔
(61) سالانہ رپورٹ ۲۰۰۹ء- ۲۰۱۰ء اسلامی نظریاتی کونسل اسلام آباد، ص ۱۹۶۔

خلاصہ کلام یہ ہے کہ مقالہ ہذا میں اسلام کے عائلی قوانین کے نفاذ میں اسلامی نظریاتی کونسل کے کردار کا جائزہ لیا گیا ہے۔ کونسل کی سفارشات گہرے غور و فکر کے بعد اور کونسل کے ممبران کے وسیع تجربے کی روشنی میں مدون کی گئی ہیں۔ کونسل کی سفارشات صرف قوانین میں تبدیلی سے متعلق ہی نہیں بلکہ ان میں عملی تجاویز بھی شامل ہیں۔ افسوس کہ کونسل کی اکثر سفارشات صرف فائلوں میں بند ہیں۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ اسلامی نظریاتی کونسل کی حیثیت پاکستانی آئین کے مطابق بحال کی جائے یہ اس صورت میں ہو گا جب حکومت پاکستان اسلامی نظریاتی کونسل کی سفارشات کو اہمیت دے اور انہیں ملک میں نافذ کرنے کی کوشش کرے۔

☆☆☆